# ہومیو پیتھک

## مکمل اور محفوظ علاج

ڈاکٹر ریکویگ
مخصوص ادویات



ڈاکٹر ریکویگ اینڈ کو
جرمنی

ہندوستان میں ڈاکٹر روشن لال اگروال اینڈ سنس پرائیویٹ لمیٹڈ

16 نیتاجی سبھاش مارگ نئی دہلی 110002
فون نمبر 23271372
www.reckeweg-india.com

اردو ترجمہ
محمد یوسف - چھوٹی مہولی، پوسٹ بندھولی، وایا جوگیارا، ضلع دربھنگہ (بہار) پن نمبر 847303

یہ کتاب مفت ہے۔

# DIABETES ???

R-40

*Trust us completely*

DR. RECKEWEG & CO

GERMANY

## برائے معالجین

ہومیوپیتھک مکمل اور محفوظ علاج ہومیوپیتھک (آر) فارمولاز:
کا اردو ترجمہ کتاب اب آپ کے ہاتھوں میں ہے ہم نے اب تک اپنے قارئین کے سامنے فصیح اللسانی ادب عالیہ کو پیش کیا ہے۔ جو افادیت سے خالی نہیں۔ اس کتاب میں ڈاکٹر ریکویگ کے منتخب کردہ ادویات آر ۱ تا آر ۸۹ (R1to89) مخصوص ادویہ کی فہرست کے ساتھ اجزاء ادویات، امراض و اسباب و علامات کی مختصر تشریح بھی لکھی گئی ہے۔ جو کہ پرائیویٹ میڈیکل پریکٹیشنرز مصروف علاج معالجہ عوام و خواص تمام کیلئے انتہائی مفید اور سودمند ہو(90) ہومیوپیتھک مخصوص دوائیاں بغیر الکحل اور بغیر جلن سیریا مارٹیما آئی ڈراپس کا خلاصہ دیا گیا ہے۔ حال ہی میں ہندوستانی بازار میں دستیاب بایوکیمک ٹیبلیٹس (3x-200x) بایوکیمک مکچر (1-28) ڈائلوشن (3x، 6، 30، 200، 1M، 10M، 50M اور (CM) اور مدر ٹنکچر کی فہرست اسمیں شامل نہیں کی گئی ہے جو کہ نزدیکی فروخت دکانداروں سے ڈاکٹر ریکویگ پیک شدہ دوائیں حاصل کیجا سکتی ہیں۔

ہومیوپیتھک ادویہ ہر قسم کی جلدی بیماریوں کا مکمل اور تسلی بخش علاج کرتی ہے۔ اور دور جدید میں زیادہ سے زیادہ لوگ جلدی امراض سے متاثر ہے۔ جبکہ انگیریزی دوائیوں میں جلدی امراض کا مکمل علاج ہی نہیں۔ روز مرہ بھاگ دوڑ کی زندگی میں خالص جرمنی ڈاکٹر ریکویگ کی ہومیوپیتھک ادویہ کا انتخاب کرتے ہیں تو یقیناً اس پیچیدہ جلدی امراض سے آپ محفوظ ہو سکتے ہیں۔ غور طلب یہ ہے کہ زمانہ قدیم ہومیوپیتھک ادویہ کے مرکبات میں جن جڑی بوٹیوں کا استعمال کیا جاتا تھا وہ اتنی زیادہ قوی موثر نہیں ہوا کرتی تھی۔

# ہومیوپیتھی

## مکمل اور محفوظ علاج کے لئے۔

پیچیدہ و موذی امراض سے نجات پانے کیلئے ہومیوپیتھی کا آسان اور سہل طریقہ۔ ہومیوپیتھی۔ بہت مشکل والے الفاظ اور ایک ایسا مکمل علاج جسکی ایجاد ورگرک زبان سے ہوئی ہے۔ جو نہایت ہی نرم و نازکی کا خاص خیال رکھتے ہوے تیار کیا جاتا ہے۔ ہومیوپیتھی کیمیاوی ادویہ بہت جلد اعضاء جسم میں پیوست ہو کر نظام افعال کو درست کر کے ایک قدرتی تقویت فراہم کرتی ہے۔ عارضی مفاد (Allopathy) علاج کے طریقے میں کثرت سے کیمیکل (Chemical) کا استعمال کیا جاتا ہے جسکے نتیجہ میں مریض مرض سے کم اور دواؤں کے برے اثرات زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ جو یہاں واضح طور پر خلاصہ ہوگیا ہے (Remedy is worse than the disease) لیکن ہومیوپیتھی کا علاج مکمل طور پر تمام نقصان دہ خطرہ سے محفوظ ہیں اسلئے ہومیوپیتھی آر فارمولا کو مکمل اور محفوظ کہا جاتا ہے۔ دیکھنے والی بات یہ ہے کہ پہلے کے مریض سے اب کے زمانے کا مریض کہیں زیادہ ذی شعور ہے لیکن آج بھی (Allopathy) کے لمبے علاج سے کتراتے ہیں ہومیوپیتھی کی شہرت یابی کی وجہ خود ہومیوپیتھی کی اچھی خصوصیت ہے جو اکثر و بیشتر مریضوں کے پیچیدہ امراض میں جیسے دواؤں کی ضرورت پیش آتی گئی ویسے ہی مقبولیت عام ہوتی گئی اور ڈاکٹروں کو بھی دواؤں کے تجویز کرنے میں آسانی ہوتی گئی ساتھ ہی دواؤں کے مؤثرات میں بھی اضافہ ہوتا گیا اگر ہم اسکو یہ کہیں تو بالکل غلط نہیں ہوگا کے پہلے سے کئی گنا زیادہ مؤثر ہومیوپیتھی فارمولے کا دنیا میں ثانی تولّد ہوا۔

## ہومیوپیتھی دراصل کیسے کام کرتی ہے؟

ہومیوپیتھی کے ایجاد کردہ علوم وفنون کے ماہرین معزز جرمن ڈاکٹر اور قدرتی سائنس دان سیموال ہینی من نے دوسو سال پہلے ہی اس کارکردگی کو ایک چھوٹے سے محاورہ میں محدود کردیا تھا (Similia similibus curentur) یعنی علامات کا علاج ہم علامات کے ذریعہ۔ اس ریسرچ کو سیموال ہینی من نے خود اپنے تجربات سے حاصل کیا تھا جو انسانوں کے امراض کے علامات میں اہم علامات پیدا کر کے جسمانی نظام وافعال کو درست کرتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی ڈاکٹر ریکویگ کی ایجاد کردہ وقیق نسخہ آر (R) فارمولاز (جرمن Gastreu group) کی دواؤں میں مستعمل ہے۔ اور معالجین حضرات کو چاہیئے کے علاج شروع کرنے سے پہلے مکمل طور پر مرض کی صحیح تشخیص کرلیا جائے تو یقیناً یہ ہومیوپیتھی فارمولا بہت کم وقت میں جلد از جلد بیماریوں کو رفع کر کے ایک قدرتی صحت وتندرستی فراہم کرتی ہے۔

# ایک شروعات

ڈاکٹر ریکویگ کے ادویات کی خصوصیت یہ ہے کہ نئے سائنسی آلات سے آراستہ لیبوریٹریز کے ذریعہ کوالی فائڈ ماہرین کی نگرانی میں تیار اور پیک شدہ دواؤں تک کے جملہ معیارات کو باقاعدہ استحکام دیتی ہے۔

ان میں کنٹرول لیبوریٹریز جو دواؤں کی تیاری کے دوران ان پر سائنٹی فک کنٹرول قائم رکھتی ہے تاکہ ہر دوا کا مقررمعیار قائم رہ سکے جن میں تیار شدہ دواؤں کا بھی تجربہ کیا جاتا ہے کہ ان میں تمام اجزاء متعینہ معیار کے مطابق موجود ہیں یا نہیں ڈاکٹر ریکویگ نے اپنی تمام ادویات کو اپنے اسپتال میں سالہا سال تجربات کے بعد تیار کیا ہے جسکی وجہ یہ ادویات اپنی کارکردگی میں نہایت مفید اور دنیا بھر میں مستند خیال کیے جاتے ہیں فارمولوں کی اثر انگیزی عالمی شہرت کی حامل ہیں

ان کی تیاری اصل جرمن ہومیو پیتھک طریقے (Phormacopoeia) کے ذریعے کی جاتی ہے جس سے دواؤں کے مؤثر اجزاء ضائع نہیں ہوتے یہ طریقہ ڈاکٹر ریکویگ کی ادویات کو منفرد اور با اعتماد بناتا ہے

دواسازی کا اعلاترین معیار قائم کرنے کیلئے ہینرچ ریکویگ نے 1877 سے 1944 میں طویل جدوجہد کے بعد سائنسی آلات سے آراستہ لیبوریٹریز یوفا کے نام سے قائم کیا تھا جو کہ 1944 میں ریکویگ کمپنی پوری طرح وجود میں آئی اور اسطرح دن بدن دواؤں کی مانگ بڑھتی گئی الحمداللہ آج ہندوستان کے علاوہ چالیس سے بھی زیادہ ممالک میں اعتماد اور کامیابی کے ساتھ زیر استعمال ہیں۔

غور طلب یہ ہے کہ زمانہ قدیم ہومیو پیتھک ادویہ کے مرکبات جن جڑی بوٹیوں کا استعمال کیا جاتا تھا وہ اتنی زیادہ قوی مؤثر نہیں ہوا کرتی تھی۔

# بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت

حیاتیاتی میکانیات کیمیاوی ادویہ سے علاج کرنے والے معالجین کی تعداد میں آئے دن اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے کیونکہ ہومیوپیتھی رگرک زبان میں ایجاد ہونے کے بعد سالہا سال کی محنتوں کی کاوشوں کا ماحصل ہے جو کہ اب آسان اور سہل زبان میں عوام تک پہنچ رہا ہے۔ ہومیوپیتھی کی مقبولیت اور اہم خاصیت یہ ہے کہ آر فارمولاز کے کیمیاوی اجزاء کے ہر ذرات میں مہلک وموذی امراض سے مقابلے کی بیش بہا تقویت موجود ہے جو استعمال کے چند دنوں میں ہی مریض اور معالجین اس فارمولے کے ممنون ہو جاتے ہیں۔ بعض اشخاص ہومیوپیتھی کو صرف پیچیدہ ومہلک امراض کی ہی دوائیں سمجھتے ہیں۔ اور یہی وجہ ہے کہ اس آر (R) فارمولے کو مسیح الاشرف المخلوق سمجھا جاتا ہے:

ہمارے ہومیوپیتھی دواسازی کے دوران نہایت ہی احتیاط کے ساتھ مفرد اجزاء کا تجویز کر کے مصروف عمل میں لایا جاتا ہے جس کے استعمال یا زیادہ استعمال سے بھی فائدہ کے علاوہ نقصان کا ڈر نہیں رہتا۔ ایک خالص ہومیوپیتھی دوائیں جو کم سے کم دوا کے استعمال سے پیچیدہ وموذی امراض سے چند دنوں میں نجات دلا کر صحت کامل وبا اعتماد بناتی ہے۔ ہومیوپیتھی سے ناآشنا معالجین حضرات کیلئے امراض کے علامات کی تشخیص اور دواؤں کا منتخب کرنا بڑا مشکل کام ہوتا ہے اور غور طلب ہے کہ ان کے پاس وقت کی بھی قلت ہوتی ہے اسلئے معالجین کیلئے اس بات کا فائدہ ہے کہ ان کے پاس ایک ایسا طریقہ ہو کے جس سے انہیں اتنی محنت نہ کرنی پڑے بلکے تیار شدہ دواؤں میں یک بعد دیگر دواؤں کا تجویز کر سکیں۔ اور آپ سمجھ چکے ہیں کے آر (R) فارمولا بیماریوں اور اسکی نوعیت علامات کا خاص خیال رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے جو تمام خطرہ سے محفوظ (حفظ ما تقدم) ہے۔ اور یہی وجہ ہیکہ ہندوستان ہی نہیں بلکے ایشیا اور یورپی ممالکوں میں سو فیصدی یقین وبا اعتماد کے ساتھ زیر علاج ہے۔

# مقدارِ خوراک :

ہماری مخصوص ادویہ کے استعمال کے متعلق دیئے گئے صلاح کا

خیال رکھتے ہوئے (Instruction): یہ دوائیں جو ڈراپس کی شکل میں ہیں اس

کے استعمال کا طریقہ عام طور پر خالی پیٹ ایک چھوٹے چمچہ پانی میں ڈال کر لی جاتی ہے

۔اگر دن میں تین بار لینا منظور ہو تو صبح پہلی خوراک خالی پیٹ لینی چاہیئے دوسری دوپہر

میں کھانے سے قبل اور تیسری سونے سے پہلے لینی چاہیئے اگر دوا کی خوراک زیادہ لینے

کی اجازت ہو تو ٹھیک بالا طریقہ کے مطابق وقفہ وقفہ یک بعد دیگر خوراکیں لیتے رہنی

چاہیئے ۔اور کئی دنوں تک دوا لینے کے بعد بھی کوئی خاص فائدہ نہ ہو تو بغیر ہچک خوراک

بڑھا دینی چاہیئے اگر مرض شدید ہو تو جلد جلد دوا کا استعمال کرنا چاہیئے ۔ہماری دواؤں

کا استعمال اندرونی اعضاء جسم میں بیماریوں سے لڑنے کی قدرتی طاقت پیدا کرتی ہے

اور اس ہومیوپیتھک ادویہ کی خاصیت یہ ہے کہ خوراک کی مقدار زیادہ لینے پر بھی بالکل

کوئی خطرہ و نقصان کا ڈر نہیں رہتا غور طلب بات یہ ہے کہ اگر شدید بخار ہو اور 24 گھنٹے

کے اندر بخار میں کوئی فائدہ نظر نہیں آئے تو لہٰذا مرض کے جلدی سدھار ہونے کیلئے کوئی

اینٹی بایوٹک دوا کا امدادی طور پر استعمال کرنے پر افاقہ ہو سکتا ہے۔ کیونکہ یہ دوا جراثیمی

حملے کو روک کر جسم میں اندرونی تقویت پہنچا کر جسم کو بیماری سے محفوظ رکھتی ہے۔ ہماری

جراثیمی ادویہ کو آزمائش یا پرکھنے کی ضرورت نہیں پڑتی کیونکہ سالہا سال تجربات و

ریسرچ کے بعد یہ دوا عوام تک پہنچی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جسم کے ہر گوشہ میں بیماریوں

سے مقابلے کرنے کی تقویت فراہم کرتی ہے۔ مذکورہ بالا کو کم سمجھنا غلط ہوگا۔ مختلف پرانی

بیماریوں میں استعمال کے کچھ عرصہ بعد مریض خود اپنے آپ کو یہ محسوس

کریگا کے میں اب تندرست ہو رہا ہوں۔ ہم کوئی بھی جانکاری امراض و علاج کے متعلق

محفوظ و مکمل دیجئے۔ لیکن دوسرے طرف ہم ان معالجین حضرات کے تجربات جاننا چاہنگے جنہوں نے ہماری ادویہ کے استعمال میں نیا یا مخصوص مؤثرات محسوس کیا ہو۔

# ڈاکٹر ریکویگ ہومیوپیتھک مخصوص ادویہ

ڈاکٹر ریکویگ R1.......................... سوزش اور سوجن کی دوا

Inflammation Drops

ڈاکٹر ریکویگ R2.......................... دل کی بیماریوں کے لئے

Gold Drops

ڈاکٹر ریکویگ R3.......................... دل کی بیماریوں کے متعلق ڈراپس

Heart Drops

ڈاکٹر ریکویگ R4.......................... (اسہال) دستوں کی دوا

Diarrhoea Drops

ڈاکٹر ریکویگ R5.......................... پیٹ و معدے کے زخم اور تیزابیت کی دوا

Stomach Drops

ڈاکٹر ریکویگ R6.......................... نزلہ زکام اور موسمی بخار کی دوا

Influenza Drops

ڈاکٹر ریکویگ R7.......................... جگر اور پتے کی دوا

Liver & Gallbladder Drops

جوتوسن۔ڈاکٹر ریکویگ R8............ کھانسی کے لئے سیرپ

Cough Syrup

جوتوسن۔ڈاکٹر ریکویگ R9............ کھانسی کے لئے ڈراپس

Cough Drops

ڈاکٹر ریکویگ R10.......................... ماہواری (حیض) بند کی تکلیفوں کی دوا

Climacteric Drops

ڈاکٹر ریکویگ R11.......................... گٹھیا کے درد کی دوا

Rheuma Drops

ڈاکٹر ریکویگ R12.......................... خون کے رگوں کی سختی، ہائی بلڈ پریشر کی دوا

Calcification Drops

ڈاکٹر ریکویگ R13.......................... بواسیر کے لئے

Hemorrhoidal Drops

ڈاکٹر ریکویگ R14.......................... اعصابی خرابیاں اور نیند کے لئے

Nerve & Sleep Drops

ڈاکٹر ریکوییگ ویٹاسی 15............. اعصابی وجسمانی مقوی و راحت کے لئے
Nerve Tonic

ڈاکٹر ریکوییگ ویٹاسی 15 فورٹ...... عام جسمانی کمزوری کی طاقت کے لئے
Nerve Tonic, Forte Version

ڈاکٹر ریکوییگ R16.................. آدھے سر کے درد اور اعصابی درد کی دوا
Migraine & Neuralgia Drops

ڈاکٹر ریکوییگ R17.................. گلٹیوں و کینسر کے گانٹھوں کے لئے
Tumour Drops

ڈاکٹر ریکوییگ R18.................. گردے اور پیشاب کی تھیلی کے لئے
Kidney & Bladder Drops

ڈاکٹر ریکوییگ R19.................. مردوں کے گانٹھ (غدود) کے لئے
Glandular Drops

ڈاکٹر ریکوییگ R20.................. عورتوں کی گانٹھ (غدود) کے لئے
Glandular Drops for women

ڈاکٹر ریکوییگ R21.................. خون اور جلدی امراض کے لئے
Reconstituant Drops

ڈاکٹر ریکوییگ R22.................. دل کے درد کی خاص دوا ہے
Drops for Nervous Disorders

ڈاکٹر ریکوییگ R23.................. چھاجن، داد، چنبل اور ایگزیما کی دوا
Eczema Drops

ڈاکٹر ریکوییگ R24.................. پھیپڑے کے جھلی کی سوزش، پسلیوں کی دوا
Pleurisy, Intercostal Neuralgia

ڈاکٹر ریکوییگ R25.................. پراسٹیٹ غدود کی سوزش کے لئے
Prostatitis

ڈاکٹر ریکوییگ R26.................. بیماریوں کے بعد کی کمزوری، مقوی ڈراپس
Draining & Stimulating Drops

ڈاکٹر ریکوییگ R27.................. گردے کی پتھری کے لئے
Renal Calculi Drops

ڈاکٹر ریکوییگ R28.................. ماہواری (حیض) کی خرابیوں کی دوا
Dysmenorrhea, Amenorrhea

ڈاکٹر ریکویگ R29.................... سر چکرانا اور غشی کے لئے

Vertigo, Syncope

ایڈومیر ہیکران۔ڈاکٹر ریکویگ R30.. ہر قسم کے درد کے لئے مرہم

Universal Ointment

ڈاکٹر ریکویگ R31.................... بھوک بڑھانے، خون پیدا، جگر کی مقوی دوا

Energizes the appetite, Increases Blood Supply, Strengthens the Liver

ڈاکٹر ریکویگ R32.................... کسی بھی وجہ سے پسینے کا زیادہ آنا

Hyperhydrosis of Varying Genesis

ڈاکٹر ریکویگ R33.................... مرگی کے دورے کا علاج

Constitutional Treatment in epilepsy

ڈاکٹر ریکویگ R34.................... ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی اور کمزوری کے لئے

Recalcifying Drops

ڈاکٹر ریکویگ R35.................... دانت نکلنے میں تکلیف اور درد کی دوا

Teething Aches Drops

ڈاکٹر ریکویگ R36.................... نس (اعصابی) امراض بدن کا کانپنا

Diseases of the nerves, Chorea, St.Vitus, Dance

ڈاکٹر ریکویگ R37.................... آنتوں کے درد کے لئے

Intestinal Colic Drops

ڈاکٹر ریکویگ R38.................... پیٹ کے داہنی جانب کے امراض کی دوا

Affections of the abdomen, Right Side

ڈاکٹر ریکویگ R39.................... پیٹ کے بائیں جانب کے امراض کی دوا

Affections of the Abdomen, Left Side

ڈاکٹر ریکویگ R40.................... شکر کی بیماری (ذیابیطس) کی دوا

Treatment of Diabetes

ڈاکٹر ریکویگ R41.................... ضعف باہ، اعصابی اور جنسی کمزوری

Sexual Neurasthenia Drops

ڈاکٹر ریکویگ R42.................... رگوں کا پھیلنا یا رگوں کی سوجن و جلن

Venous Stasis, Varicosis, Inflammation of the veins

ڈاکٹر ریکویگ R43.................... دمے کی دوا

Against Asthma - Asthmatic Constitution

ڈاکٹر ریکوٹیگ R44........................ دوران خون کی خرابی اور لو بلڈ پریشر...
Disorders of the blood Circulation, Hypotony

ڈاکٹر ریکوٹیگ R45........................ حلق کی بیماریاں، آواز میں خرابی کی دوا
Illnesses of he Larynx & Upper Breathing Apparatus

ڈاکٹر ریکوٹیگ R46........................ بازو اور ہاتھوں کے جوڑوں میں درد
In Rheumatism of Fore-Arms & Hands

ڈاکٹر ریکوٹیگ R47........................ ہر قسم ہسٹیریا (اختناق الرحم) کی دوا
All Hysteric Complaints

ڈاکٹر ریکوٹیگ R48........................ پھیپھڑوں کی بیماریوں کے لئے
Pulmonary Diseases

ڈاکٹر ریکوٹیگ R49........................ تیز اور پرانے نزلہ زکام، سوزش کی دوا
Acute & Chronic Catarrh, Sinusitis

ڈاکٹر ریکوٹیگ R50........................ زنانہ امراض، کمر، ریڑھ کی ہڈیوں کی دوا
Gynecological Sacroiliac Complaints, Pain in Sacral Region (Women)

ڈاکٹر ریکوٹیگ R51........................ گھینگھا کے امراض کے لئے
Thyroid Intoxication

ڈاکٹر ریکوٹیگ R52........................ قے، متلی، سفر میں ہونے والے امراض
Vomiting, Nausea, Travel Sickness

ڈاکٹر ریکوٹیگ R53........................ جوانی شروعات کے مہاسے، دانے
Acne Vulgaris, Rash at Puberty

ڈاکٹر ریکوٹیگ R54........................ دماغی کمزوری کے لئے
Functional Disturbances of the Brain

ڈاکٹر ریکوٹیگ R55........................ ہر طرح کے چوٹ اور زخم کے لئے
All Kinds of Injuries, Healing Effect on Wounds

ڈاکٹر ریکوٹیگ R56........................ پیٹ کے کیڑوں کو نکالنے کی دوا
Vermifuge

ڈاکٹر ریکوٹیگ R57........................ پھیپھڑوں کو طاقت دینے والی دوا
Pulmonary Tonic

ڈاکٹر ریکوٹیگ R58........................ گردے اور دل کی پرانی بیماریوں کے لئے
Against Hydrops, Stimulates the Renal Function

ڈاکٹر ریکویگ R59 ........................ موٹاپا روکنے، موٹاپا کم کرنے کی دوا

Against Obesity, Slimming effect

ڈاکٹر ریکویگ R60 ........................ خون صافی (خون صاف کرنے کی دوا)

Bolld Purifier

ڈاکٹر ریکویگ R62 ........................ بلغمی چھلتی، سوزش و سوجن، خسرہ کی دوا

Measles Drops

ڈاکٹر ریکویگ R63 ........................ دورانِ خون کو درست کرنے کی دوا

Drops for Impaired Circulation

ڈاکٹر ریکویگ R64 ........................ پیشاب میں البومین (دھات) کی دوا

Albuminuria Drops

ڈاکٹر ریکویگ R65 ........................ سوریاسس چنبل (سرخ چکتوں) کی دوا

Psoriasis Drops

ڈاکٹر ریکویگ R66 ........................ دل کی حرکت کی بے قاعدگی کی دوا

Cardiac Arrhythmia Drops

ڈاکٹر ریکویگ R67 ........................ دورانِ خون کی خرابی و کمزوری کے لئے

Drops for Circulatory Debility

ڈاکٹر ریکویگ R68 ........................ ہرپیز، داد، خسرہ، پھپھولے کے لئے

Shingles Drops

ڈاکٹر ریکویگ R69 ........................ پسلیوں کے بیچ ہونے والے درد کے لئے

Drops for pain Between the Ribs

ڈاکٹر ریکویگ R70 ........................ اعصابی درد کے لئے (چہرے و جسم کی دوا)

Neuralgia Drops

ڈاکٹر ریکویگ R71 ........................ عرق النساء (نس کا درد) ڈراپس

Sciatica Drops

ڈاکٹر ریکویگ R72 ........................ غدود ہاضمہ، لبلبے کے لئے

Pancreas Drops

ڈاکٹر ریکویگ R73 ........................ جوڑوں کے درد کے لئے

Drops for the Joints

ڈاکٹر ریکویگ R74 ........................ نیند میں پیشاب نکل جانے پر

Drops for Nocturnal Enuresis

ڈاکٹر ریکوئیگ R75.................... ماہواری کی تکلیف و درد کے لئے
Dysmenorrhoea Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R76.................... دمے کے بیماریوں کی فورٹ ڈراپس
Asthma Forte Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R77.................... تمباکونوشی (سگریٹ) چھڑانے کے لئے
Anti-Smioking Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R78.................... آنکھوں کی حفاظت کے لئے ڈراپس
Eye Care Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R81.................... درد کو دور کرنے والی دوا
Maldol - Analgesic

ڈاکٹر ریکوئیگ R82.................... مائی کاکس۔ پھپھوندی کی بیماریوں کے لئے
Mycox - Anti Fungal Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R83.................... غذائی الرجی ڈراپس
Food-Allergy Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R84.................... سانس کے ذریعہ پیدا ہونے والی الرجی
Inhalent - Allergy Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R85.................... ہائی بلڈ پریشر ڈراپس (خون کے دباؤ)
High Blood Pressure

ڈاکٹر ریکوئیگ R86.................... خون میں شگر کی کمی (ازالہ ڈراپس)
Hypoglycemia Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R87.................... بیکٹیریا (جراثیم) کے خاتمہ ڈراپس
Anti-Bacterial Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R88.................... وائرس خاتمہ ڈراپس
Anti-Viral Drops

ڈاکٹر ریکوئیگ R89.................... گنج اور بالوں کا گرنا (بالوں کے لئے)
Hair Related Problems

ڈاکٹر ریکوئیگ۔ الفالفا ٹانک.............. عام جسمانی طاقت کے لئے ٹانک
General Tonic - Energizes Vital Function

# ڈاکٹر ریکویگ R1
## Inflammation Drops
### سوزش اور سوجن کی دوا

**اجزاء :** ایپس میل D4 ، بیریئم کلوریٹ D6 ، بیلاڈونا D4، کیلشیم آیوڈیٹ D4، ہیپر سلف D12، کالی بائی کروم D4، میرم ویرم D4، مرکر سکبور D4 لیکے سس D12، فائٹو لیکا D4

**علامات :** نئی و پرانی سردی، نزلہ کی شکایت ہونے یا کسی بھی مقام پر پیپ دار سوجن یا سوزش والی سوجن، غدود کی سوجن نیز جراثیمی حملہ اور تیز بخار، دماغی جھلیوں کی سوزش، آنکھوں کی بیرونی تہہ اور حلق کی سوزش، گردن توڑ بخار اور خاص غدود و گانٹھ کی بیماریوں کیلئے یہ دوا اکسیر ہے حلق کے اندر سوزش یا سوجن یا پھر شدید درد ہو اسی طرح ٹانسلز، لال بخار، اندونی کان کی سوجن، آنکھ آنا، گلٹیاں، دانت یا جبڑوں کی سوجن، فوطے کا ورم، عورتوں کے اندرونی غدود و بچہ دانی کا ورم یا سوجن، پتے کا ورم اپنڈی سائٹس، انگلیوں کا پھوڑا یا کسی بھی مقام پر پھوڑا پھنسی، ناسور، ان تمام امراض میں یہ دوا کارگر ثابت ہے

**اثرات عمل :**

**ایپس میل :** جگہ جگہ پھیلی ہوئی سوزش، سوجن کے ساتھ رطوبت (پیپ) موجود ہو۔

**بیریئم کلوریٹ :** پرانی بیماریوں کے ساتھ بچوں کی کنٹھ مالا، جسم کے کسی حصہ میں غدود بڑھ جانا، ورم میں پیپ پڑ گئی ہو۔

**بیلاڈونا :** جلد میں سوجن اور سُرخی، جھلیوں کی غدود کی سوجن، تیز بخار پسینے کے ساتھ بخار آنا۔

# ڈاکٹر ریکویگ R1
## Inflammation Drops
### سوزش اور سوجن کی دوا

**اجزاء :** ایپس میل D4، بیریم کلوریٹ D6، بیلا ڈونا D4، کیلشیم آیوڈیٹ D4، ہیپر سلف D12، کالی بائی کروم D4، میرم ویرم D4، مرکر سکور D4، لیکے سس D12، فائٹولیکا D4

**علامات :** نئی و پرانی سردی، نزلہ کی شکایت ہونے یا کسی بھی مقام پر پیپ دار سوجن یا سوزش والی سوجن، غدود کی سوجن نیز جراثیمی حملہ اور تیز بخار، دماغی جھلیوں کی سوزش، آنکھوں کی بیرونی تہہ اور حلق کی سوزش، گردن توڑ بخار اور خاص غدود و گانٹھ کی بیماریوں کیلئے یہ دوا اکسیر ہے حلق کے اندر سوزش یا سوجن یا پھر شدید درد ہو اسی طرح ٹانسلز، لال بخار، اندونی کان کی سوجن، آنکھ آنا، گلٹیاں، دانت یا جبڑوں کی سوجن، فوطے کا ورم، عورتوں کے اندرونی غدود و بچہ دانی کا ورم یا سوجن، پتے کا ورم اپنڈی سائٹس، انگلیوں کا پھوڑا یا کسی بھی مقام پر پھوڑا پھنسی، ناسور، ان تمام امراض میں یہ دوا کارگر ثابت ہے

**اثرات عمل :**

**ایپس میل :** جگہ جگہ پھیلی ہوئی سوزش، سوجن کے ساتھ رطوبت (پیپ) موجود ہو۔

**بیریم کلوریٹ:** پرانی بیماریوں کے ساتھ بچوں کی کنٹھ مالا، جسم کے کسی حصہ میں غدود بڑھ جانا، ورم میں پیپ پڑ گئی ہو۔

**بیلا ڈونا:** جلد میں سوجن اور سُرخی، جھلیوں کی غدود کی سوجن، تیز بخار پسینے کے ساتھ بخار آنا۔

کیلشیم آیوڈیٹ: بچوں میں ٹانسلز کی شکایت، ورم، گلے اور گردن کے پچھلے حصہ پر غدود (ورم) بڑھ جانا اور ان میں پیپ پڑ جانا

ہیپر سلف: جلن اور پیپ اور سوجن و سوزش کیلئے ہومیو پیتھک کی یہ مخصوص دوا ہے۔

کالی بائی کروم: ناک، حلق، نرخرے کی اندرونی جھلیوں سے چپکنے والی گاڑھی لیس دار تار کی صورت میں بلغم آتا ہو، زخم سے بلغم جیسی (رطوبت) پیپ نکلتی ہو۔

میرم ویرم: گلٹیاں بڑھنا یا پرانا نزلہ

مرکر سکور: جھلیوں اور غدود کی سوزش چپکتا ہوا پسینہ

فائٹو لیکا: حلق اور ٹانسلز میں سیاہی مائل، سرخی، ورم اور ایسا درد جو کان کی طرف بڑھتا ہو۔

**مقدارِ خوراک:** تیز بخار شدید حالت میں آدھے سے ایک دن تک ہر آدھے گھنٹے پر تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں۔ پیپ اور جلن ہونے پر یہی خوراک ایک سے دو گھنٹہ پر لیں۔

ٹانسلز یا پھوڑا پھنسیوں کی جلن سدھار ہونے پر بھی یہی خوراک ہر ایک سے دو گھنٹے پر لیں۔ ٹھیک ہونے پر بہتر ہوگا کہ ایک ہفتہ تک روزانہ دو سے تین بار دس سے پندرہ بوندیں لئے جائیں۔

پرانے سوجن: میں دس سے پندرہ بوندیں روزانہ دو سے تین بار بچوں میں پرانے گانٹھ کی بیماریوں میں لمبے وقتوں تک تھوڑے پانی میں روزانہ دن میں ایک بار پانچ سے آٹھ بوندیں لیں۔

**ہدایات:** انفلوئنزا میں R6 کا استعمال کریں جوڑوں کی سوزش اور درد کیلئے R11 استعمال کریں جوڑوں کی مختلف بیماریاں، درد، گٹھیا میں R24 کے ساتھ R1 کو باری باری ایک سے دو گھنٹے کے وقفہ میں استعمال کریں۔

عورتوں کی بیضہ دانی یعنی بچہ دانی کا ورم ہو تو R38 اور R39 کا بھی روزانہ دو

سے تین بار استعمال کریں۔ اپنڈی سائٹس کا حملہ بار بار ہو سوجن و سوزش و درد کی شدت میں روزانہ ایک بار R1، R24 اور R38 ان دواؤں میں دس سے پندرہ بوندیں لیں اگر آپریشن کے بغیر کام چل سکتا ہو یا جب تک آپریشن نہیں کراتے ہیں R24، R38 کا استعمال کریں۔ بچوں کو دانت نکلنے میں دشواری ہو تو R35 دیکھئے۔ نالیوں کی سوزش و ورم میں R48، R57 دیکھئے ضرورت ہو تو R8 اور R9 کو دیکھئے۔

کالی کھانسی میں جو ٹوسن بوندیں R9 سیرپ R8 دیکھیں۔ پٹھوں کا گٹھیا وی درد اور جوڑوں کے پرانے درد میں R11، R46 دیکھیں۔ گردے کی پتھری ہو تو R27 دیکھیں۔ گردے کے اندر ورم، سوزش R18 دیکھئے۔ پھیپھڑے کی جھلی کی ورم پسلی کا درد R24 دیکھیں۔ ٹانسلز کا ورم، حلق اور گردے کا ورم اور پیشاب میں انڈے کی سفیدی کی طرح کا مادہ البیومین آرہا ہو تو R64 کا استعمال کریں۔ انفلوئنزا R6 دیکھیں۔ ہاضمہ کی تھیلی کی سوزش و ورم میں R72 دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R2
## Essentia aurea - Gold Drops
### دل کی بیماریوں کے لئے

**اجزاء:** آرنیکا D3، آرم کلوریٹ D6، کیکٹس D4، ڈیجی ٹیلس D3، اگنیشیا D6، لاروسیراسس D3، سپائی جیلیا D3، ویلیریانہ D2، کریٹیگس Ø، کالی فاس D4، ایکونائٹم D6

**علامات:** دل کی بیماریوں میں خاص طور پر دل کی گھبراہٹ وحرکات میں بے قاعدگی اور دھڑکنوں کے درمیان بے ترتیب آوازیں۔ دل پر دباؤ کا احساس۔ دل پوری طرح پھیلنے سے پہلے سکڑ جانا۔ نس کی رفتار بڑھ جانا یا دل میں خون پہنچنے میں رکاوٹ۔ دھڑکن کی پریشانی اور کمزوری کا احساس۔

**اثرات عمل:**

**آرنیکا:** دل کے مقام پر درد کا احساس اعصابی خرابی دل کی تکالیف بڑھ جانا۔

**آرم کلوریٹ:** اس دوا کا اثر خون کی بڑی رگ اور خود دل کو خون پہنچانے والی رگوں پر ہوتا ہے۔ دل کے پھیل جانے، دل کی گھبراہٹ اور دل کے مقام پر درد کی کیفیت ہوتی ہے۔

**کیکٹس:** دم گھٹنے کا احساس ہو، نبض کا زور بڑھا ہوا ہو، دل پر دباؤ محسوس ہوتا ہو اور درد کا احساس ہو۔

**کریٹیگس:** یہ دوا دل کو طاقت دیتی ہے اور خون کو درست کرنے میں بے مثال ہے، دل کی کمزوریوں میں طاقت کی کمی کو دور کرتی ہے۔

**ڈیجی ٹیلس:** دل کی کمزوری کی خاص دوا ہے، دل کو طاقت دیتی ہے اور بےچینی کو دور کرتی ہے۔

**اگنیشیا:** دل سے متعلق مختلف قسم کے احساسات خاص طور پر گھبراہٹ اور بےچینی کا حملہ ہو چکا ہو، چڑچڑاپن۔

**کالی فاس:** اعصاب میں تھکن کا احساس، خون کی کمی اور دل کی کمزوری، دل کی

حرکت بے قاعدگی۔

**لاروسیراسس:** دل کے پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے بدن کا رنگ نیلا پڑجاتا ہے، دل پر دباؤ اور درد کا احساس۔

**سپائی جیلیا:** رگ کا زور بڑھا ہوا اور بے قاعدگی ہو، درد کا احساس جو بائیں بازو کی طرف اترتا ہو۔

**ویلیریانہ:** رگ کی خرابی کی وجہ سے دل متاثر ہو، مزاج بار بار بدلتا ہو، دھڑکن بہت زیادہ بڑھ گئی ہو اور گھبراہٹ ہو۔

**مقدارِ خوراک:** زیادہ تکلیف کی شدت ہو تو تھوڑے پانی میں روزانہ 10 سے 15 بوندیں تین یا چھ بار لیں، دل کی شدید تکالیف میں ہر پندرہ منٹ یا آدھے گھنٹے پر 10 سے 15 بوندیں لیں۔

**ہدایات:** جب دل کے پٹھے کمزور ہو شدید حالتوں میں R3 کا استعمال کیجیے۔ جب دل کے ساتھ ہاضمے کی خرابی ہو تو R5 کھانا کھانے سے پہلے یا بعد میں روزانہ 10 سے 15 بوندیں ایک سے تین بار استعمال کریں۔ دل کی دھڑکنوں میں بے قاعدگی ہو تو R66 یا R22 ہر آدھے گھنٹے یا ایک سے دو گھنٹے پر باری باری سے 10 سے 15 بوندیں۔ R2-R67 اور R55 کے لئے R3 کے ساتھ اور بعد میں R44 کے ساتھ علاج جاری رکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R3
## Heart Drops
### دل کی بیماریوں کے متعلق ڈراپس

اجزاء : کیکٹس D2، کریٹیگس Ø، ڈیجی ٹیلس D3، کالی کارب D3، کالمیا D3، فاسفورس D5، سپا D2، سپائی جیلیا D3، اسپرا فینتھس D3، آرسینکم البم D5

علامات : دل معمولی تکلیفوں سے لے کر قدر شدید تکلیفیں جب کے جسم بھی سوج گیا ہو۔ دل کے پٹھوں کی کمزوری، کسی بھی وجہ سے دل پھیل گیا ہو، جراثیمی حملے کے بعد واقع ہونے والی دل کے پٹھوں کی تکلیفیں، دل کے پٹھوں میں بڑھاپے کی وجہ یا کسی بھی وجہ سے ہونے والی خرابی، دل کے چھوٹی رگوں کا اچھی طرح کام نہ کرنا، دل میں خون جم جانے کی کیفیت، دل کی دھڑکن میں بے قاعدگی، دل کے پٹھے یا دل کے اندر کی جھلی کی سوزش و کمزوری کی کیفیت۔

اثرات عمل : کیکٹس: یہ دوا دل کی کمزوریوں کو دور کرتی ہے اور دل کی رگوں میں طاقت بڑھاتی ہے۔

کریٹیگس: دل کی کمزوری کے ساتھ جراثیمی حملے سے پٹھوں کا درد اور اکڑن یا زیادہ عمر کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماریاں اور دل کی حرکات میں بے قاعدگی اور کمزوری۔

ڈیجی ٹیلس: دل کے پھیلنے کے ساتھ دل کی دھڑکن رک جانا۔

کالی کارب: دل کے اندرونی جھلی کا ورم دوران خون کی کمی اور دل کے مقام پر تیز چبھن اور درد۔

کالمیا: بائیں بازو کی طرف درد پھیلتا ہو، کم طاقتی، سانس لینے میں دشواری، دل کی اندرونی جھلی کی نئی و پرانی سوزش خاص طور پر چھوٹے جوڑوں کا درد اور گٹھیا کے بعد۔

فاسفورس: دل کی تیز دھڑکن (اختلاج) خاص طور پر بائیں کروٹ پر اٹھنے، خون کا

سینے کی طرف چڑھنا اور دم گھٹنے کا احساس، گھبراہٹ اعصابی تھکن۔

سیلا: دل کا فعل خراب اور دل کے حرکات میں بے قاعدگی، ایسی علامات جن سے معلوم ہوتی ہو کہ دل ٹھیک سے کام نہیں کر رہا ہے۔

سپائی جیلیا: دھڑکن تیز، دھڑکنوں میں بے ترتیبی نبض بہت ہلکی، دل کی اندرونی جھلی پر ورم۔

اسٹرافینتھس: بہت جلد اور بے حد اثر دار ٹانک۔

**مقدارِ خوراک:** علاج کے شروعات میں دل کی کمزوری ہو تو تھوڑے پانی میں دس یا بیس یا پھر تیس بوندیں دن میں تین بار روزانہ چار سے چھے بار تک بھی دی جا سکتی ہے۔ مگر جب بدن میں پانی جمع ہونے کی وجہ سے سوجن ہو تو بغیر پانی ملائے استعمال کریں۔ کئی دنوں کے بعد ہی سدھار نظر آتا ہے۔ اگر کئی دن بعد بھی طبیعت میں سدھار نہ ہو تو خوراک بڑھا دینی چاہیے۔ جب فائدہ محسوس ہونے لگے تو خوراک کم کر کے دن میں تین بار بیس بوندیں لینی چاہیے۔ تکالیف دور ہو جانے کے بعد بھی کچھ دنوں تک دن میں دو سے تین بار دس سے پندرہ بوندوں کا استعمال جاری رکھیں۔ اگر اتفاقاً خوراک زیادہ بھی ہو جائے تو بھی کوئی نقصان کا خطرہ نہیں ہے۔

**ہدایات:** دل کی کمزوری شدید حالت، درد ہو تو R2 گولڈ ڈراپس کا استعمال کریں۔ دل کے پٹھے اور دل کے اندرونی جھلی میں سوزش ہو تو R58 استعمال کرائیں۔ دل کے پٹھے میں خون کی رکاوٹ ہو تو R67، R2 اور R3 دیں۔ دل کی حرکت میں بے قاعدگی ہو تو R66۔ دل گھبراتا ہو اور دھڑکن زیادہ محسوس ہوتی ہو تو R22 کا استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R4
## Diarrhoea Drops
## (اسہال) دستوں کی دوا

**اجزاء :** ایسڈ فاسفوریک D3، بپٹیسیا D4، کیموملا D4، چائینم آرسینی کوس D3، کولوسینتھس D6، فیرم فاسفوریک D8، مرک سکور D5، اولینڈر D6، رہس ٹاکس D4، ویراٹرم D6

**علامات :** معدے چھوٹی اور بڑی آنت کی ہر طرح کی نئی و پرانی سوزش گرما کے موسی دست جو سردی لگنے یا غذا کی خرابی کی وجہ سے فلو (انفلوئنزا) کی وجہ سے آنے والے دست ایسے دست جب بخار بھی ہو ٹائفائیڈ بخار نئی یا پرانی پیچش۔

**اثرات عمل :** **ایسڈ فاسفوریک:** ٹائفائیڈ بخار کی اونگھ (غنودگی) دست سفید پانی کی طرح جو خاص طور پر کمزور بچوں میں ہو۔

**بپٹیسیا:** دست اوران کے ساتھ بڑی مقدار میں بلغم جیسی رطوبت دست کے ساتھ آتی ہو سر میں ہلکا درد بخار زبان پر بادامی رنگ کی تہہ جمی ہو، بدن پھولا ہوا ہو۔

**کیموملا:** سردی لگنے کے بعد پانی جیسی ہرے رنگ کے دست بڑی آنت کی سوزش یا درد۔

**چائینم آرسینیک:** جراثیم کا خاتمہ کرتی ہے بخار کے ساتھ عام کمزوری کو دور کرتی ہے۔

**کولوسینتھس:** پیچش اور آنتوں کے شدید درد اور مروڑ کو دور کرتی ہے۔

**فیرم فاس:** زیادہ پیٹ پھولا ہوا ہو۔ پانی کی طرح کے دست اور پیٹ میں زیادہ ہوا بھر گئی ہو اور جلن کو دور کرتی ہے۔

صرف، ہنر د معالجوں کے لئے

مرکر سکور: خون ملا ہوا پاخانہ، بڑی آنت کا شدید درد اور بار بار مروڑ کے ساتھ درد۔

اولینڈر: اجابت، ہوا زور زور سے خارج ہوتا ہو۔ ڈھیلا ڈھیلا پاخانہ کے ساتھ بار بار مروڑ جیسا درد ہو پاخانہ میں بغیر ہضم کی ہوئی غذا کا آنا۔

رہس ٹاکس: پانی جیسی اجابت جس میں بلغم اور خون ملا ہوا ہو سخت بے چینی، اونگھ کی سی کیفیت اکثر و بیشتر اس مرض کی شروعات پانی میں بھیگ نے کے بعد۔

ویراٹرم البم: سردی کے ساتھ دست اور قے، غشی، ہیضہ کی علامت۔

**مقدارِ خوراک:** تیز بخار میں ہر پندرہ منٹ ایک گھنٹہ پر بیس بوندیں بغیر پانی ملائے دیں۔ سدھار ہونے پر جو کے اکثر و بیشتر ایک سے دو دنوں میں کچھ ٹھیک ہو جاتا ہے تو آپ ایک سے دو گھنٹے پر دس سے پندرہ بوندیں تک دیں۔
مشورہ ہے کہ پوری طرح صحت کامل ہونے تک روزانہ تین بار دس سے پندرہ بوندیں کھانا کھانے سے قبل ایک ہفتہ تک لیتے رہیں۔

**زیادہ دست آنے پر،** بخار نہ ہو تو ہر ایک سے تین گھنٹوں پر دس سے پندرہ بوندیں لیں۔

**ہدایات:** بہت پرانے مریضوں میں جن کی جسمانی طاقت بہت کم ہو گئی ہو تو R26، کی دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ آنت میں سخت مروڑ ہو تو R37، بھی دیں اور بیمار دور ہونے کے بعد کی کمزوری کیلئے Vita-C15، کا استعمال کرائیں

# ڈاکٹر ریکویگ R5
## Stomach Drops
### پیٹ و معدے کے زخم اور تیزابیت کی دوا

**اجزاء :** اناکارڈیم D6، آرجینٹم نائٹریکم D6، آرسینکم البم D4، بیلاڈونا D4، کاربوویج D8، کیمو ملا D2، چیلوڈونیم D3، لائیکوپوڈیم D5، نکس وامیکا D4، اسکروفیولیریا نوڈ D1 ۔

**علامات :** معدے کے زخم کی خاص دوا معدے کی نئی و پرانی سوزش ہاضمے کی خرابی، معدے کی پرانی سوزش جو بار بار ہو زبان کا ذائقہ خراب ڈکاریں، پیٹ پھولنا، آنتوں میں ہوا بھرنا، معدے میں زخم کے ساتھ یا بغیر زخم کے سینے کی جلن، معدے کی جھلی کی خرابی، یہ دوا ان تمام امراض کیلئے بے حد موثر ۔

**اثرات عمل :**

**اناکارڈیم:** معدے کی تکلیف، کھانا کھانے سے آرام، آدھی رات کو پیٹ میں درد ۔

**آرجینٹم نائٹریکم:** معدے کے مقام پر ہونے والی تکلیفیں زیادہ ڈکار، اور بار بار ڈکار آنے سے کچھ دیر کے لئے آرام ۔

**آرسینکم البم:** بلغمی جھلیوں کی خاص دوا پیٹ میں درد، جلن، قے آتی ہو، اور درد کے ساتھ جلن ۔

**بیلاڈونا:** معمولی دباؤ سے معدے کے مقام پر تکلیف اور دوسری خرابیاں مثلاً متلی اور قے اس دوا کی خاصیت یہ ہے کے اس کے استعمال سے درد میں آہستہ آہستہ کم ہو نے لگتے ہیں اور کم ہوتے ہوتے بالکل آرام آجاتا ہے ۔

**کاربوویج:** پیٹ ہر وقت بھرا ہوا محسوس ہو، کمزوری اور تھکن کا احساس ہو ۔

**کیموملا:** پیٹ میں سوجن اور معدے کی خرابی سے دماغ میں چڑچڑا پن ۔

چیلوڈونیم: جگراور پتے کی خاص دوا ہے، صفراوی مزاج، اور جب پیٹ بھرا ہو تو تکلیف میں کمی ۔

لائیکو پوڈیم: بھوک نہ لگنا، معدے اور آنتوں کی خرابیاں، منہ کا ذائقہ کڑوا، قبض، پیٹ پھولنا اور درد ہونا، ریاح کی زیادتی ۔

نکس وامیکا: چڑچڑاپن، پسلیوں کے نیچے درد، تمباکو کے استعمال سے معدے کی خرابیاں، معدے پر دباؤ کا احساس تیزابیت، کھٹی ڈکاریں، منہ کا ذائقہ کڑوا، قبض ۔

اسکروفیولیریا نوڈ: پیٹ میں اینٹھن کے ساتھ درد، تیزابیت کی زیادتی، کھانا کھانے سے آرام ۔علاج شروعات میں کچھ طبیعت بگڑ سکتی ہے اگر چہ ایسا ہوتا ہے تو ایک دو دنوں کے لئے علاج روک کر پھر سے علاج شروع کریں پھر سدھار ہوتا چلا جائیگا زیادہ دنوں تک دوا چلتی رہے تو بھی بیچ بیچ میں بھی روک دینی چاہیے اسی طرح علاج جاری رکھیں یا پھر بیچ میں کبھی کبھی خوراک کم بھی کر سکتے ہیں یا پھر بھرے پیٹ بوندیں لیں ۔

**ڈاکٹر ریکویگ R5، کی اصل خاصیت یہ ہے کہ بیماری کو جب تک جڑ سے ختم نہ کر دے یہ دوا اپنا فعل جاری رکھتی ہے اور بہت تیزی سے اپنے اثرات کو نمایاں کر کے مریض سکون کو بخشتی ہے ۔**

**مقدارِ خوراک:** کھانا کھانے قبل دن میں تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں ۔ بیماری ٹھیک ہونے کے بعد بھی کچھ دنوں تک دوا کا استعمال جاری رہنے دیں اس سے یہ فائدہ ہوگا کے رگوں میں بڑھے ہوئے تناؤ دور ہو جائنگے اور بیماری کے دوبارہ ہونے کا خطرہ بھی نہیں رہیگا اس لئے دن میں ایک بار تھوڑے پانی میں کھانا کھانے سے قبل دس سے پندرہ بوندیں لیں ۔

**ہدایات:** جگر میں بھی خرابی ہو تو R7، کا استعمال کریں دن میں دو سے تین بار کھانا کھانے کے بیچ میں اگر پیٹ میں شدید درد ہو تو اس دوا کے ساتھ R37، بھی دیں ہاضمہ کی تھیلی میں خرابی ہو تو R72، بھی استعمال کریں ۔

# ڈاکٹر ریکویگ R6
## Influenza Drops
### نزلہ زکام اور موسمی بخار کی دوا

**اجزاء :** برائیونیاD4، کیمفوراD3، کاسٹیکم ہینم D6، بپٹیسیاD4، یوپیٹوریم پرفولD3، فیرم فاسD8، جیل سیمیم D6، یوکلیپٹس D3، سباڈیلاD6، ایکونائیٹم D4 ۔

**علامات :** سر کی جھلیوں اور ساختوں کی سوزش جراثیمی حملہ ۔

**R6، نزلہ زکام کی خاص دوا ہے انفلوئنزا سے ہونی والی جھلیوں کی سوزش اوران کی تمام تکلیفوں پہ اپنا ایک خاص مقام رکھتی ہے۔**

(فلو) انفلوئنزا، بخار، جھلیوں کی تپش، عام جراثیمی حملہ جس کے ساتھ بدن میں درد ہو، بیماری اور تھکن کا احساس، سر میں ہلکا درد، بے چینی، جلد خشک اور جلتی ہوئی، شدید درد، بخار اور اس کے ساتھ ہوائی نالیوں میں سوزش ناک اور حلق کی سوزش اور سوجن، کھانسی کا حملہ، نمونیہ، پسلی کا درد، دل کے اوپر کی جھلی کی سوزش، پیٹ کے اندرونی اعضاء کی سوزش ۔

**اثرات عمل :**

**برائیونیا:** سردی کی وجہ سے بخار، دردسر، چبھتا ہوا درد، جھلیوں کی سوزش ۔

**کیمفورا:** کمزوری کی صورت میں قوت کو بحال کر کے سکون بخشتا ہے ۔

**کاسٹیکم ہینم:** جھلیوں کا چھلا ہوا محسوس ہونا، خشک کھانسی، مثانے کے گردن کی کمزوری جس میں پیشاب روکنے کی قوت کم ہو جاتی ہے ۔

**بپٹیسیا:** بخار، پیٹ کے آنتوں کی خرابی، ٹائیفائڈ کے جیسا بخار یادداشت کمزور، سردیوں کا اثر، بلغمی جھلیوں کی سوزش ۔

**یوپیٹوریم پرفول:** کمزوری کا احساس، بخار کی کیفیت، اوپر کی ہوائی نالیوں کی سوزش کھانسی اور جھلیوں میں خراش اور سوزش کا احساس، ملیریا، جسم میں شدید درد ۔

**فیرم فاس:** بخار اور ورم کی خاص دوا ہے نبض کمزوری، سر کے قریب والے، پھیپھڑوں اور سانس کی نالیوں میں سوزش ۔

**جیل سیمیم:** دوران خون کی کمی، سر کا درد، سر میں بھاری پن، نیند زیادہ آنا کپکپاہٹ اور تھکن کا احساس ۔

**یوکلپٹس:** سانس کی رفتار زیادہ، بے چینی، ہاتھ و پاؤں میں تھکن کا احساس، سر میں درد، بخار ۔

**سباڈیلا:** بار بار چھینکیں آنا، نزلہ جس کے ساتھ جلن بھی محسوس ہو بار بار کھانسی کی تحریک، سینے میں چبھن محسوس ہو ۔

**مقدارِ خوراک:** **طبیعت زیادہ خراب شدید حالات میں دوا کی مقدار بڑھائی جا سکتی ہے جیسے کہ:** ہر پندرہ منٹ سے تیس منٹ پر تھوڑے پانی میں دس بوندیں دیں۔ جیسے ہی بخار میں کمی آنے لگے یعنی ایک دو دنوں بعد بخار کم ہو جاتا ہے اور پسینہ آنے لگتا ہے تو ایک سے دو گھنٹے پر دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ بخار جانے کے بعد بھی کئی دنوں تک دو سے تین گھنٹے پر دس بوندیں لیتے رہیں ۔

**انفلوئنزا سے محفوظ رہنے کیلئے تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں دن میں تین چار بار لے لیا کریں ۔**

**ہدایات:** جب سر کے اعضاء یعنی آنکھیں سرخ ہو، مریض ہذیانی کیفیت میں ہو چہرہ لال اور اس کے ساتھ تیز جاشیمی حملہ اور تیز بخار، جلن، تو R17، کا استعمال کریں۔

سانس لینے والی نالیوں کی سوزش (برانکائٹس) کی صورت میں R8، R9، دیکھیں۔

انفلوئنزا کی سوزش میں R24، چہرے اور پیشانی کی ہڈیوں میں ورم ہو تو R49، دیکھیں ۔ یہ سب دوائیں حالات کی مناسبت سے R6، کے ساتھ یا اس جگہ بدل کر بیماری کی علامات کو دیکھ کر استعمال کرائی جائیں۔

**چکن پاکس:** میں علاج کیلئے R68، کا استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R7
## Liver & Gallbladder Drops
## جگر اور پتے کی بیماریوں کے لئے ڈراپس

**اجزاء :** کارڈواس میری آنس D2، چیلیڈونیم D2، کولسٹرینم D6، کولوسینتھس D6، لائیکوپوڈیم D4، نکس وامیکا D4، چائنا D3

**علامات :** جگر اور پتے کی ہر قسم کی بیماریاں، پتے کی پتھری، صفرا کی پیدائش میں خرابی جگر کی سوزش اور سوجن پیٹ بڑھنا، تھوڑا سا کھانا کھانے سے بھوک ختم ہو جانا، بھوک کی کمی، منہ کا ذائقہ کڑوا، پیٹ میں گیس ہونا قبض، کھانے کے بعد بے چینی مزاج میں چڑچڑا پن، پسلیوں کے نیچے کساؤ کا احساس ۔

**اثرات عمل :**

**کارڈواس میری آنس:** جگر کی سوجن اور درد، یرقان، پیلیہ، پتے کی پتھری پتے کی نالیوں کی سوزش ۔

**چیلیڈومنیم:** جگر (لیور) سوجن اور جگر کے مقام پر دباؤ کا احساس جو داہنے کندھے میں پیٹھ کی طرف پھیلتا ہو، اور صفرا کا بہاؤ بڑھاتی ہو ۔

**کولسٹرینم:** جگر (لیور) کا بڑھ جانا پیلیہ (یرقان) اور پتے کی پتھری ۔

**کولوسینتھس:** پیٹ میں مروڑ، اینٹھن والا درد، آگے کی طرف جھکنے سے آرام محسوس یا ہلکا سا داہنے پر راحت کا احساس ہوتا ہو ۔

**لائیکوپوڈیم:** پیٹ کا پھولنا، پیٹ میں چبھن منہ کا مزا بگڑ جانا کڑوا ہو جانا م قبض اور بدمزاجی ۔

**نکس وامیکا:** جگر کا سکڑنا، پسلیوں کے نیچے بے چینی کا احساس، جگر پر دباؤ، دکھن اور ورم اور جگر میں مواد اکٹھا ہو جانا متلی، تمباکو کا زیادہ استعمال، پیلیہ (یرقان) معدے اور چھوٹی آنت کی سوزش قبض ۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**مقدارِ خوراک:** کھانا کھانے سے قبل دن میں تین بار دس سے پندرہ بوندیں تھوڑے پانی کے ساتھ لیں۔ اگر آٹھ سے چودہ دنوں تک طبیعت میں سدھار نہ ہو تو دن میں چار سے چھ بار دس سے پندرہ بوندیں کر دیں اور جب طبیعت میں سدھار ہو جائے تو دوا کی مقدار کم کر دی جائے۔ اور جب طبیعت ٹھیک ہو جائے تو بھی کچھ عرصہ تک دوا کا استعمال جاری رکھیں اور کھانے پینے پر زیادہ دھیان دیں۔

**ہدایات:** جگر یا پتے کی تھیلی میں سوزش ہو تو مزید R1، کا استعمال کریں۔ اور ان تکلیفوں کے ساتھ معدے میں سوزش یا زخم ہو یا تیزابیت بھی ہو تو اس دوا کے ساتھ R5، کا بھی استعمال کریں۔ معدے کی زخم والی حالات میں دس سے پندرہ بوندیں دن میں تین بار کھانا کھانے سے قبل اور بعد درمیان کھانے کے بھی دو سے چار بار خوراک لیں ساتھ R7 استعما کریں۔ اگر بواسیر کا مرض ہو تو R13، استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R8-R9

## R8 Cough Syrup R9 Cough Drops

## R8 کھانسی کیلئے سیرپ۔R9 کھانسی کیلئے ڈراپس

**اجزاء :** R8: اسوینیم کاسٹکم D2، بیلاڈونا D2، برائیونیا D2، کیموملا D2، کوکس کیکٹائی D5، کوریلیم زبرم D10، کیوپرم ایسیٹیکم D10، ڈروسیرا روٹینڈیفولیا D2، اپیکاکوانہا D3، تھائمس والولیس D2، سیکارم البم، سیکارم ٹوسٹم۔

R9، بیلاڈونا D4، برئیونیا D3، کوکس کیکٹائی D6، کوریلیم زبرم D12، کیوپرم ایسیٹیکم D12، ڈروسیرا روٹینڈیفولیا D4، اپیکاکوانہا D6، اسپونجیا D6، اسٹکٹا پلمونیریا D4، تھائمس ولوریس.....۔

**علامات :** پھیپھڑوں کی ہوائی نالیوں یعنی سانس کی نالی کی سوزش ناک حلق اور نرخرے کی سوزش ہوائی نالیوں کی سوزش کی وجہ سے ہونے والی کھانسی اور بخار ہر نکائی ٹس اور کالی کھانسی خواہ کسی بھی درجے کی ہو بلغم کی رکاوٹ، دمہ، سل اور دق کے مریضوں میں کھانسی کی تکلیف۔ان تمام امراض اور خاص کر بلغم نکالنے میں یہ دوا بے حد اثر دار ہے۔

**اثرات عمل :** اسوینیم کاسٹکم: اینٹھن والی کھانسی کے دورے پڑتے ہو۔

بیلاڈونا: کھانسی کے دورے، کھانستے وقت سینہ اندر سے خالی خالی سا محسوس ہو، پھونکنے کی سی آواز دے منہ اور حلق کی جھلیاں خشک لگتی ہو۔

برائیونیا: خشک کھانسی اور کھانسی کی وجہ سے سینہ میں درد محسوس ہو۔

کیموملا: اینٹھن والی کھانسی نزلہ زکام، حلق میں چپچپاہٹ گلے میں خراش۔

کوکس کیکٹائی: گلے کی جھلیوں میں خرابی، حلق کے اندر حس زیادہ ہوائی نالیوں کی تنگی کی وجہ سے کھانسی اور گاڑھا بلغم سانس لینے میں تنگی محسوس ہو۔

کوریلیم رُبرم: کھانسی کے زوردار حملے اینٹھن والی کھانسی دم گھٹنے کا احساس ۔

کیوپرم ایسٹیکم :اینٹھن والی کھانسی کے ساتھ سانس کی بھی تنگی محسوس ہو کھانسی میں گاڑھا بلغم ۔

ڈروسیرا روٹنڈیٹ یفولیا: کھانسی کی وجہ سے چہرے اور جسم کا رنگ نیلا پڑجانا اور اینٹھن والی کھانسی ۔ دم گھٹنے کا احساس ۔ سانس کی نالیوں میں تنگی ۔ دمہ کے جیسی کھانسی ۔

اپیکاکوانہا: حلق میں خشکی، دم گھٹنے والی کھانسی زبان کا کھچاؤ، متلی اور قے ۔

اسپونجیا: کھوکھلی کھانسی بغیر بلغم کے خشک کھانسی کا دورہ ۔

اسٹکٹا پلمونیریا: ناک سے حلق اور پھیپھڑے کی نالی (نرخرے) کی طرف ٹھنڈک گزرنے کا احساس اور پھیپھڑوں کی نالیوں کی سوزش (برنکائٹس) ناک کی جڑ پر دباؤ کا احساس ہو ۔

تھایمس ولوریس: بلغم نکالنے میں یہ دوا مدد کرتی ہے ۔

مقدارِ خوراک: کالی کھانسی: کے علاج شروع میں ہر ایک گھنٹے پر لگاتار تھوڑے پانی میں دس بوندیں یا پھر چھوٹے چمچہ (5ML) سیرپ کی خوراک دیتے رہیں ہر گھنٹے پر ایک کف سیرپ اور دوسری بار کف ڈراپس دونوں استعمال باری باری سے کرنا بہت زیادہ مئوثر ہوتا ہے ۔ کچھ دنوں میں یعنی دو تین دن میں طبیعت میں سدھار ہو جائے تو دوا کا استعمال دو گھنٹے کے وقفے سے جاری رکھیں نزلہ کی صورت میں روزانہ چار سے چھ بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں یا پھر چھوٹے چمچہ (5ML) سیرپ لیں ۔

سانس لینے نالیوں میں سوزش یا خراش ہو تو ہر دو سے تین گھنٹے پر دس سے پندرہ بوندیں یا (5ML) چھوٹے چمچہ سیرپ لیں ۔

ہدایات: انفلوئنزا میں R6، کا بھی استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R10

## Climacteric Drops

### ماہواری (حیض) بند ہوتے وقت کی تکلیفوں کی دوا

**اجزاء :** اسیڈ سلفیوریک D4، سمیسی فیوگا D4، سینگونیریا D4، سیپیا D4، لیکیسس D12

**علامات :** عورتوں میں ماہواری بند ہو جانے سے پسینے کی زیادتی، جسم کی کمزوری، دردِ سر، طبیعت میں گراوٹ، گرمی لگنا، یا وقت پر حیض نہ آنا، وقت ماہواری میں قاعدگی، عمر رسیدہ عورتوں میں یہ مرض اکثر پائی جاتی ہے۔ شرم گاہ کی خارش، لیکوریا، ذہن کی تھکاوٹ، چڑچڑاپن، زانوں میں درد، پیٹ میں کھچاؤ۔

**اثراتِ عمل :** R10 یہ دوا عورتوں میں بیضہ دانی کی وجہ سے ہونے والی تمام بیماریوں کیلئے کارگر دوا ہے۔

**ایسڈ سلف:** جسمانی کمزوری، پیٹ پھولنا تھکاوٹ کا احساس، گرمی اور بخار، پسینہ کی زیادتی۔ زیادہ خون نکلنا، شرمگاہ میں خارش ہونا۔

**سمیسی فیوگا:** ہارمون بنانے والے غدود کے فعل میں کمی خاص کر ماہواری بند ہونے کی صورت میں نفسیاتی طور پر بھی طبیعت میں گراوٹ، ہیجانی کیفیت بے چینی۔

**سینگونیریا:** جسم میں جلن، بار بار سردی اور گرمی لگنا چڑچڑاپن اور دردِ سر۔

**سیپیا:** ہامون کی کمی، اندرونی رطوبت کی بے قاعدگی جسمانی اور ذہنی تھکان، نیند کی کمی، الگ الگ رہنا میل جول سے بے رغبتی، گرمی لگنے کا احساس اور اسکے بعد بکثرت پسینہ، پیٹ میں سکڑن اور چڑچڑاپن پیٹ میں کھچاؤ کا احساس، ماہواری میں بے قاعدگی۔

**مقدارِ خوراک :** بیماریوں کی شدت میں مطابق تھوڑے پانی میں تین سے چھ بار دس سے پندرہ بوندیں

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

۔ جب مرض میں سدھار ہو تو بہت جلد دوا کی خوراک کم کر کے دن میں تین بار دس سے پندرہ بوندیں ۔ اور لمبے عرصے تک دس سے پندرہ بوندیں دن میں ایک یا دو بار لیتے رہنا چاہئے جب تک آپ کی طبیعت مکمل طرح سے صحت یاب نہ ہو جائے۔

R10: اس فارمولے میں کوئی نقصان دہ اندرونی رطوبت (ہارمون) شامل نہیں ہے اس دوا کے استعمال سے ہارمون کے فعل میں کوئی گڑبڑ نہیں ہوتی اور اس دوا کے ساتھ کوئی ہارمونی دوا استعمال کرانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

**ہدایات:** یہ دوا عورتوں کی تمام بیماریوں اور نسوانی اعضاء کی تمام خرابیاں مثلاً رطوبت کی زیادتی، بچہ دانی کی سوجن یا سوزش ناف یا نلوں کی سوزش ہو تو دو سے تین گھنٹے پر باری باری سے R10، کا بھی استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R11
## Rheuma Drops
### گٹھیا کے درد کی دوا

**اجزاء :** بربیرس D4، کیلشیم فاس D12، کاسٹیکم D6، ڈلکامارا D4، نکس وامیکا D4، رہوڈوڈنڈران D4، رہسٹاکس D4

**علامات :** نیا یا پرانا پٹھوں کا درد، کمر کا درد، جوڑوں کے درد کا بار بار ہونا سردی لگنے موچ آنے یا زیادہ مشقت کا کام کرنے کے بعد جسم کا درد، پیٹھ کا درد جس کی کوئی ظاہری وجہ معلوم نہ ہو، بچوں میں بالغ ہونے کی عمر میں ہونے والا جسمانی ہڈیوں کا درد، پانی میں بھیگ جانے کے بعد لنگڑی کا درد (عرق النساء) جوڑوں کا پرانا درد، ایڑیاں یا ریڑھ کی اور دوسری ہڈیوں کا درد، اور ہڈیوں کی تمام بیماریاں جو موسم کی نمی یا تپش سے ہوتی ہے۔

**اثرات عمل :**

**بربیرس:** کمر میں نچلے حصہ کے پٹھوں تیز درد جو کسی خاص جگہ نہ ہو، پیشاب میں تیزابیت، مادہ پیشاب میں ریت اور مثانے کی پتھری۔

**کیلشیم فاس:** گردن اور ریڑھ کی ہڈی کے قریب پٹھوں کی کمزوری، بدنما جوڑوں کے درد، موسم کی تبدیلی کے سبب تکلیف زیادہ، یہ دوا عام جسمانی نظام پر ایک خاص اثر رکھتی ہے۔

**کاسٹیکم:** کمر کے نچلے حصہ میں شدید درد جو کبھی اٹھنے بیٹھنے کے وقت بھی ہوتا ہو اور گردن اور کمر کے پٹھوں میں درد، اعصاب کمر میں اکڑن۔

**رہوڈوڈنڈران:** گٹھیاوی درد جو خاص چھوٹے جوڑوں کا درد جو آندھی یا بارش بجلی کڑکنے سے تکلیف بڑھ جانا اور شدید درد۔

**رہسٹاکس:** ہاتھ و پیر کے جوڑوں کا اکڑنا، پٹھوں میں کچلے جانے کے سے درد کا احساس، بھیگنے۔ پسینے آنے کی وجہ یا سردی لگنے کے بعد درد خاص کر جب رات کو آرام

کرتے وقت بڑھ جائے، چلنے پھرنے اور حرکت کرنے پر یا گرمی پہنچنے پر آرام ملتا ہو، سردی لگنے یا صبح کے وقت درد میں زیادتی، کسی جگہ زیادہ دیر بیٹھنے کے بعد اٹھنے سے درد ہو۔

**مقدارِ خوراک:** تیز درد مثلاً کمر کا درد عرق النساء (لنگڑی کا درد) ہو تو ہر آدھے گھنٹے سے ایک گھنٹے یا پھر دو گھنٹے کے وقفے میں دس بوندیں لیں۔ ایک سے دو دنوں میں جب کچھ آرام آ جائے تو ایک سے دو گھنٹے میں دس بوندیں لیں۔ پوری طرح سے بیماری ٹھیک ہو جائے تو بھی دوا کا استعمال دن میں تین بار دس سے پندرہ بوندوں تک کچھ دنوں تک لیتے رہیں ایسا کرنے سے بیماری کے دوبارہ ہونے سے محفوظ رہنگے۔

**ہدایات:** تیز اور شدید نوعیت میں جو گٹھیا وی درد اور مختلف جوڑوں میں سوزش کے ساتھ درد ہو تو R1 اور R6، کا استعمال کریں۔ اگر ریڑھ کی ہڈی کا منکا جگہ سے ہٹ گیا ہو اور لنگڑی کا درد بھی ہو تو R71 کا استعمال کریں باری باری سے پسلیوں کے درمیان پٹھوں میں اعصابی درد ہو تو R96، دیں۔ عورتوں میں ریڑھ کی ہڈی کے آخری سرے کا درد اگر ناف وغیرہ کی بیماری ہو تو R50۔ جوڑوں کی سختی زیادہ ہو R73، کا بھی استعمال کریں۔ جوڑوں پر گٹھیا کے شدید حالات میں R1، اور R24، دیکھیں۔ کندھے بازو اور ہاتھ کے درمیان میں R46، دیکھیں۔ اگر درد کی وجہ ہڈی میں خرابی ہو تو R34، بھی ساتھ میں لے سکتے ہیں۔ ہر قسم کے درد یا چوٹ کیلئے R30، مرہم لگائیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R12
## Calcification Drops
## خون کے دباؤ کی زیادتی ہائی بلڈ پریشر کی دوا

**اجزاء :** آرنیکا D3، آرسینک آیوڈیٹ D4، آرم کلوریٹ D6، بیریم کلوریٹ D4
کیلشیم آیوڈیٹ D3، کونیم D5، گلونائم D6، کالی یم آیوڈیٹ D3،
پلمبم ایسٹک D6، فاسفورس D5

**علامات :** خون کی رگوں کی سختی اور دباؤ کی زیادتی، دماغ کی رگیں، دل کی بڑی رگ دل کو خون لے جانے والی چھوٹی رگیں اور گردے کی رگیں ان تمام رگوں میں خون کے دباؤ کی زیادتی یا سختی محسوس ہونا، بڑھاپے کی تکلیفیں اور پیٹ کی بیماریاں یادداشت حافظہ کمزور، بدن کے مختلف حصوں میں خون کا اکٹھا ہو جانا، چکرانا، بھولنے کی بیماری غشی کے دورے، گھبرانا اور ان جیسی تمام بیماریوں کی تکلیفیں۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے کی ایسے خاص اجزاء شامل ہیں جس میں آیوڈین ہوتا ہے اور دوسرے موثر اجزاء بھی موجود ہوتے ہیں۔ اجزاء خون کی رگوں کی اصلاح کر کے ان میں قدرتی نرمی اور لچک پیدا کرتی ہیں اور خون کو ٹھیک کر کے بڑھے ہوئے دباؤ کو صحیح کرتا ہے۔

**آرنیکا:** غشی کے دورے اور ان بیماریوں کے متعلقہ علامات کو دور کرتی ہے۔

**آرم کلوریٹ:** طبیعت میں گراوٹ، ذہنی حالت خراب، دھڑکن، گھبراہٹ۔

**بیریم کوریٹ:** یادداشت کمزوری، چکرانا، بہرہ پن اور بڑھاپے کے دوسرے امراض اور کمزوری۔

**کونیئم:** سر چکرانا، بھول جانے کا مرض، دل کی کمزوری، یادداشت کمزور، نامردی۔

**کیلشیم آیوڈیٹ:** خون کا گاڑھا پن درد کا خاص اثر گلے میں آگے کی طرف جسم کے تناؤ، خون کی رگوں کی سختی۔

**گلونائم:** سر کے اندر خون کی زیادہ مقدار، نبض کا زور زیادہ، سینے اور دل میں گھٹن۔

**پلمبم ایسٹک:** خون کا دباؤ بڑھا ہوا ہو، دماغی حالت خراب، گردن میں خون کی رگیں سخت، گردے کی تکلیفیں لڑکھڑا کے چلنا۔

**فاسفورس:** دماغی اعصاب کمزور، مختلف مقام پر خون کا زیادہ مقدار میں جمع ہو جانا حافظہ کمزور۔

**مقدارِ خوراک:** عام طور پر روزانہ تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں۔ شدید حالت میں چار سے چھے بار۔ سدھار کے دو تین ہفتہ کے بعد روزانہ ایک سے دو بار و لیتے ہوئے علاج جاری رکھیں۔ علاج کے دوران نمک کا استعمال بند کردیں اور طبیعت ٹھیک ہونے پر بھی نمک کا استعمال بہت کم کریں اگر گھینگا ہو یا گلے پر باہر کی طرف غدود کی سوجن ہو تو تقریباً چار سے چھے ہفتہ تک دن میں دس سے پندرہ بوندیں لیتے ہوئے علاج جاری رکھیں۔ غشی یا مرگی کا دورہ یا کوئی دماغی نس بند ہوگئی ہو تو ایک سے دس گھنٹے میں دس سے پندرہ بوندیں پھر بعد میں خوراک دن میں چار سے چھے بار دس سے پندرہ بوندیں لیں۔

**ہدایات:** اگر دل کی کمزوری بھی ہو تو روزانہ R12، کے ساتھ R3، دونوں باری باری دو سے تین بار لیں۔

ساتھ ہی دل کا مرض بھی دل کے پٹھوں میں خون کی رکاوٹ تو R67، اور R2، دیکھیں۔

اگر دل میں درد بھی ہو تو R2، کا استعمال باری باری سے کریں۔ اگر دل کا نظام بگڑ گیا ہو تو R3، دیکھیں۔ دل ٹھیک سے کام نہیں کرتا ہو R58، اور سر چکرانے میں R29، باری باری سے لیں۔ رک رک کر لڑکھڑاتی چال جسم کی عام خون کی رگوں میں خرابی ہو تو R63، دیکھیں

# ڈاکٹر ریکویگ R13
## Hemorrhoidal Drops
### بواسیر کے لئے

**اجزاء :** ایسکولس D2، کولنسو نیا کین D4، گریفائٹس D8، ہیما میلس D3، کیلیم کاربن D6، لائیکو پوڈیم D5، پیونیا آف D3، سلفر D5، ایسڈ نائٹرک D6، نکس وامیکا D4۔

**علامات :** بواسیر، مسّوں میں خارش ہونا، درد، پاخانے کے مقام پر مسّوں کا پھٹ جانا اور مسّوں میں درد کے ساتھ جلن، پرانے پیپ دار زخم (فشر) کانچ کا نکلنا اور سخت خارش (ایگزیما) اور پھولی ہوئی رگوں کو بھی آرام دیتی ہے یہ دوا۔

**اثرات عمل :**

**ایسڈ نائٹریکم:** آنتوں میں چاقو لگنے کی طرح تیز درد و چُبھن، اور چھلنے یا پھٹ جانے کا احساس، اجابت کے وقت شدت سے کھنچاؤ اور درد جو پاخانہ سے فارغ ہونے کے بعد بھی درد ہوتا ہی رہے۔

**ایسکیولس ھپ:** بواسیر کے مسّے جو باہر کی طرف لٹکتے ہو جلد کی سوزش جب جلد کا رنگ گہرا اور لال (سرخ) ہو اور مسّے باہر کی طرف ابھرے ہوئے ہوں۔ ریڑھ کی ہڈی کے اوپری سرے کے قریب ہلکا درد۔ رگوں میں خون کی زیادتی کی وجہ سے سوجن وسوزش۔

**کولنسو نیا کین :** قبض، پیڑو میں خون سیاہ رگیں ابھری ہوئی، غلیظ مواد کا گانٹھ کی وجہ سے سخت قسم کا قبض، پیٹ کا پھولنا اور خونی بواسیر

**گریفائٹس :** قبض اور نرم چپکتا ہوئے پاخانے، پیٹ کا پھولنا، پاخانے کے مقام پر شدید خارش (کھجلی) اور جلد پر سوزش۔

**ہیما میلس :** رگوں کا پھول جانا اور بواسیری مسّوں سے خون آنا۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**کالیم کاربن:** پیٹھ میں درد، پیٹ میں ریاح بنا، پیٹ میں ہوا بھری ہو محسوس ہونا، پاخانہ سخت، پاخانے کا مقام پھولا ہوا ہو خونی بواسیر۔

**لائیکوپوڈیم:** پیٹ میں اینٹھن اور پیٹ کا پھولنا، پیٹ میں ہوا بھری ہو، پاخانہ سخت اور خشک، اجابت کے بعد بھی اطمینان نہ ہو خونی بواسیر، مسّے باہر نکلے ہوئے اور پاخانے کے مقام پر اینٹھن والا درد۔

**پیونیا:** بواسیر کے مسّوں سے مواد آنا اور پاخانے کے مقام پر پیپ دار زخم جس میں بے حد شدید تکلیف دہ درد۔ اور بواسیر میں کھجلی اور مسّوں کا پھٹ جانا اور اس میں غلیظ خون و مواد کا آنا اور اجابت کے بعد بھی آرام نہیں۔ درد ہوتے رہنا۔

**سلفر:** پاخانے کے مقام پر سرخ (لال) سوزش اور کھجلی (خارش) ایگزیما ان تمام کیلئے مئوثر دوا ہے۔

**مقدارِ خوراک:** عام طور پر روزانہ تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں۔ شدید حالت میں دن میں چار سے چھے بار دس سے پندرہ بوندیں۔ بیماری پوری طرح سے ختم ہونے کے بعد بھی کچھ عرصہ تک دن میں ایک یا دو بار دس سے پندرہ بوندیں لیتے رہیں اس طرح علاج جاری رکھیں اور ایسی حالت میں قبض ہونے والی غذا نہ دی جائے بلکہ جلدی ہضم ہونے والی غذا جیسے پکے ہوئے پھل لسی وغیرہ اور زیادہ مرچ مصالحے سے پرہیز کرنی چاہیے۔ میدہ کی ڈبل روٹی، چاکلیٹ، گوشت، بینگن ایسی بادی چیزوں سے پرہیز کرنی چاہئے۔

**ہدایات:** اگر بواسیر کے ساتھ جگر کی بھی خرابی ہو تو R7 کا بھی استعمال کریں۔ کھانا کھانے سے قبل دن میں دو بار کھانے کے بعد R13 دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ اگر جسم میں کمزوری یا خون کی رگیں سوج گئی ہو تو R42 کا بھی باری باری سے استعمال کریں۔ اگر بواسیر کا خون زیادہ آتا ہو یا خون کی کمی ہو تو R31 کا بھی استعمال کریں۔ عورتوں میں ریڑھ کی ہڈی کے آخری سرے میں درد ہو تو R50 دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R14

## Nerve & Sleep Drops

## اعصابی خرابیاں اور نیند کے لئے

**اجزاء :** اوینا سیٹیوا D1، امون برومیٹ D3، کیمو ملا D4، اشکولزیا D2، اگنیشیا D6، ہوملس لوپ D2، پیسی فلورا انکارن D2، ویلیریانا Ø، زنکم ویل D6، کافیا D4۔

**علامات :** نیند میں بے قاعدگی جیسے نیند کا بالکل نہیں آنا یا کم آنے کی وجہ سے طبیعت میں گراوٹ اور چڑچڑاپن جسم میں کمزوری کا احساس، ذہنی تھکاوٹ اور اس کی وجہ سے پیدا ہونے والی شکایتیں یہ دوا نیند کی ہر قسم کی بے قاعدگیوں کو دور کر کے اعصاب کو سکون پہنچاتی ہے۔ اور نیند پوری نہ ہونے کے سبب الجھن، بے چینی، صبح کو اونگھ آنا۔

**اثرات عمل :** نیند کے معمول ٹھیک کر کے عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

**امونیئم برومیٹم:** یہ دوا سکون پہنچاتی ہے۔

**اوینا سیٹوا:** عام اعصابی کمزوری اور جنسی ناطاقتی دماغ پر بار بار تھکن کی وجہ سے پیدا ہونے والی شکایتیں، نیند کی کمی اور سستی۔

**کیمو ملا:** اعصابی نظام کے تناؤ کو دور کرتی ہے اور بڑھی ہوئی حس کو کم کرتی ہے اور نیند اچھی طرح سے نہ آتی ہو اور بے چینی ان تمام امراض میں اس دوا کا استعمال بہتر ہے۔

**اشکولزیا:** سکون پہنچانے والی دوا ہے اور ساتھ ہی بے چینی کو بھی دور کرتی ہے۔

**ہوملس:** تھکاوٹ کے احساس، جسم کی اعصابی کمزوری، پریشانی بے خوابی خیالی، یہ دوا اعصابی کو سکون بخشتی ہے۔

**اگنیشیا:** چڑچڑا پن تھکان کو دور کرتی ہے اور طبیعت میں چستی، خاص طور پر ذہنی صدمے اور رنج و غم کے نتیجے میں۔

**پیسی فلورا انکارن:** بے چینی، چڑچڑاپن، نظام اعصاب کے بے ترتیبی، دل و دماغ میں الجھن ان تمام امراض اور خاص طور پر دل اور دماغ کو فرحت بخشتی ہے۔

**ویلیریانہ:** اُچاٹ نیند سے سو کر اٹھنے پر طبیعت ست اور اعصاب کی کمزوری اور بے چینی۔

**زنکم ویل:** نیند کی کمی اور اعضاء شکنی اور ہاتھ پیروں میں اینٹھن، ٹانگوں میں بے آرامی۔

**مقدارِ خوراک:** اگر نیند نہ آتی ہو اور بے چینی ہو تو ایسی حالت میں دن میں تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں اور رات میں میٹھے پانی کے ساتھ بیس بوندیں عام طور پر چند روز کے استعمال سے نیند بہتر ہو جاتی ہے جب فائدہ محسوس ہونے لگے تو روزانہ ایک سے دو بار دس سے پندرہ بوندیں لیں R14، دوا بعض مریضوں پر مختلف اثر کرتی ہے اگر مقررہ خوراک دینے پر تکلیف بڑھتی ہے تو فوراً خوراک کی مقدار کم کر کے دن میں تین بار صرف پانچ بوندیں کر دیں یا پھر اس سے بھی کم لیں یہاں تک دن بھر میں صرف ایک بار ہی لیں لیکن شام کے وقت نہیں لینی چاہئے۔

**ہدایات:** عام جسمانی تھکان ہو تو (Vita-c15) کا بھی استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ ویٹاسی 15
## Nerve Tonic
### اعصابی و جسمانی مقوی راحت کے لئے

**اجزاء :** ایسیڈم فاسفوریکم D3، سائٹرس میڈیکالیمونم D1، کوکلس D5، ہیلونیس ڈایکا D5، سپیا D5، زینکم ینالیکم D6، سیکرم کورنیٹیا اگنیشیا D5

**علامات :** اعصابی تھکان اور کمزوری، طبیعت کی گراوٹ اور بے آرامی کا احساس، ذہنی پریشانی اور اس کے نتیجے میں نیند کی کمی اعصابی وجوہات سے سر درد، بہت جلدی تھک جانا، پریشان خیال اور عام جسمانی کمزوری، نامردی، بے چینی، گھبراہٹ سوچنے و سمجھنے کی صلاحیت میں۔

**اثرات عمل :** عام جسمانی کمزوری کو دور کر کے جسم میں طاقت پیدا کر کے چستی پیدا کرتی ہے۔ اس کے استعمال سے تھکن غیر معمولی احساس جاتا رہتا ہے اور کھوئی ہوئی جسمانی قوت واپس آنے لگتی ہے۔ یہ دوا ڈاکٹر ریکویگ کی بے حد موثر ہے اسلئے بہت جلدی جسم کو ضروری حیاتیں فراہم کرتی ہے۔

**ایسیڈ فاسفوریکم:** جسم اور ذہن کی تھکاوٹ و کمزوری، پیٹھ اور کمر میں کمزوری کا احساس، دماغی کام میں رکاوٹ، رنج و غم کے احساس کی زیادتی، طبیعت اُکھڑا اُکھڑا سا رہنا اور دن کے وقت بھی اونگھ آنا، بات کرنے کا دل نہ چاہنا، بدخوابی اور نامردی۔

**سائٹرس میڈیکالیمونم:** پٹھوں میں دوران خون کی کمی بے ہوشی، رگوں میں کمزوری۔

**کوکلس:** عام جسمانی کمزوری تھکن کا احساس چڑچڑاپن طبیعت گری گری سی رہنا نیند میں کمی، گردن کے پٹھوں میں کمزوری، سر میں بھاری پن سر چکرانے کا احساس۔

ہیلونیس: تھکان اور طبیعت میں گراوٹ اور عورتوں میں بچہ دانی کی تکلیفیں، چڑچڑاپن، کمزوری، اور الگ تھلگ رہنے کی خواہش۔

سیپیا: اداسی، چڑچڑاپن، ذہن میں تبدیلیاں خاص کر عورتوں میں ماہواری کا رک جانا یا اس سے متعلقہ تکلیفیں۔

زینکم میٹ: تھکان، ٹانگوں میں بے چینی۔ اعصابی کمزوری ذہن سست۔ حافظہ کمزور یا یادداشت کی کمی، ریڑھ کی ہڈی کے طرف کمزوری اور جلن کا احساس، ہاتھ اور پیروں میں چیونٹیاں رینگنا اور چبھن۔

مقدارِ خوراک: شروعات میں روزانہ تین بار ایک چھوٹا چمچہ (5ML) سے تین بڑے چمچے (30ML) تک لیں۔ سدھار ہونے پر یہی خوراک آپ چاہیں تو صرف شام کا شام لے لیا کریں۔

ہدایات: نیند میں خرابی ہو تو R14، دیکھیں۔ عورتوں میں ماہواری بند ہو تو یا حیض میں کوئی پریشانی ہو تو R10، کا بھی استعمال کریں۔ اندرونی گلٹیوں کی بھی شکایت ہو تو R19، یہ آدمیوں کیلئے۔ اور عورتوں میں غدود کی تکلیفیں ہو تو R20، دیکھیں۔ بلڈ پریشر کی کمی یعنی لو بلڈ پریشر ہو تو R44، دیکھیں۔ نامردی ہو تو R41، دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ ویٹا سی 15 فورٹ

## Tonic

### عام جسمانی کمزوری میں طاقت کے لئے

**اجزاء :** ایسیڈم فاس D3، سائٹرس میڈیکا لیمونم D1، کوکلس D5، جینسینگ D1، ہیلونس ڈائیکا D5، سیپیا D6، زینکم میٹالیکم D6، سیکرم کورنیٹیشیا گنیشیا D5۔

**علامات :** عام جسمانی کمزوری اعصابی تھکان طبیعت کی گراوٹ سر میں درد۔ نامردی، بے چینی، گھبراہٹ، سوچنے سمجھنے کی صلاحیت میں کمی اور بیماری سے ٹھیک ہونے کے بعد کی کمزوری۔

**اثرات عمل :** اعصابی کمزوری، تھکان، معمولی سا چلنے پھرنے پر تھک جانا، کام کرنے کو جی نہ چاہنا تمام اعصابی وجسمانی ہاتھ پیر کی کمزوری کیلئے بے موثر دوا ہے۔

**ایسیڈم فاس:** جسم اور ذہن کی تھکاوٹ وکمزوری، پیٹھ اور کمر میں کمزوری کا احساس، دماغی کام میں رُکاوٹ، رنج وغم کا احساس کی زیادتی، طبیعت اُکھڑا اُکھڑا سا رہنا اور دن کے وقت بھی اونگھ آنا، بات کرنے کا دل نہ چاہنا، بدخوابی اور نامردی۔

**سائٹرس میڈیکا لیمونم:** پٹھوں میں دوران خون کی کمی بے ہوشی، رگوں میں کمزوری۔

**کوکلس:** عام جسمانی کمزوری تھکن کا احساس چڑچڑاپن طبیعت گری گری سی رہنا نیند میں کمی، گردن کے پٹھوں میں کمزوری، سر میں بھاری پن سر چکرانے کا احساس۔

**جینسینگ:** اعضاء جسم کی کمزوری تھکان، کمر میں کمزوری سوچنے کی صلاحیت کم ہو جانا مشت زنی کے متعلقہ کمزوری۔

**ہیلونیس:** تھکان اور طبیعت میں گراوٹ اور عورتوں میں بچہ دانی کی تکلیفیں،

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

چڑچڑاپن، کمزوری، اور الگ تھلگ رہنے کی خواہش۔

**سیپیا:** اداسی، چڑچڑاپن، ذہن میں تبدیلیاں خاص کر عورتوں میں ماہواری کا رک جانا یا اس سے متعلقہ تکلیفیں۔

**زینکم میٹ:** تھکان، ٹانگوں میں بے چینی۔ اعصابی کمزوری ذہن سست۔ حافظہ کمزور یادداشت کی کمی، ریڑھ کی ہڈی کے طرف کمزوری اور جلن کا احساس، ہاتھ اور پیروں میں چیونٹیاں رینگنا اور چبھن۔

**مقدارِ خوراک:** ایک ڈاکٹر جو آپ کو مشورہ دے سکتا ہے وہ یہ کہ ہر بار جب تھکان محسوس ہو تو پہلے وبنا ی 15 کا استعمال کریں اگر زیادہ کمزور ہو یا زیادہ طاقت حاصل کرنا چاہتے تو میرا مشورہ ہے کی چھ دنوں تک روزانہ دو بار یعنی صبح و شام کو لیں اور اس کے بعد مسلسل تین ہفتہ تک روزانہ ایک خوراک جاری رکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R16

## Migraine & Neuralgia Drops

آدھے سر کے درد اور اعصابی درد کی دوا

**اجزاء :**

سمیسی فیوگا D4، جیلسیم D3، آرَس D2، سینگونیریا D3، سپائی جیلیا D4

**علامات :** آدھے سر (آدھاسی) کا درد اور سر کے نسوں میں درد کی وجہ سے مستقل رہنے والا درد جو عام طور پر معمولی سی سردی کی وجہ سے ہونے لگتا ہو۔

**اثرات عمل :**

**سمیسی فیوگا:** رگوں میں تیز درد خاص کر عورتوں کے بچہ دانی کی گلٹیوں کی خرابی کی وجہ سے ہونے والا اعصابی درد، آنکھوں کے اوپر پیشانی کا درد سر کے اوپر کے حصہ میں گرمی کا احساس۔

**جیلسیم :** سر بھاری، طبیعت زیادہ خراب معلوم ہو۔ روشنی سے نفرت، آنکھوں کے اوپر درد۔

**آرَس ورسیک:** درد کی صورت میں آدھے سر کا درد اور شدید قسم کا سر درد جس کی وجہ کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ نظر میں بھی روشنی کم محسوس کرتے ہیں۔ ایسا درد جو بہت شدید ہو کر تے ہونے پر ختم ہو جاتا ہے۔

**سینگونیریا:** عصبی چڑچڑاپن، درد سر بار بار سردی اور گرمی محسوس ہونا۔ روشنی اور تیز آواز سے تکلیف زیادہ لیٹ جانے پر آرام محسوس ہو۔

**سپائی جیلیا:** یک طرفہ سر درد، جو سورج کے ساتھ بڑھنا غروب ہونے سے درد بھی کم ہونا۔

**مقدارِ خوراک :** درد کی شدت میں تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں دن میں تین سے چھ بار

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

سدھار کے بعد بھی دو تین دن تک روزانہ تین بار دس بوندیں لیں۔

**ہدایات:** انفلوئنزا میں R6، کا بھی استعمال کریں۔ سر کی رگوں کی سوزش ہو تو R1، کی دس سے پندرہ بوندیں تھوڑے پانی میں روزانہ تین سے چھ بار لیں اگر درد سر بلڈ پریشر زیادہ ہونے کی وجہ ہو یا خون کی رگیں سخت ہو گئی ہوں تو R12، کا مطالعہ کیجئے اگر درد سر گٹھیا کی وجہ سے ہو تو R11، استعمال کریں پرانا نزلہ زکام کی وجہ سے چہرے کی سوزش ہو تو R49، اور R1، دیکھیں اور چہرے کی رگوں میں خرابی ہو تو R70، دیکھیں یہ تمام دوائیاں R16، کے ساتھ استعمال کرائی جا سکتی ہے۔

# ڈاکٹر ریکویگ R17
## Tumour Drops
## گلٹیاں اور کینسر کی گانٹھوں کے لئے

**اجزاء :** ناجاٹری پوڈیفس D6، اسکروفولیریا نوڈ D2، ایسیڈیم لیکٹیکم D4

**علامات :** ہر قسم کی گانٹھیں اور رسولیاں اور ہر طرح کی بڑھتی ہوئی گلٹیاں چاہے وہ کینسر والی گانٹھ ہو یا عام طور پر جو گانٹھیں ہوتی ہے۔ پرانے زخم اور پیپ دار پھوڑا مثلاً بخار سے ہونے والی گاتی یا تپ دق کا پھوڑا یا زخم، ایگزیما (چھاجن) اور تمام جلدی امراض کی سوزش اور دانے اندرونی جھلی کا ابھرنا اور بڑھ جانا جلد پر چھلکے پڑ جانا یا مسّے کا بننا۔

**اثرات عمل :**

**ناجاٹری پوڈیفس:** زخم میں سے مردہ خون جیسے پیپ وغیرہ کو دور کرتا ہے وہ گانٹھیں جو بڑھکر کینسر کا روپ لے لیتی ہے ان تمام بڑھتی ہوئی گلٹیاں اور اس میں بننے والے پیپ کو یہ دوا روکتی ہے اور پیپ نہیں بننے دیتی ہے چاہے وہ گانٹھیں عورت کی چھاتی میں ہو یا جسم کے کسی اور حصہ میں خراب ہو یا وہ پیپ بن چکا ہو یہ دوا ن تمام مواد کو دور کر کے وہاں پر نیا گوشت پیدا کرتی ہے اور پیپ کو پتلا کر کے پیپ بننے سے روکتی ہے زخم یا جلدی مرض میں ہونے والے ابھار کو کم کر کے مرض سے مقابلہ کرنے کی طاقت پیدا کرتا ہے۔

**اسکروفولیریا نوڈ:** کینسر وغدود اور گلٹیوں میں کینسر کے اثرات، عورتوں میں چھاتی کے اندر سوجن گانٹھ جو آہستہ آہستہ بڑھ کر کینسر میں بدل جانا، یا پٹھوں کی (سرطان) کینسر والی رسولیاں یا عورت کے بچہ دانی کی گانٹھیں و رسولی اور اندرونی جھلیوں کی سوجن جو علاج نہ کرنے پر مہلک بن جاتا ہے۔

**مقدارِ خوراک :** عام طور پر تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں روزانہ تین بار کھانا کھانے سے قبل۔ اگر کینسر کا بھی خطرہ ہو تو یا کینسر ہو تو چار بار تھوڑے پانی میں بیس بوندیں لیں اور مرض

میں سدھار ہونے پر ہی خوراک میں کمی کریں اور اسطرح کئی مہینے تک علاج جاری رکھیں۔

**ہدایات:** کینسر کے علاج میں اس دوا کو کینسر کے لئے خاص مانا جا سکتا ہے بہتر ہوگا کے آپریشن کے بعد اس دوا R17، کا استعمال کریں کیونکہ اس دوا کے استعمال سے مریض بہت جلد اچھا ہو جاتا ہے اور درد کی تکلیفیں جاتی رہتی ہے R17، کے استعمال سے آرام کے ساتھ بھی ہو جاتا ہے۔ عورتوں کے مخصوص اعضاء کی بیماریوں کیلئے R38، دائیں طرف کیلئے اور R39، بائیں طرف کیلئے اور خون کی کمی ہو (انیمیا) کی حالت میں R31، کا استعمال کریں پروسٹیٹ کی حالت میں R25، دیکھیں اگر جگر (لیور) کی خرابی ہو تو روزانہ ایک بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں R7، کا بھی لیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R18
## Kidney & Bladder Drops
### گردے اور پیشاب کی تھیلی کے لئے

**اجزاء :** بربیرس D4، کینتھرس D4، ڈکامارا D4، ایکویزیٹم ہیم D6، یوپیٹوریم پرپ D3

**علامات :** گردوں کی سوزش اور ورم گردے کی پتھری گردوں میں تیز چبھن کے ساتھ درد ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصے کا پیٹ درد اور پیٹ کے اندر کی جھلی کی سوزش اور پیشاب میں جلن اور پیلے رنگ مٹی جیسا اور رحم کی سوزش اور پیشاب کرتے وقت جلن محسوس ہو اور گاڑھا زرد (پیلا) رنگ کا ہونا۔

**اثرات عمل :** **بربیرس:** گردوں کے قریب تیز درد کے ساتھ چبھن جو دبانے سے بڑھ جائے ۔ریڑھ کی ہڈی کے آخری سرے کے قریب درد پیٹھ میں اینٹھن اور چبھن والا درد ہو اور جلد کے اندر سے پانی گزرنے کا احساس ہو۔

**کینتھرس:** گردوں کے مقام پر ہلکا ہلکا درد ہوتے ہوئے جلن کا احساس، اور بار بار پیشاب کرنے کی ضرورت محسوس ہو اور پیشاب کا بوند بوند آنا پیشاب میں لالی (سرخی) لیسدار اور خون بھی ملا ہوا آئے اور پیشاب کی تھیلی کی سوزش۔

**ایکویزیٹم ہیم:** گردوں اور مثانے پر اس دوا کا اثر کینتھرس جیسی ہوتی ہے کیونکہ اسمیں سلی سلک ایسڈ ہوتا ہے اور یہ دوا (مثانہ) پیشاب تھیلی میں ہونے والے درد کو روکتی ہے اور پیشاب میں خون آنے سے روکتی ہے اور بلا ارادہ پیشاب کا نکل جانا خاص طور پر عورتوں میں پیشاب کی تھیلی کی سوزش اور پیشاب کے ساتھ لیسدار مادہ (البومن) سفید پانی یا پھر خون کا آنا اور پیشاب میں ریگ (یورک ایسڈ) جس کی وجہ پیشاب کرتے وقت جلن ہوتی ہو۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**یوپیٹوریم پرپ:** مثانے کی سوزش کی خاص دوا ہے۔ بار بار پیشاب کی ضرورت محسوس ہو اور پیشاب کرتے وقت درد ہو پیشاب خواہ کم ہو یا زیادہ پیشاب کا رنگ گہرا اور لیسدار ہو۔

**ڈلکامارا:** مثانے کی سوزش کے ساتھ درد بھی ہو اور ہر وقت پیشاب کرنے کی ضرورت محسوس ہو، پیشاب یا تو بہت زیادہ یا پھر بہت کم پیشاب ہو پیشاب کا رنگ گہرا اور چک دار اور مثانہ کمزور موسم کی نمی ہو تو تکلیف زیادہ بڑھ جانا، یہ دوا خاص طور پر مثانے کی اندرونی جھلی پر اثر کرکے اسکی سوزش کو ختم کرتی ہے اور پیشاب کی بدبو کو بھی دور کرتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** مثانے اور گردے کے ساتھ (مثانہ) پیشاب کی تھیلی میں سوزش ہو تو شروعات میں ہر گھنٹے پر تھوڑے پانی میں دس بوندیں لیں اسکے بعد یہی خوراک ہر دو گھنٹے پر لیں۔ جب آرام ہونے لگے تو دن میں تین سے چار بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ گردے و مثانے کی پرانی سوزش یا بدبودار پیشاب ہو جو جراثیم کی وجہ سے ہوتا ہے تو روزانہ کھانے سے قبل تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں جب مکمل طور پر ٹھیک نہیں ہوتا پیشاب میں جلن ہو تو روزانہ ایک یا دو بار پانی میں دس یا پندرہ بوندیں لیں۔

**ہدایات:** گردے میں پتھری ہو تو R27، کی 10-15 بوندیں دن میں دو بار لیں مثانے کی گردن پر غدود و سوجن (پروسٹیٹ) میں R25، اور R18، باری باری سے دیں۔ پیشاب میں پرٹین جانا یا سوزش ہو تو R64، بھی دیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R19
## Glandular drops for Men
مردوں کے گانٹھ (غدود) کی بیماریوں کے لئے

# ڈاکٹر ریکویگ R20
## Glandular drops for Women
عورتوں کے گانٹھ (غدود) کی بیماریوں کے لئے

**اجزاء :** گلینڈولے تھائی مس D12، تھائی روڈینم D12، ہائی پو فاسس D12، پنکریاز D12، گلینڈولے سپرارینلز D12، ٹیس ٹیز D12
(اوریا R20 D12 میں)

**علامات :** اندرگلٹیوں کی رطوبت غدود ہونے کی وجہ سے جسم کی نشوونما سے متعلق خرابیاں جو جسم کی پرورش نہیں ہونے دیتا ہو اور دماغ کے نیچے پائے جانے والے غدود کی خرابی کی وجہ قد نہ بڑھنا عمر کے مطابق وزن میں اضافہ نہ ہونا گلے کے غدود کا بڑھ جانا (گھینگا) اور اسکی وجہ سے ہونے والی بیماریاں دوسرت اور غدود کے مرض خون چربی یعنی کولسٹرول کا بڑھ جانا اور ساتھ ہی وزن کا بڑھ جانا (Myxoedema) وغیرہ۔

**اثرات عمل :** **گلینڈولے سپرا:** عام جسمانی کمزوری، وزن کم ہونا، دبلاپن، پٹھوں کی اینٹھن یا ان کا ڈھیلا اور نرم ہو، جسم کا پھول جانا، پٹھوں کی کمزوری ہاتھ پاؤں ٹھنڈے ہو جانا، جوڑوں کا درد یا پرانے دانے (الرجی) دمہ یا دوسری متعلقہ تکلیفیں خون میں جراثیم سے مقابلے کی صلاحیت میں کمی اور خون میں سفید ذرات کی تعداد میں کمی ہو۔

**ہائی پوفاسس:** ہارمون نظام کو باقاعدہ کرنے کے لئے بنیادی اہمیت رکھتا ہے اور خون میں لیلک تیزاب کی ضروری مقدار معدنی اجزاء مثلاً لوہا، تانبا وغیرہ اور پانی کی صحیح مقدار کو برقرار رکھتا ہے۔

**پینکر یاز:** ہاضمہ کی تحلیل یعنی معدے کیلئے اور چینی کی بیماریوں کے ہاضمہ کی صلاحیت بڑھاتی ہے۔

**ٹیس ٹیز:** مردوں میں وعورتوں میں بڑھاپے کی کمزوری کو دور کرتی ہے جنسی طاقت (نامردی) یادداشت، طبیعت گری گری سی رہنا غدود کا فعل خراب، اپنے کو کمتر سمجھنا، مردانہ غدود میں پیدائشی کمزوری سوتے نکل جانا نامردی م عورتوں میں جنسی رجحان کم اور مردوں میں منی کے کیڑوں کی کمی یا بالکل نہ ہونا، یا پیشاب میں بدبو ہو۔ اور پیشاب میں جلن وسوزش اور نم موسم میں تکلیف بڑھ جاتی ہو۔

**مقدارِ خوراک:** اگر پیشاب کی سوزش ہو تو عام طور پر ہر گھنٹے تھوڑے پانی میں دس بوندیں لیں پھر اسکے بعد ہر دو گھنٹے پر لیں اور جب طبیعت ٹھیک ہونے لگے تو دن میں 3-4 بار تھوڑے پانی میں 10-15 بوندیں لیں جب تک مکمل طرح سے طبیعت ٹھیک نہ ہو جائے۔
پیشاب میں جلن ہو تو ایک یا دو بار پانی میں 10-15 بوندیں لیں۔

**ہدایات:** گردے کی پتھری ہو تو R27، کی 10 سے پندرہ بوندیں دن میں دو بار لیں۔ پروسٹیٹ کی سوزش R25، کے ساتھ R18، باری باری سے دیں۔ پیشاب میں پروٹین یا پرانی سوزش پائی جاتی ہے تو R64، بھی دیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R21
## Reconstituant Drops
### خون اور جلدی امراض کے لئے

**اجزاء :** تھوجا D30، سورائی نم D30، میڈورینم D30، ویکسینینم D30

**علامات :** پرانا ایگزیما، جلد کی ایسی بیماریاں جو عام دواؤں سے ٹھیک نہ ہو، جلد کی بیماریوں کے ساتھ پائی جانے والی دوسری جسمانی تکلیفیں اور بیماریوں کے خلاف مقابلے کے لئے جسم میں قوت پیدا کرتی ہے۔ پرانا سوزاک اور جسم کے تمام حصوں کی جلدی بیماریوں کے لئے یہ دوا مفید ہے۔

**اثراتِ عمل :**

**میڈورینم:** جلد کی شدید اور پھیلی ہوئی خارش جو شام کے وقت بڑھ جایا کرے، جلد کا سوراخ یعنی جگہ جگہ لال داغ جو بھی گہرے سرخ ابھاروں میں بدل جاتے ہیں، نامکمل علاج کی وجہ سے دبے ہوئے سوزاک کے اثرات۔

**ویکسینینم:** چیچک کے ٹیکے کی تکلیف یا گانٹھ، پھپھولے پڑ جانا، پھوڑے پھنسیاں اور تمام خون کی خرابی سے ہونے والے امراض اور جسمانی کمزوری۔

**تھوجا:** جلد میں ڈھن اور شدید درد کے ساتھ جلن وسوزش اور خارش ایگزیما اور خاص طور پر سر اور چہرے پر مسّے۔

**سورائی نم:** جسم میں پائی جانے والی گلٹیوں کے نظام کو درست کرتا ہے اور ان کی وجہ سے ہونے والی تکلیفوں کا موثر علاج ہے۔ جلد کے چھاپے سخت ابھاروں اور دانے جن میں پیپ پڑ گئی ہو، عام جسمانی کمزوری، زخموں کے دانے سے جسم کے دوسرے حصوں سے بدبودار رطوبت۔

**مقدارِ خوراک :** عام طور پر لمبے عرصہ تک روزانہ تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**ہدایات:** انجائنا میں R23 لیں۔ بار بار تکلیف ہونے پر R21 کی دس سے پندرہ بوندیں روزانہ ایک سے دو بار ساتھ میں لیں۔ طبیعت میں سدھار ہونے پر خوراک میں کمی کر کے دن میں ایک بار لیں۔ طبیعت میں از جلد سدھار کے لئے R26 کا استعمال کریں۔ واپس کی بیماریوں کے لئے R65 کا استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R22

## Drops for nervous Disorders

دل کے درد کی خاص دوا ہے

**اجزاء :** گرینڈ یلیاراب D4، لیکے سس D12، ناجاٹرائی پوڈ D12

**علامات :** اعصابی امراض سینے میں بھاری پن کا احساس گھٹن اور سانس رکنے کا احساس خاص کر جب پیٹ پھول گیا ہو اور دل کے مقام پر درد کا احساس (Anginous) سے متعلق امراض۔

**اثرات عمل :** **ناجاٹرائی پوڈ:** دل کا درد (Anginous) کے متعلق مرض۔ سر کے اگلے حصہ اور پیشانی میں سوزش اور دکھن خاص کر دل کے مقام پر درد ہو۔

**گرینڈ یلیاراب:** ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دل بہت بڑا ہو گیا ہو جو سینے میں نہیں سما سکتا دل اور پھیپھڑوں کی کمزوریاں لیٹنے کی حالت میں دم گھٹنے کا احساس۔

**لیکے سس:** گھبراہٹ جو دشمنی اور عداوت کے جذبات۔ درد سر خاص کر بائیں آنکھ کے اوپر دل کی دھڑکن اور دم گھٹنے کی جیسی حالت۔ سوتے وقت اور شام کو تکلیف زیادہ، لیٹنے کی حالت میں سانس لینے میں پریشانی اور نبض کمزوری اور باقاعدہ گرمی سے تکلیف بڑھ جانا۔

**مقدارِ خوراک :** عام حالات میں کھانا کھانے سے قبل روزانہ تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں

**ہدایات :** دل کے پٹھوں میں خون ٹھیک طرح سے کام نہیں کر رہا ہو دل میں خرابی کی وجہ دل سے میں خون جانے میں رکاوٹ ہو تو R3 دیکھیں R22 کے ساتھ استعمال کریں دل میں درد ہو تو R2، دیکھیں دل کے ساتھ گردے کی پریشانی ہو تو R58، دیکھیں دل کے اندر والے رگوں میں رکاوٹ ہو تو R67، اور R55، دل کی حرکات میں بے قاعدگی ہو تو R66، دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R23

## Eczema Drops

### چھاجن، داد، ایگزیما، چنبل کی دوا

**اجزاء :** آرسینکم البم D30، ایپس میلیفیکا D30، رسٹاکس D30، سلفر D30،

**علامات :** نئی و پرانی داد، ایگزیما، چھاجن، چنبل، دانے اور خشکی اور جلد کے اوپر کے چھلکے اترنا، پھوڑا پھنسی۔

**اثرات عمل :** **ایپس میلیفیکا:** جلد کی ایسی سوزش جو حلقوں کی صورت میں جس کا رنگ سرخ ہو اور ان میں سوجن اور تیز چبھن ہو اور جلد میں خارش بھی ہو اور سوزش بھی ہو۔

**آرسینکم البم:** پپڑیاں بننے کے ساتھ جلد میں خشکی، ایگزیما چھوٹے آبلے ہو، جو آگے چل کر پیپ دار دانوں میں بدل جائے۔ جگہ جگہ پیپ ہو اور اس میں سے بدبو آتی ہو۔

**رسٹاکس:** جلد سرخ دانے دار جس پر شدید جلن اور سوزش ہو اور جلد پر سرخ رنگ کے چھالے (پھپھولے) اور سوزش سے متاثر ہو۔ کبھی ایسا بھی جو جلد پر بھی سوجن، پیپ دار زخم ایگزیما، شروع میں چھوٹے لال رنگ کے دانے اور بعد میں یہی بڑے ہو کر پھپھولے کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور سوزش۔

**مقدارِ خوراک:** کافی عرصہ تک صبح اور شام تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔

**ہدایات:** پرانے ایگزیما میں R21، کی دس پندرہ بوندیں روزانہ لینے سے بیماری میں جلد سدھار ہونے لگتا ہے اور اس سے بھی جلد اثر کرنے کیلئے R26، کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اور جلد کے کسی حصہ میں چھوٹے چھوٹے پیپ دار یا داد کی شکل میں ہو تو R68، اپرس، چوٹ، یا زخم ہو تو R65، دیکھیں چھوٹے بچوں میں چندیا چہرے پر یا سر میں مرض ہو تو R34، دیکھیں خسرے میں R62، دیکھیں۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

# ڈاکٹر ریکویگ R24

## Pleurisy, intercostal neuralgia Drops

پھیپھڑے کے جھلیوں کی سوزش، پسلیوں کی اندرونی رگوں میں درد کے لئے

**اجزاء :** سی سی فیوگا D6، کولوسینتھس D8، کالی کارب D6، نیٹرم سلفوریک D6، رینکولس بلب D4، برائسونیا D4

**علامات :** پھیپھڑے کی جھلی کی سوزش جس کے ساتھ بخار، کھانسی اور سانس لینے میں سینے میں تیز چبھن ہو۔ پیٹ میں نیچے کی طرف درد اور عورتوں میں بچہ دانی کے دو طرف پائی جانے والی گلٹیوں کی سوزش اور پیٹ کے اندر کی جھلیوں کی سوزش اور دل کے اوپر کی جھلیوں کی سوزش جوڑوں کا درد۔

**اثرات عمل :**

**سی سی فیوگا:** پھیپھڑوں کی جھلیوں میں سوزش کے ساتھ درد، سینے کا درد جو خاص طور پر دائیں طرف زیادہ ہو، جو زیادہ تر کمزور اعصاب والی عورتوں میں ہوتا ہے۔

**کولوسینتھس:** دماغ اور اعصاب خاص طور پر پھیپھڑوں کی جھلی کی سوزش میں کام کرتی ہے۔

**کالی کارب:** پھیپھڑوں کی جھلیوں میں درد اور سینے کا درد حرکت کے وقت یا بغیر حرکت کے محسوس ہونا سینے میں چبھن والی درد جو دوپہر کو زیادہ درد ہونے لگے، نمونیہ کے اثرات کے ساتھ بلغم زیادہ خارج ہو اور پسینہ نکلنے کے بعد نمونیہ ہونا۔

**نیٹرم سلفوریک:** سرد مزاج والے مریض کے علاج کی خاص دوا ہے موسم کی نمی کی وجہ سے بائیں جانب نویں یا دسویں پسلی کے مقام پر زیادہ درد ہونا، یا سینے میں درد۔

**رینکولس بلب:** پسلیوں میں اندرونی طرف سینے میں تیز درد جو چبھتا ہو اور درد اور موسم کی تبدیلی سے زیادہ درد اور دم گھٹنے کا احساس اور سانس لینے اور دباؤ سے زیادتی۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**مقدارِ خوراک:** عام حالت میں کھانے سے قبل 6-4 بار تھوڑے پانی میں 15-10 بوندیں۔ سدھار ہو
نے پر خوراک میں کمی کر کے دن میں تین بار دس بوندیں لیں۔ اور ٹھیک ہونے کے بعد
بھی کچھ عرصہ تک علاج جاری رکھیں۔

**ہدایات:** اگر انفلوئنزا پہلے ہو چکا ہو تو روزانہ 2-3 بار R6 بھی ساتھ میں دیں حلق میں ورم یا درد ہو
تو یا پہلے ہوا ہو تو R1، ایک سے دو بار 10-15 بوندیں دیں۔ کالی کھانسی میں R9،
اور R8، استعمال کرائیں نزلہ زکام جب پھیپھڑوں تک پہنچ گیا ہو تو R48، دیکھیں
تپ دق اور پھیپھڑوں میں سوزش ہو تو R57، دیکھیں اگر عورتوں میں بیضہ دانی کی
سوزش ہو تو R1، کے ساتھ باری باری سے لیں اور اسی کے ساتھ R38، اور R39
، کا بھی استعمال کر سکتے ہیں اپنڈ سائٹس کے معاملہ میں آپریشن کی نوبت پہنچنے سے قبل
تک R24، اور R38، باری باری سے ہر ایک سے دو گھنٹے پر دس سے پندرہ بوندیں
لیں پرانے اپنڈ سائٹس میں بار بار درد و تکلیفیں ہو تو R1، اور R24، کے ساتھ
R38، کی بھی 15-10 بوندیں روزانہ ایک بار دیں۔ اگر تیز چبھن والی جوڑوں کا درد
و سوزش میں ہر ایک سے دو گھنٹے پر R24، کے ساتھ باری باری سے R1، بھی دیں
شروع میں آدھے آدھے گھنٹے پر بھی دے سکتے ہیں۔ پسلیوں کے اندرونی طرف میں
درد ہو تو R24، کے ساتھ R69، بھی دیں۔

# ڈاکٹر ریکوگیگ R25
## Prostatitis
## پراسٹیٹ غدود کی سوزش کے لئے

**علامات :** چیما فیلا امبیلٹ D3، کلے میٹس D3، کونیم D5، فیرم پکرین D4، پریرا براوا D2، پالمس زیم D3، پلسٹیلا D3، سبیل سرولا D2

پراسٹیٹ گلینڈ کا ورم اور اس کی وجہ سے ہونے والی پیشاب کی تکلیف اور پراسٹیٹ کی سوزش اور غدود کے متعلقہ تمام امراض۔

**اثرات عمل :**

**چیما فیلا امبیلٹ:** پیشاب کرتے وقت تیز چبھتا ہوا درد، خاص طور پر رات کے وقت بار بار پیشاب کی حاجت، مثانے سے اٹھتا درد پیشاب کی نالی میں نیچے تک آتا ہو، پتھری یا ریت کی وجہ سے مثانے میں خراش اور پیشاب بار بار رک کر آتا ہو درد کی شدت کے ساتھ۔

**کلے میٹس:** پیشاب کی نالی میں سوزش اور اسکے نتیجے میں نالی کا جگہ جگہ سے جڑ کر راستہ تنگ ہو جانا پیشاب بغیر پیپ کے لیکن لیس دار پیشاب رُک رُک کر آنا یا پیشاب کرنے سے پہلے دیر تک انتظار شروع میں قطرے قطرے اور جلن کے ساتھ ہونا یا پرانا سوزاک ہو یا اس کی سوزش ہو۔

**کونیم:** پراسٹیٹ کا بڑھنا اور پیشاب کا رک رک کر آنا، جسم کی سخت کمزوری اور گردے اور خاص طور پر مثانے کی کمزوری۔

**فیرم پکرین:** رات کو سوتے میں پیشاب کی حاجت ہو، پیشاب بلا ارادہ نکل جائے، ہروقت یہ معلوم ہو کہ پیشاب آرہا ہے۔

**پریرا براوا:** شدید اینٹھن کے ساتھ پیشاب کا قطرہ قطرہ آنا، گردے کے مقام سے درد اٹھکر ران تک محسوس ہو، پیشاب میں گاڑھاپن، تیزابیت، اور خون ملا ہو،

مثانے میں پتھری۔

**پاپلس ٹریم:** پیشاب کی حاجت زیادہ لیکن پیشاب کرتے وقت سخت تکلیف، پراسٹیٹ گلینڈ بڑھا ہو، اور ٹانگوں میں درد۔

**پلسیٹیلا:** مردوں کے غدود میں سوزش، پراسٹیٹ کا یا غدود کا بڑھنا یا پیشاب میں پیلا پن اور ٹانگوں میں درد۔

**سبیل سیرولا:** پراسٹیٹ (غدود) گلینڈ کا بڑھ جانا اور بار بار پیشاب کرنے کی ضرورت پیش آنا لیکن کھل کر پیشاب نہ ہو اور پیشاب کے وقت شدید درد ہو۔

**مقدارِ خوراک:** عام طور پر کھانا کھانے سے پہلے مختصر پانی کے ساتھ دس سے پندرہ بوندیں روزانہ چار سے چھے بار لیں۔ سدھار ہونے پر لمبے وقتوں تک یعنی پوری طرح ٹھیک ہونے تک دن میں تین بار دس بوندیں تک لیں۔

**ہدایات:** **پراسٹیٹ گانٹھ (غدود) کی سوزش میں R1** کا بھی استعمال کریں گردے، مثانے کی سوزش میں R18۔ اگر شدید حالت ہے تو R25، کے ساتھ بھی دیا جا سکتا ہے۔ لنگڑی (عرق النساء) کا درد ہو تو R71، دیکھیں۔ گردے کی بیماری ہو تو R64، دیکھیں۔ رگوں (اعصاب) کی سختی ہو تو R12، دیکھیں اعصابی خرابی رگوں میں خون کا صحیح طرح سے کام نہ کرنا R2، کا استعمال کریں۔

# R26 ڈاکٹر ریکویگ

## Draining and Stimulating Drops

### بیماریوں کے بعد کمزوری میں طاقت کے لئے ڈراپس

**اجزاء :** ایسڈ نائٹرک D12، ایسڈ فاسفوریک D12، کیلشیم آیوڈیٹ D12، فیرم ایوڈیٹم D12، سلفر آیوڈیٹ D12

**علامات :** یہ دوا بیماریوں کے بعد کی کمزوری دور کر کے ساتھ آنے والی بیماریوں سے لڑنے کی طاقت پیدا کرتی ہے۔ کمزوری چاہے جیسی بھی ہو دور ہو جاتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ یہ دوا طاقت کے لئے بے حد مؤثر ہے۔

**اثرات عمل :** **ایسڈ نائٹرک :** معمولی سی بات پر دل کا گھبرا جانا اور حرکت کی زیادتی، رات کو سوتے وقت پسینے کی زیادتی اور اس کی وجہ جسم کا کمزور ہونا اور تھکن کا احساس، بدن کا ٹھنڈا ہو کر کپکپی ہونا سردی محسوس ہونا۔

**ایسڈ فاسفوریک:** جسمانی تھکن کا احساس، خاص طور پر دماغ اور اعصاب میں معمولی محنت کا کام کرنے سے شدید تھکن ہاتھ پیروں میں بھاری پن اور چیونٹیاں چلنے کا احساس، چکر آنا۔

**کیلشیم آیوڈیٹ:** خون زیادہ لیسدار اور گاڑھا، اور یہ دوا فیرم آیوڈیٹ کے ساتھ زیادہ اثر دار ہو جاتی ہے اور گلے میں ہارمون کی گلٹی (تھائرائیڈ) پر بے حد مؤثر ہے۔

**فیرم آیوڈیٹ:** خون کا دوران بہتر نہ ہونا، چہرہ پیلا پن اور ذرا سی بات پر چہرہ لال ہو جانا، معدہ کا فعل خراب ہو جانا ناک سے خون آنا، سر درد اور کمزوری کا احساس۔ نبض بہت زیادہ بھری ہوئی محسوس ہو لیکن نرم اور کمزور ہو۔

**مقدارِ خوراک:** عام حالت میں یہ دوا دن میں صرف ایک بار دس سے پندرہ بوندیں تھوڑے پانی میں ملا کر لیں۔ اس دوا کے استعمال سے دوا کے اثرات ظاہر نہ ہو تو دن میں دو سے تین بار

دس سے پندرہ بوندیں لیں۔

**ہدایات:** یہ دوا دوسری کسی بھی دوا کے ساتھ استعمال کرائی جا سکتی ہے لیکن اس بات کا خاص خیال رکھنا چاہئے کہ یہ دوا پرانے امراض میں اپنا ایک خاص مقام رکھتی ہے اگر کوئی مریض پر اثر کم کر رہی ہے تو بھی اس دوا کے دینے پر اس کے اثرات تیز ہو جاتے ہیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R27
## Renal Calculi Drops
## گردے کی پتھری کے لئے

**اجزاء :** ایسڈ نائٹریک D6، بربیرس D3، لائکوپوڈیم D5، روبیاٹنکٹر D2، سرساپریلا D3، لپس رینالیس D12

**علامات :** گردے کی پتھری گردے کے مقام پر تیز چبھتا ہوا درد، کمر میں بھی چبھن والا درد، پیٹھ کے نیچے حصہ میں درد، چبھن، لال رنگ کا گاڑھا پیشاب جس میں گردے اور مثانے کی ریت، اور پیشاب کرتے وقت اینٹھن، پیشاب میں پتھری کے اجزاء موجود ہو۔

**اثرات عمل :**

**ایسڈ نائٹریک:** پیشاب میں کھٹاس والی ایسڈ (Oxalicacid) کی وجہ پیشاب میں پتھری موجود ہو۔

**بربیرس:** گردے میں تیز درد، دبانے سے درد بڑھ جانا، ریڑھ کی ہڈی کے قریب درد جو گردے کی طرف سے آیا ہو، مریض کو درد کی شدت سے حرکت بھی نہیں کیا جائے اور داہنی طرف جھکنے سے آرام، گاڑھا اور لال رنگ کا پیشاب۔

**لائکوپوڈیم:** پیشاب کرتے وقت سخت تکلیف پیشاب میں پتھری شامل ہو کر لال رنگ کا پیشاب آنا، گردے میں درد جو داہنی طرف سے ہو کر مثانے سے لے کر پیشاب کی نالی تک درد ہو۔

**روبیاٹنکٹر:** پتھری کی وجہ سے مثانے کی خارش خاص کر رات کو سوتے وقت پیشاب کی حاجت زیادہ، شدید کمزوری گردے سے لیکر پیشاب کی نالی تک درد ہو۔

**سرساپریلا:** پیشاب میں پتھری اور پیشاب کرتے وقت شدید درد۔

صرف ہومیوپیتھک معالجوں کے لئے

**مقدارِ خوراک:** عام حالت میں تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں روزانہ تین بار۔ ایک ہفتہ بعد لمبے عرصہ تک روزانہ دو سے تین بار پانچ سے آٹھ بوندیں استعمال کریں۔

**ہدایات:** گردے کی پتھری کی وجہ سے پیٹ میں درد ہو تو R37، پندرہ سے تیس منٹ پر تھوڑے پانی میں دس بوندیں لیں۔ اگر پیشاب میں البومن، گردے کی بیماری ہو تو R64، دیکھیں گردے اور مثانے کے ورم یا پیشاب میں جراثیم موجود ہو تو R18، کے ساتھ R27، دونوں لیں سکتے ہیں۔ پراسٹیٹ کے متعلقہ پیشاب میں سوزش ہو تو R25، دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R28

## Dysmenorrhea, amenorrhea

## ماہواری (حیض) کی خرابیوں کی دوا

**اجزاء :** ایسڈم سلفوریک D4، ایسکولس D2، کروکس D4، فیرم فاس D8، ہیمامیلس D6، سیکیل کورنیٹ D6

**علامات :** ماہواری میں درد، یا رُک رُک کر آنا یا بند ہو جانا، یا پھر بہت زیادہ خون آئے جسکی وجہ کمزوری ہو جاتی ہے یہ دوا رحم کے پٹھوں پر زیادہ اثر کرتی ہے اور (حیض) ماہواری کی بے قاعدگی کو دور کرتی۔ یا جسم میں گرمی محسوس ہو، اور پسینہ آنا کمر میں ہلکا درد رہنا، سرین میں بھی درد رانوں وغیرہ میں تکلیفیں۔

**اثرات عمل :**

**ایسڈ سلفر:** ہر قسم کے خون کو روکتی ہے، خاص کر ایسی حالت میں جب بدن میں گرمی ہو اور خون کے آنے کے بعد پسینہ آتا ہو۔

**ایسکولس:** خون کی رگوں میں خرابی کی وجہ خون کا اکٹھا ہو جانا اور بچہ دانی (رحم) میں درد ہو، بوجھ سا محسوس ہو اور سارے بدن میں پھڑکن سی محسوس ہو۔ رحم ڈھیلی پڑگئی ہو اور رحم میں بھاری پن جسکی وجہ کبھی باہر بھی نکل جاتی ہے۔

**کروکس:** جب خون کا رنگ گہرا یا کالا ہو خون جم کر لوتھروں کی شکل میں آتا ہو مریضہ ایسا محسوس کرتی ہے کہ رحم میں کچھ چل رہا ہو بغیر حمل کے۔

**فیرم فاس:** یہ دوا خون کے دوران کو درست کرتی ہے اس کا خاص اثر خون کی رگوں پر ہوتا ہے اور خون کے رگوں کو کھولتی ہے۔

**ہیمامیلس:** رحم سے زیادہ خون آنے کو روکتی ہے اور رحم کی رگوں کی خرابیوں کو دور کر کے نسوانی تکلیف میں مدد کرتی ہے سر درد، خون کا رنگ سیاہ ہو اور رحم کے نزدیک درد، تھکن کمزوری ان تمام بیماریوں کیلئے کامیاب دوا ہے۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**سکیلی کورنیٹ:** یہ دوا رحم کی اندرونی پٹھوں پر اثر کر کے ان کی اینٹھن کو دور کرتی ہے اور ساتھ اس کے استعمال سے رحم کو قوت ملتی ہے ڈھیلے ہو کر ایک طرف جھک جائے یا باہر آنے سے روکتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** تکلیف کی شدت کے لحاظ سے کھانے سے قبل دن میں چار سے چھے بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ تمام تکلیفیں ختم ہو جانے کے بعد بھی کچھ دنوں تک یعنی جب تک اگلا ماہواری کا وقت نہ آئے بہتر ہوگا ماہواری کے آٹھ دنوں تک اور بھی دوا کا استعمال جاری رکھیں روزانہ دو بار پانچ سے دس بوندیں صبح و شام کے وقت لینا زیادہ بہتر ہے۔

**ہدایات:** ماہواری بند ہو یا رحم سے زیادہ خون آئے تو R10 دیکھیں۔ ناف اور رحم کے قریب پیٹ میں ورم ہو تو R38، اور دائی جانب جسم کی تکلیف میں یا R39، بائیں جانب کیلئے دیکھیں۔ یہ دوا حسب ضرورت R28، کے ساتھ اضافی دوا کے طور پر باری باری استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اگر خون ورم کی وجہ سے آ رہا ہو یا رحم میں رسولی یا گانٹھ وغیرہ ہو یا اسطرح اور کوئی امراض ہو تو R42 دیکھیں۔ عورتوں میں کمر اور پیٹ درد کیلئے R50 دیکھیں۔ خون کی کمی ہو تو R31، دیکھیں۔ ماہواری شدید درد ہو تو R57 دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R29
## Vertigo, Syncope
## سر چکرانا اور غشی کے لئے

**اجزاء :** آرجینٹم نائٹرک D30، کوکلس D30، کونیم D30، تھیریڈیان کوراسیویک D30،

**علامات :** سر چکرانا خواہ کسی بھی وجہ سے جیسے کہ سمندر سے سفر، تیز حرکت والا کوئی کام کرنے سے یا پھر دماغی رگوں میں کوخرابی یا کسی بیماری کی وجہ سے سر کا گھومنا یا غشی آنا ان تمام مرض کی خاص دوا ہے۔ بس میں سفر کرنے سے الٹی آنا یا سر چکرانا۔

**اثرات عمل :**

**آرجینٹم نائٹرک:** سر چکرانا، مزاج بے اطمینان، اعصاب کی کمزوری کی وجہ سے کپکپاہٹ، کانوں میں سیٹی کی سی آواز گھبراہٹ اور بے چینی۔

**کوکلس:** دماغ خراب مغز پر اثر کرتی ہے، سر چکرانا اور بیٹھنے پر اور بھی زیادہ ہو جانا اور ساتھ میں متلی اور قے اور بے ہوشی۔

**کونیم:** دماغ میں خون کی کمی سر گھومنے کا احساس جو بستر پر کروٹ بدلنے پر اور بھی زیادہ بڑھ جانا، سر میں چیونٹیاں سی پھرنے کا احساس اور تھکاوٹ اور کمزوری کا احساس۔

**تھیریڈیانی کوراسیویک:** سر درد کے ساتھ سر چکرانا، جو خاص کر آنکھیں بند کرنے سے، بیٹھنے یا اٹھنے پر، لیٹنے پر، شور غل سے اور سورج کی تپش ان تمام وجوہات میں تکلیفیں بڑھ جاتی ہو اور سڑک پار کرنے میں بھی دشواری ہو۔

**مقدارِ خوراک :** عام طور پر کھانا کھانے سے قبل روزانہ تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لمبے وقتوں تک لیں۔

**ہدایات:** اگر خون کی رگوں میں سختی ہوگئی ہو تو R12، کا استعمال کریں۔ اگر دل کی بیماری اور زیادہ سر چکراتا ہو R3 تو کا استعمال کریں اور دل میں درد ہو تو R2 استعمال کریں۔ ماہواری بند ہونے کی صورت میں R10، کا استعمال کریں۔ اگر خون کی کمی اور کمزوری ، بلڈ پریشر کم ہو تو R44، کا استعمال کریں بے ہوشی کا خوف ہو تو R67، دیکھیں یا ضرورت ہو تو R22، بھی دیکھیں اس دوا کی خوراک مذکورہ بالا امدادی اور اضافی یعنی جو اوپر لکھی گئی خوراک کے مطابق لیں۔

# ایٹومیر بیکران ڈاکٹر ریکویگ R30
## Universal Ointment
### ہر قسم کی درد کے لئے مرہم

**اجزاء :** آرنیکا D3، بیلاڈونا D3، کیلنڈولا D3، کیمفر D3، ڈلکامارا D3، اگونیٹشیا D3، ہیمامیلس D3، ہائی پیریکم پرف D3، ملفولیم D3، تکس وامیکا D3، رسٹاکس D3

**علامات :** جوڑوں اور پٹھوں کا درد، اعصابی لنگڑی کا درد (عرق النساء) ریڑھ کی ہڈی کے منکوں کی خرابی کی وجہ سے ہونے والا درد، جوڑوں میں بڑھاپے کی وجہ سے پیدا ہونے والی تکلیف، جوڑوں کی سوجن وسوزش فالج، لقوہ، ہڈی کا ورم، چوٹ، موچ، کچل جانے کی تکلیف، اور پھوڑے پھنسی کا درد، کٹ پھٹ جانا، نیل پڑ جانا۔

**اثرات عمل :**

**بیلاڈونا:** ہر قسم کی سوزش اور ورم جس کے ساتھ متاثر حصہ لال ہو۔

**کیلنڈولا:** کٹ، پھٹ، زخم، یا نیل پڑ جانا ان تمام کیلئے موثر دوا ہے۔

**اگنیشیا:** اعضاء جسم کو طاقت دیتی ہے درد چوٹ کے اثر کو دور کرتی ہے۔

**ہیمامیلس:** خون کی نیلی رگوں کا زخمی ہو جانا، یا ان میں سے خون نکلنا تمام جسمانی درد۔

**ملفولیم:** خون بہنے کی صورت میں یہ خاص اثر رکھتی ہے۔

**مرہم کا استعمال** درد کی جگہ صبح وشام مرہم لگانا عام طور پر کافی ہوتا ہے لیکن تکلیف بہت زیادہ ہے تو مرہم کئی بار لگائی جا سکتی ہے اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ زخم، پھوڑا، پھنسی میں جہاں پر موجود ہو وہیں پر اچھی طرح لگانی چاہیئے۔

**ہدایات:** ایٹوماربیکران R30، کو باہری (خارجی) استعمال کے ساتھ حسب ذیل جو دوا لیجیے

لکھی ہے یہ دوا بھی کھلائی چاہیئے ہڈی اور جوڑوں یا پٹھوں کا درد ہو تو R11۔ لنگڑی (عرق النساء) کا درد ہو تو R71۔ سر یا سر کے پیچھے رگیں متاثر ہو سوزش یا درد ہو تو R16، ہاتھ پیروں کا درد یا گٹھیا ہو تو R46۔ عورتوں میں کمر درد یا پیٹھ درد ہو تو R50۔ ہڈی کے جوڑوں کا درد ہو تو R73۔

# ڈاکٹر ریکویگ R31

**Energizes the appetite. Increase blood supply. Strengthens the liver**

بھوک بڑھانے خون پیدا کرنے اور جگر کو طاقت دینے والی دوا ہے

**اجزاء :** ارینیاڈائڈیما D30، آرسینکم آیوڈیٹ D6، سیانوتھس آمیرک D6، فیرم کلوریٹ D6، لائیکوپوڈیم D12، سلفر D30، چائنا D6

**علامات :** خون کی کمی، بھوک نہ لگنا، خاص کر بچوں کے جسم میں جگہ جگہ سوجے ہوئے غدود جو جسمانی کمزوری کی علامت ہوتے ہیں۔شدید بیماریوں کے بعد کے اثرات خون کی کمی اور کمزوری کی تمام قسمیں۔

**اثرات عمل :** معالجہ۔ یہ فارمولا دوہرا اثر کر کے خون اور سارے جسمانی نظام کو قوت پہنچاتا ہے خاص کر جگر (لیور) پر اس کا زیادہ اثر ہوتا ہے۔اس فارمولے میں کچھ ایسی دوائیں شامل ہے جیسے لائیکوپوڈیم اور کچھ منتخب کردہ دوائیں جیسے آرسینکم آیوڈیٹ اور (فیرم کلوریٹ) بہت زیادہ مفید ہے خاص کر خون کے فعل کو مدد کرتی ہے اور فیرم کلوریٹ کی یہ خاصیت ہے کہ ہڈی کے گودے کو تقویت پہنچاتی ہے۔اس انتہائی موثر فارمولے کا ایک حصہ یعنی آرسینک آیوڈیٹ جسم میں غذا کے استعمال اور اس سے فائدہ اٹھانے والے نظام کو درست کرتی ہے اور جسم کے اندر توانائی پیدا کرتی ہے اسمیں بھی لائیکوپوڈیم زیادہ مددگار بنتی ہے اور اس کا تعلق تلی سے ہے جو خون بنانے کے کام میں خاص اہمیت رکھتی ہے۔
اس دوا کے استعمال سے چند دنوں میں اثرات ظاہر ہونے لگتے ہیں۔مثلاً بھوک بڑھنے لگتا ہے اور جسم میں چربی کی مقدار جمع نہیں ہوتی اور خاص بات یہ ہے کہ اس کا کوئی نقصان اثرات پیدا نہیں ہوتا جو ہومیوپیتھی ادویات کی اہم خصوصیت ہے کہ وہ بدن پر کوئی زہریلا اثر نہیں کرتیں۔R31 کے اثرات اور علامات اور اس کی خصوصیت بیان کی گئی ہے۔

**ارینیاڈائڈیما:** اس دوا کے خاص مریض وہ لوگ ہوتے ہیں جن پر موسم کی تبدیلی کا اثر بہت جلد اور تیز ہوتا ہے۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**آرسینکم آیوڈیٹ:** یہ دوا خاص طور پر جسم کے اندر غذا کو پوری طرح ہضم کر کے اس قابل بناتی ہے کہ اس سے جسم میں طاقت پیدا ہو۔

**سیانوتھس آمیرک:** یہ دوا ملیریا بخار کی وجہ سے تلی میں پیدا ہونے والی خرابی کو دور کرتی ہے اور بائیں جانب پیٹ میں درد، اور خون کی خرابی کو دور کرتی ہے۔

**فیرم کلوریٹ:** دوسری بیماریوں کی وجہ سے ہونے والی خون کی کمی جو جسم سے خون بہہ جانے کی وجہ سے ہوتی ہے خون کے اندر پائے جانے والی اجزاء جو کم ہوگئی ہو اس کو پورا کرتی ہے۔

**لائیکوپوڈیم:** جسم اور خاص کر جگر (لیور) کو طاقت دیتی ہے سوجن کے ساتھ بائیں جانب درد ہو جگر کا فعل خراب بھوک کم اور پیشاب میں سرخی سی گاد بیٹھ جائے۔

**سلفر:** بہت زیادہ اثر دار اور اس کا اثر فوری ظاہر ہوتا ہے خون کے دوران میں کمی کی وجہ خون سر کی طرف جاتا ہے یا خون میں کہیں رکاوٹ ہو ان تمام کیلئے بہتر ہے۔

**مقدارِ خوراک:** کھانا کھانے سے قبل دن میں تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں۔ شروع میں اگر خون کی زیادہ کمی ہو تو یہی خوراک روزانہ دن میں چھے سے دس بار دس سے پندرہ بوندیں تک لے سکتے ہیں اور سدھار ہونے پر خوراک کم کر کے دو سے تین بار کر دیں۔ بچوں کو زیادہ چاکلیٹ، میٹھی چیزیں اور انڈے نہ کھلائیں کیونکہ ان چیزوں کا جگر پر بوجھ بڑھا دیتی ہے اور بھوک بھی کم کر دیتی ہے۔

**بچوں کیلئے بہترین غذا:** دودھ (Pudding) دلیا، سبزیاں اور پھل ہے اور گوشت بھی دینا چاہیے لیکن بڑا گوشت دینا مناسب نہیں ہے اور بڑی عمر کے مریضوں میں بھی غذا اسی اصول پر دینی چاہیے اور خاص طور پر جب خون کم ہو۔

**ہدایات:** مختلف بیماریوں کے بعد کی کمزوری کیلئے دینا ی 15 دیکھیں۔ جسم کے اندرونی غدود کے

نظام کی خرابی ہو تو R19 یا R20، دیکھیں۔ کمزوری بھی ہو تو R26، کا مطالعہ کیجئے
اگر علامات سوزش و سوجن کی ہو تو R1، یا اس کے بدلے علامت کے مطابق اور دوسری
دوا کا بھی انتخاب کر سکتے ہیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R32

## Hyperhidrosis of Varying Genesis

## کسی بھی وجہ سے پسینے کا زیادہ آنا

**اجزاء :** ایسڈم نائٹرک D12، بیلاڈونا D12، جیبورینڈی D4، کالی یم کارب D6، سلیشیا آف D30، سمبوکس نائگرا D4، سینگونیریا D6، سیپیا D30، ویراٹرم D12، لیکیسس D30

**علامات :** پسینے کا زیادہ آنا چاہے وہ کسی بھی وجہ سے آتا ہو، یا پھر عورتوں میں ماہواری بند ہونے کی وجہ گرمی اور پسینہ کی زیادتی ، یا بخار کے دوران، ٹھنڈی یا گرمی کا احساس اور پسینہ میں چپک اور پسینہ میں بدبو ہو یا پھر سوتے وقت پسینے کی زیادتی ان تمام امراض کیلئے مفید ہے۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے کے اثرات وفوائد حسب ذیل اجزاء کی وجہ سے حاصل ہوتے ہیں۔

**ایسڈم نائٹرک:** سخت بدبودار پسینہ۔

**بیلاڈونا:** پسینہ جو گرمی کے احساس کے ساتھ نکلے اور ایسا معلوم ہو کے بھاپ نکل رہی ہو۔

**جیبورینڈی:** کسی بھی وجہ سے پسینہ زیادہ آنا۔

**کالی یم کارب:** پسینہ، تھکان، کندھوں کے مقام پر کمزوری کا احساس۔

**سلیشیا آف:** خاص کر اس حالت میں پسینہ زیادہ آتا ہو رات کو سوتے وقت یا پھر پسینہ کی وجہ ظاہر نہ ہو اور پسینے کی زیادتی کو دور کرتا ہے۔

**سمبوکس نائگرا:** مختلف قسم کی شدید بیماریوں کی حالت میں پسینہ کا زیادہ آنا۔

**سینگونیریا:** جسم میں گرمی کی لہر اور اس کے ساتھ پسینہ۔

سیپیا: حیض کے ختم ہونے کے دوران گرمی کا احساس اور اس کے ساتھ پسینہ۔

ویراٹرم: ٹھنڈا پسینہ پیٹ درد، یا پھر کسی بیماری کی وجہ سے پسینہ آتا ہو۔

**مقدارِ خوراک:** لمبے عرصے تک علاج کیلئے روزانہ تین سے چار بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ رُک رُک کر پسینہ آتا ہو اور پسینے کی زیادتی عارضی سبب ہو تو ہر پندرہ منٹ پر دس سے پندرہ بوندوں کی کئی خوراک لیں۔ اگر رات کے شروعات میں پسینہ زیادہ آئے تو بھی یہی خوراک استعمال کریں۔ بدبودار پسینہ کیلئے سرکہ ملا کر ٹھنڈے پانی سے دھونے پر بھی فائدہ ہوتا ہے یا پھر ہیما میلس کی کچھ بوندیں جسم پر ملنے سے بھی مفید ثابت ہوتی ہے۔ لائم۔ باتھ یا سانا۔ باتھ بھی مددگار ثابت ہوتی ہے۔

**ہدایات:** مختلف امراض میں جن میں پسینے کی زیادتی ہو حسب ضرورت یہ دوائیں بھی استعمال کرائی جا سکتی ہے۔ متعدی جراثیمی امراض جن میں جسم کا درجہ حرارت کم یا زدہ ہوتا ہے اور اس کی وجہ عام طور پر پسینہ زیادہ آتا ہے۔ ایسی حالت میں مندرجہ ذیل میں سے کوئی مناسب۔ دوا اس فارمولے R32، کے ساتھ استعمال کرائی جا سکتی ہے دل کے درد اور انفلوئنزا میں R1، اور R6، دیکھیں۔ تپ دق کے اخراجات ہو تو R48، اور R57، دیکھیں سانس کی نالی میں تکلیف ہو تو جوڑوں R8/R9، یا R43، اگر دل کی تکلیف ہو تو R3، دیکھیں اعصابی خرابی ہو تو R2، دیکھیں گھیگا کے اثرات ہو تو R51، دل میں خون کے دوران کی کمی ہو تو R67، دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R33

## Constitutional Treatment in Epilepsy

## مرگی کے دورے کا علاج

**اجزاء :** بیوفو D200، کیوپرم D12، پلسا ٹیلا D30، سائیلیشیا D30، زنکم میٹ D12، بیلا ڈونا D30۔

**علامات :** مرگی یا مرگی کے دورے، جسم کے پٹھوں میں اکڑن، کھینچاؤ۔

**اثرات عمل :** خصوصیت اجزاء۔

**بوفو:** مرگی کے دورے اور جسمانی کمزوریوں کو دور کرنے میں ایک خاص مقام رکھتی ہے۔

**کیوپرم:** پٹھوں کی کھینچاؤ اور جسم کے کس حصہ یا جاگھوں میں اکڑن ہو۔

**پلسا ٹیلا:** یہ دوا خاص کر دبے ہوئے مرض یا دبی ہوئی مرگی کی علامت کو ابھار کر مرض کو دور کرتی ہے۔

**سائیلیشیا:** پیروں کا پسینہ رک جانے کے خراب اثرات کو دور کرتی ہے اور عام جسمانی کمزوری کو دور کر کے اسے قوت پہنچاتی ہے۔

**زنکم:** مرگی کے مریضوں کیلئے خاص دوا ہے ہر طرح کے تشنج کے دورے پڑتے ہوں اور جلد کی دبی بیماریوں کو باہر لاتی ہے۔

**مقدار خوراک :** عام حالت میں روزانہ دو سے تین بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لمبے عرصے تک لیں۔ دورے سے پہلے یا بعد میں دو گھنٹے تک ہر تیس منٹ پر بیس بوندیں دیں علاج چلتے ہوئے جب تین ماہ ہو جائے تو خوراک کر دے دن میں ایک بار دس سے پندرہ بوندیں دے سکتے ہیں۔

**ہدایات :** R36، کو بھی دورے کے مرض کی شکایت میں مددگار سمجھا جا سکتا ہے اگر زیادہ بے چینی ہوتی ہو تو R14، کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ ہسٹریا کے دورے پڑتے ہو تو R47، دیکھیں دانت نکلنے کی تکلیف کیلئے R35۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

# ڈاکٹر ریکویگ R34

## Recalcifying Drops Acting on the Bone Texture

## ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی اور کمزوری کی اکسیر ڈراپس

**اجزاء :** کیلشیم فلور D12، کیلشیم فاس D12، کیلشیم کارب D30، کیلشیم ہائپوفاس D6، کیموميلا D6، ہیکلا لاوا D12، مرکورس پریسی روبرم D12، سائلیشیا D30، میزی ریوم D6

**علامات :** ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی اور کمزوری کی بہترین اور اعلیٰ درجہ کی اکسیر دوا ہے ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی کی وجہ سے نشو نما کی روکاوٹ کو دور کرتی ہے، ہڈیوں کا بھربھر پن، ہڈیوں کا ٹیڑھا میڑھا ہونا یا پھر جوڑوں کی رسولی، یا جھلی کی سوزش، ورم، ریڑھ کی ہڈی کے منکوں میں خرابی ان تمام امراض کیلئے دوا کا استعمال مکمل علاج ہے

**اثرات عمل :** ہر طرح کی کیلشیم کی کمی کو دور کرتی ہے اور ہڈیوں کو طاقت دینے میں رکاوٹ کو دور کرتی ہے۔

**کلکیریا فلور:** دانتوں پر کام کرتی ہے اور دانتوں کیلئے خاص دوا ہے۔

**کیلشیم فاس :** ہڈیوں کے بڑھنے کے نظام کی خرابی کو دور کرتی ہے اور کیلشیم پیدا کر کے ہڈیوں کو طاقت دیتی ہے اور بڑھتی عمر والے یعنی بچوں کی ہڈیوں میں کیلشیم کی کمی کو دور کرتی ہے اور پرانے سر درد میں بھی مفید ہے۔

**کیموميلا:** چڑچڑا پن اور غصہ، سر میں پسینہ اور بچوں میں دانت نکلنے کے دنوں میں مشکلات کو دور کرتی ہے۔

**ہیکلا لاوا:** پیروں کی ہڈیوں میں رکاوٹ، رسولی، اور قدرتی طور پر بڑھنے میں خرابی۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**میزی ریوم:** پنڈلی کی ہڈی یا کسی بھی حصہ کی ہڈیوں کی جھلیوں کی سوزش اور خاص کر وہاں کی ہڈی جہاں پر زیادہ گوشت ہو جیسے پنڈلی، درد، سوزش کے ساتھ۔

**مرکیورس پریسی روبرم:** ہڈیوں میں کسی بھی طرح کی کمی جیسے ہڈی بڑھ جانا اور راتوں کو ہڈیوں میں جلن کے ساتھ درد ہونا۔

**سائلیشیا:** ہڈیوں کو بڑھانے کا کام کرتی ہے اور ناسور کو ختم کرتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** یہ دوا دودھ پیتے بچوں اور بڑی عمر کے بچوں میں یکساں قابل استعمال ہے بچوں کو پابندی کے ساتھ دن میں ایک یا دو بار دس سے پندرہ بوندیں بچوں کو دودھ کے ساتھ دیں بہتر ہوگا کے بوتل کو اچھی طرح پہلے صاف کر لیں اور اسی میں دودھ کے ساتھ بچوں کو دیں۔ جن بچوں کی ہڈیاں نرم ہو کر ٹیڑھی ہوگئی ہو یا ہو رہی ہو تو یا پھر ہڈیوں کی اور دوسری کوئی بیماری ہو تو کھانا کھانے سے قبل دن میں چار سے چھ بار دس سے پندرہ بوندیں تھوڑے پانی کے ساتھ دیں۔ رات کو ہڈیوں میں ہونے والے درد کیلئے لگاتار خوراک لینی چاہیے ہر پندرہ منٹ پر دس سے پندرہ بوندیں۔ پلاسٹر بھی باندھی جاسکتی ہے اور اس دوران بڑے گوشت سے مکمل پرہیزی ہے۔ بچوں میں دانت نکلتے وقت زیادہ تکلیف ہو تو روزانہ تین سے چار بار دیں اور حد سے زیادہ درد ہو تو ہر دس منٹ پر تھوڑے پانی میں آٹھ، دس یا پھر پندرہ بوندیں دیں۔

**ہدایات:** دانت نکلنے میں دشواری ہو تو R35 بھی۔ بچوں کے سر میں خشکی ہو اور جلد پر سوزش تو ہو R23، بھی دیں اور زیادہ پسینے آنے پر R32 بھی دے سکتے ہیں۔ ہڈیوں کے جوڑوں میں سوزش ہو تو R73 دیکھیں، ہڈیوں میں یا پٹھوں میں یا پھر گٹھیا کے اثرات ہو تو R11، لیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R35
## Teething Aches Drops
### دانت نکلنے میں درد کی دوا

**اجزاء :** ایکونائٹم D6، برائیونیاD30، کیلشیم کارب D30، کیمومیلاD4، کولوسینتھس D12، اگنیشیاD30، اسٹافی سیگریاD8

**علامات :** دانت نکلنے میں درد یا شدید تکلیفیں یا اس کے متعلق تکلیفیں۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے کے اثرات حسب ذیل اجزاء کی بنا پر ہیں۔

**ایکونائٹم :** بخار کی کیفیت، وہ تمام بیماریاں جو سردی کے اثرات ہوئے اور ان کے دانت کی تکلیفوں سے چیخنا چلانے کی علامت۔

**برائیونیا :** سر میں جھلیوں کی سوزش۔

**کیلشیم کارب :** دانتوں کی نشونما یعنی نکلنے کی دشواریوں کو دور کر کے آسانی پیدا کرتی ہے۔

**کولوسینتھس :** بے چینی درد کے ساتھ پھڑکن محسوس ہو، غصہ زیادہ بعض اوقات میں غصہ کی شدت سے تشنج کی علامات۔

**اگنیشیا :** ہسٹریا کی علامات یا رونے کی کیفیت زیادہ نازک مزاجی۔

**اسٹافی سیگریا :** اعصاب کی حس بڑھی ہوئی ہو خاص طور پر بچوں میں غیر معمولی مزاجی کیفیت ہر وقت رونے پر تیار، آہیں سسکیاں بھرنا، اور دانتوں میں کیڑے لگنے سے درد۔ اس فارمولے R35، میں ان سب بیماریوں میں جن اعصابی حس بڑھی ہو خاصطور پر بچوں میں سردی کی وجہ سے مثلاً برانکائی ٹس وغیرہ، خسرہ، بدمزاجی یا کان کا ورم یا سوزش اور کان کی جانچ بھی کرالینی چاہیے۔

**مقدارِ خوراک:** شدید بیماریوں میں اس دوا کی زیادہ مقدار بغیر کسی نقصان کے استعمال کرائی جا سکتی ہے۔ چھوٹے بچوں کیلئے آدھا کپ پانی میں چالیس سے پچاس بوندیں ڈال کر ہر پانچ سے دس منٹ پر ایک چھوٹے چمچ دوا دینی چاہیئے۔ بڑے بچوں کو عام حالت میں لگاتار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں ڈالکر دیں۔ کھوکھلے دانت میں اسی دوا کو روئی میں ڈالکر دانت پر لگائیں۔

**ہدایات:** دانتوں کا دیر سے نکلنا یا جسم میں کیلشیم کی کمی ہو تو R34، کا بھی استعمال کر سکتے ہیں دن میں ایک سے دو بار۔ اگر اعصابی خون کی رگوں میں درد ہو تو R70، اور R16 دیکھیں۔ اگر ساتھ انفلوئنزا ہو تو R6، لیں دانت کی جڑ میں جلن ہو تو R35، اور R1 باری باری سے ہر آدھے گھنٹے سے ایک گھنٹے پر دیں۔ اعصابی سکون کیلئے R14 کا استعمال کر سکتے ہیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R36

## Diseases of the nerves, Chorea, St. Vitus Dance

## نس (اعصابی) امراض اور بدن کا کانپنا

**اجزاء :** اگیری کس D12، اگنیشیا D12، لیکے سس D30، میگنیشیا فاس فوریکا D12، فاسفورس D30، زنکم ولیریانکم D8

**علامات :** مختلف اسباب کی وجہ سے خاص طور پر بچوں میں اعصابی حس کا بڑھا ہوا ہونا، اعصاب کی بیماریوں کی وجہ سے بے اختیارانہ حرکات مثلاً کسی عضو کا کانپنا وغیرہ جس کی وجہ سے ان امراض میں مبتلا بچے ہر وقت بے معنی حرکات کرتے رہتے ہیں جو رگوں میں زہریلے مادہ کی وجہ سے ہوتی ہے اور یہ دوا زہریلے مادہ کو بے اثر کر کے خارج کرتی ہے۔ اس فارمولے میں شامل ہومیوپیتھک ادویہ نہ صرف اعصاب کو ایسی چیزوں کے زہریلے اثرات سے بچاتی ہیں بلکہ انہیں جو نقصان پہنچ چکا ہو اس کی اصلاح بھی کرتی ہے۔

**اثرات عمل :** ہر طرح کی اعصابی خرابی میں ڈاکٹر ریکویگ کا یہ فارمولا بے مثال ہے۔

**اگیری کس:** امینٹا مسکیریا سے حاصل کی جاتی ہے اور پٹھوں میں اکڑن اور تشنج دور کرنے میں لاجواب ہے۔

**اگنیشیا:** مزاج کا چڑچڑاپن، رونے کی طرف مائل، ہسٹریائی دورے، غم یا صدمے کے اثرات۔ بے چینی، نیند کی کمی۔

**لیکے سس:** چڑچڑاپن، نیند کی کمی، بے چینی۔

**میگنیشیا فاس:** پٹھوں کی اینٹھن اور اکڑن، ریڑھ کی ہڈی کے غدود، (حرام مغز) کی خراش اور ہاتھ پیروں کا کانپنا اور سوزش۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**فاسفورس:** بہت تیزی سے نشونما کی پرورش کرتی ہے۔ بہت دبلا پتلا ہو یعنی بہت زیادہ کمزور۔

**زنکم:** اینٹھن ومروڑ۔ ٹانگوں میں بے چینی کا احساس اعصابی خرابی۔

**مقدارِ خوراک:** مرض کی شدت کے لحاظ سے روزانہ دو سے تین بار تھوڑے پانی میں پانچ سے 8 یا 10 یا پھر 15 بوندیں دیں۔ بہت زیادہ شدید حالات میں لگاتار مروڑ، اینٹھن وغیرہ ہو تو ہر ایک سے دو گھنٹے پر استعمال کرائی جا سکتی ہے۔ اور اگر اس سے بھی زیادہ شدید دورے پڑے تو ہر پانچ منٹ پر دوائی لی جا سکتی ہے۔

**نوٹ:** علاج کے درمیان شراب، چائے، الکحل اور اسطرح کی کوئی بھی چیزیں ہرگز استعمال نہ کی جائے۔

**ہدایات:** امدادی دوا کے طور پر R14-R33، اور R31، بھی لیں اگر بچے میں خون کی کمی ہو تو یا گلنٹھ مالا کی بیماری ہو، گھیگا، گلٹی، بڑھی ہوئی ہو تو R1، لیں اور اگر خون کی رگوں میں سوزش ہو تو R22، استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R37
## Intestinal Colic Drops
### آنتوں کے درد کے لئے

**اجزاء :** ایلیومینا D12، برائیونیا D4، کولوسنتھس D4، لیکے سس D30، لائیکوپوڈیم D4، مرکسکور D8، پلمبس ایسٹک D12، سلفر D12، نکس وامیکا D6

**علامات :** پیٹ پھولنے کے ساتھ پیٹ میں درد، اپھارہ، آنتوں میں درد، مختلف مرضوں کی وجہ سے ہونے والا مروڑ جو پیشاب میں گاڑھا (گدلا پن) اور جگر میں خرابی کی وجہ سکڑ نا یا سخت ہونا، پتے کا درد، سیسہ، قلعی، کے زہریلے اثرات کی وجہ سے پیٹ کا شدید درد، عورتوں میں ماہواری کا درد اپنڈکس کا درد، گردے کا درد، اور پرانی قبض کی شکایت میں بھی استعمال کی جا سکتی ہے اس کے استعمال سے آہستہ آہستہ قبض کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔

**اثرات عمل :** یہ بات ثابت ہو چکی ہے کہ جگر (Liver) سارے جسم اور خاص طور پر آنتوں میں پیدا ہونے والی بیماریاں، زہریلے مادوں کے اثرات سے محفوظ رکھنے میں اہم حصہ لیتی ہے، آنتوں میں جو غذا پہنچتی ہے اس میں سے سوائے چکنائی کے ساری غذا یہاں سے گزر کر جگر تک جاتی ہے۔ اس سے ظاہر ہے کہ جگر کا آنتوں سے گہرا تعلق ہے، اور یہی وجہ ہے کہ جسم، اور آنتوں کے زہریلے مادوں کو خارج کر دیتا ہے۔ ایسے مادوں میں خاص طور پر کولسٹرین اور پوفرین قابل ذکر ہیں جب ان دونوں اور ان کی طرح دوسرے زہریلے مادوں کے اخراج میں کوئی رکاوٹ ہوتی ہے جو دراصل آنتوں کی رکاوٹ کی وجہ سے ہوتی ہو تو جگر بھی ان سے متاثر ہوتا ہے اور جب جگر متاثر ہوگا تو اس کا لازمی اثر دوبارہ آنتوں پر پڑے گا اور جسکی وجہ یہ پریشانی ہو سکتی ہے۔ پیٹ پھولنا، اپھارہ، اور پیٹ پھولنے کے ساتھ آنتوں میں درد، آنتوں میں اینٹھن، مروڑ، (Tumours) کی شکایت، اور اپنڈی سائٹس کی تکلیفیں، اور ساتھ ہی پرانے قبض اور بڑی آنتوں کی سوزش ان تمام بیماریوں کیلئے یہ دوا مفید ہے۔

**ایلیومینا:** قبض کی وجہ پاخانہ ٹکڑوں کی صورت میں آنا۔

برائیونیا: قبض کی شکایت کالا رنگ کا پاخانہ۔

کولوسینتھس: پیٹ پھولنے کے ساتھ پیٹ میں درد، اور آنتوں میں مروڑ اینٹھن کے ساتھ۔

لیکیسس: ہاضمہ خراب، خاص طور پر کونین، شراب، الکحل، استعمال کے بعد۔

لائیکوپوڈیم: شام کو پیٹ پھولنا، پرانا قبض۔

مرکر سکور: آنتوں میں مروڑ، پیچش ہونے جیسی آنتوں میں درد کے ساتھ مروڑ۔

پلمم ایسٹک: آنتوں میں تیز درد، پانی جیسے بدبودار دست، اور دستوں کی پرانی شکایت۔

سلفر: پیٹ میں سوزش اور بدبودار دست، پیٹ میں سوجن۔ R37، کے استعمال سے پاخانہ (اجابت) باقاعدہ ہونے لگتا ہے اور قبض بھی دور ہو جاتا ہے۔

**مقدارِ خوراک:** طویل عرصہ تک علاج کیلئے روزانہ تین بار کھانا کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں دیں۔ رُک رُک کے ہونے والی درد، پیٹ درد، اپھارہ، آنتوں میں زخم یا چھیدے ہونے جیسا محسوس ہونے پر (Suspected perforation) بغیر پانی کے ملائیں بوندوں کو منہ میں کچھ دیر رکھ کر تھوک سکتے ہیں آدھے گھنٹے سے ایک گھنٹے تک تین سے پانچ منٹ پر پانچ سے دس۔ پندرہ بوندیں لیں۔ اسکے بعد کوئی مرض ظاہر ہو جیسے پتے، گردے، اپنڈی سائٹس وغیرہ ہدایات کے مطابق علاج کریں۔

**ہدایات:** پتے کے درد کی صورت میں: R7، کے ساتھ قابل اختیار۔ گردے کی پتھری کے درد ہو تو R27، لیں۔ سکون وراحت کیلئے R14، لیں۔ آنتوں یا پیٹ کے درد میں R4، کا بھی استعمال کریں۔ معدہ میں سوزش یا زخم، ہو تو R5، ہاضمہ کی تحلیل معدہ میں سوزش ہو تو R27، دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R38

## Biotherapeutic agent in affections of the abdomen (right side)

## پیٹ کے داہنی جانب کے امراض کی دوا

**اجزاء :** اسپیس میل فیکا D6، آرسینک ایلب D200، برائیونیا D30، سلفر D30، ابسینم D12

**علامات :** عورتوں میں داہنی بیضہ دانی کے امراض اور اس کی سوزش، بچہ دانی کی جھلی کی سوزش اور ورم، بیضہ دانی کی پانی والی سوجن، اور داہنی طرف ہی اپنڈیکس کے ورم و سوزش، رسولیاں، اور اسطرح کی بیماریاں۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے میں شامل دوائیں خاص طور پر پیٹ کے داہنی طرف کی تمام تکلیفوں میں انتہائی ثابت ہوتی ہے۔

**اسپیس میل فیکا:** پیٹ کے داہنی طرف جلن کے ساتھ درد، سوزش، پیٹ کے تمام دردوں کی موثر دوا ہے۔ عورتوں بیضہ کے ورم، رسولی، رطوبت سے بھری ہوئی تھیلی کی شکل کا ورم ان تمام بیماریوں کیلئے مفید ہے۔

**آرسینک ایلب :** گردے اور خاص طور پر داہنے گردے پر اثر کرتی ہے اور بہت تیز اثر کرتی ہے۔ پتھر کا درد، عورتوں میں ناف اور رگوں، رحم کی جھلی کا ورم، نسوانی امراض تمام کیلئے موثر ہے۔

**برائیونیا:** اپنڈیکس کی جلن کم کرتی ہے۔

**اثرات :** آرام کرتے وقت اور دباؤ سے سدھار، پیٹ میں جلن (متاثرہ جانب لیٹنے سے بھی آرام)۔

سلفر: یہ دوا خاص طور پر ایپس کے اثرات کو اضافہ کرتی ہے اور اس کی مددگار دوا ہے عورتوں میں بیضہ دانی کے امراض کے ساتھ پائی جانے والی خارش کو کم کرتی ہے۔

طویل عرصے تک دوا استعمال کرنے کی صورت میں روزانہ تین بار کھانا کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ مرض بہت زیادہ شدید ہو جلن، مروڑ وغیرہ ہو تو جلدی جلدی خوراک لینی چاہیے ہر پندرہ سے تیس منٹ پر 10، بوندیں

**مقدارِ خوراک:**

طویل عرصے تک دوا استعمال کرنے کی صورت میں روزانہ تین بار کھانا کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ مرض بہت زیادہ شدید ہو جلن، مروڑ وغیرہ ہو تو جلدی جلدی خوراک لینی چاہیے ہر پندرہ سے تیس منٹ پر 10، بوندیں (اگر ممکن ہو تو تھوڑے گرم پانی میں) لیں۔ ساتھ ہی گرم پلٹس یا معالجہ مٹی بھی لگائی جا سکتی ہے۔ دائیں اور بائیں دونوں طرف پیٹ کی جلن کیلئے ایک سے دو گھنٹے کے وقفہ پر R39، اور R38، کا استعمال باری باری سے کرنا چاہیے۔ بخار ہونے پر R1، جو جلن کو بھی کم کریگی۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ اس بیماری کا اثر گردے پر بھی پڑ سکتا ہے اس لئے R27، کا بھی استعمال کرنی چاہیے۔

**ہدایات:**

ذیل کی ادویہ آپکی مددگار بن سکتی ہیں۔

R17، رسولی کا شبہ ہو تو۔ R4، آنتوں کی مروڑ میں۔ R37 قبض یا مروڑ میں۔

R11، پٹھوں کے درد میں۔ R50، عورتوں میں کمر اور زنانہ امراض میں۔ R16، اعصابی درد یا آدھے سر کا درد۔

# ڈاکٹر ریکویگ R39

## Biotherapeutic Agent in affections of the abdomen (Left Side)

## پیٹ کے بائیں جانب کے امراض کی دوا

**اجزاء :** لیکیسس D30، لائیکوپوڈیم D30، پلاڈیم D12، سیکسی فراگا D30، ویسپا کریبرو D12

**علامات :** عورتوں میں بیضہ دانی (بائیں جانب) کی بیماریاں بچہ دانی کے جھلیوں میں سوزش یا ورم، یا رطوبت والی رسولی، ان تمام بیماریوں میں اس دوا کا استعمال فائدہ مند ہوتا ہے۔ ان بیماریوں میں آپریشن سے پہلے اس دوا کو ضرور آزمانا چاہیئے اور آپریشن کے بعد زخم بھرنے اور اعضاء کو معمولی پر لانے میں بھی یہ دوا انتہائی مفید ہے۔ عورتوں میں نچلے پیٹ کے تمام امراض جن کی علامت واضح نہ ہو۔ اس دوا کو پورے اعتماد کے ساتھ استعمال کرایا جا سکتا ہے۔ اگر تکلیف داہنی جانب ہو تو اس سے پہلے والی دوا R38، استعمال کی جائے۔

**اثرات عمل :**

**لیکیسس:** پیٹ کے (بائیں جانب) میں مروڑ کے ساتھ درد اور چہرہ پہ سرخی۔

**لائیکوپوڈیم:** نیچے کی طرف جاتی ہوئی بشکل (S) جیسی درد کی لہر، بڑی آنتوں کے چاروں طرف مروڑ والا درد، ایسے درد کا امکان کینسر بھی ہوسکتا ہے۔ اور خاص بات یہ ہے کہ یہ بھی اس دوا کے استعمال سے جاتا رہیگا۔

**پلاڈیم:** بیضہ دانی کی رسولی، سوزش، پرانی جلن، پر کام کرتی ہے۔

**سیکسی فراگا:** گردے کی پتھری (بائیں جانب) عورتوں کے پیٹ میں بائیں جانب کے امراض کے لئے اکسیر ہے۔ ایسی صورت میں درد عام طور پر پیٹ میں اوپر کی طرف جاتا ہے اور اس کے ساتھ ایسی علامت ظاہر کرتی ہے کہ یہ درد یا تو گردے کی پتھری کا ہے یا آنتوں کی کسی بیماری کا اور اس درد کی وجہ سے قریب کے تمام حصوں کو اپنی

لپیٹ میں لے لیتی ہے اور خاص کر آنتیں بھی اس سے متاثر ہوتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** مستقل اور طویل عرصے تک جاری رہنے والے علاج کے لئے روزانہ تین بار کھانا کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ جن کا ذکر ہدایات کے سلسلے میں کیا گیا ہے مناسب ہے کہ موافق امدادی طور پر لے سکتے ہیں۔ اچانک بخار، درد، اور درد کے ساتھ جلن بھی ہو تو۔ ہر ایک سے دو گھنٹے پر تھوڑے (گرم پانی میں) لیں۔ ساتھ ہی گرم پلٹس پکے ہوئے آلو کی پلٹس یا جسمانی معالجہ علاج جیسے شارٹ ویو (Short wave rays)۔

**ہدایات:** ایک ڈاکٹر کے لئے خاص کر عورتوں میں بائیں طرف کے پیٹ میں ہونے والی بیماریوں کی صحیح تشخیص ایک مشکل کام ہوتا ہے لیکن یہ دوا ان بیماریوں کیلئے از حد مفید ثابت ہوتی ہے اگر اس دوا کے استعمال سے اور اس کے ساتھ دوسری ضروری مددگار دواؤں کی مناسب خوراک استعمال کرنے پر بھی آرام محسوس نہ ہو تو مریضہ کے حالات پر از سر نو بغور توجہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ بہر صورت حسب ذیل امدادی دوائیں موقع کی مناسبت سے استعمال کرنی چاہیے۔ یہ ساری ادویہ کی فہرست امدادی طور پر۔

R37، پیٹ میں مروڑ والے درد اور قبض، آنتوں کی تشنج، مروڑ۔

R38، پیٹ کی بیماریوں میں خاص کر داہنی جانب کیلئے۔

R50، زنانہ امراض۔ کمر، اور ریڑھ کی ہڈیوں کا درد۔

R42، خون کی رگیں ابھر جانے کے ساتھ سوزش وغیرہ۔

R1، ہر طرح کی جلن و سوزش، خاص کر جب بخار ہو۔

R4، اپھن، آنتوں کی مروڑ اور دستوں میں۔

R13، خونی بواسیر اور آنتوں کی بیماریوں کیلئے۔

R17، رسولی کا شک و شبہ۔

R20، بیضہ دانی کے متعلقہ امراض میں۔

R27، گردے کی پتھری کی شکایت میں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R40

## Treatment of Diabetes

## شکر کی بیماری ( ذیابیطس ) کی دوا

**اجزاء :** فسیلیس نینس D12، ایسڈ فاسفورک D12، آرسینک ایلب D8، لائیکو پوڈیم D30، نائٹریم سلفورک D12، یورینیم نائٹرک D30، اسکیل کارنیٹ D4

**علامات :** پیشاب میں شکر آنا ( ذیابیطس ) کی خاص دوا ہے اس کے علاوہ یہ دوا حسب ذیل امراض میں بھی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ خون کی خطرناک کمی جو برنی شیس انیما کہلاتی ہے اور دوسری شدید قسم کی بیماریاں جن میں خون اور غدود کے نظام میں خطرناک تبدیلیاں پیدا کرسکتی ہے مثلاً خون کا سرطان، خون میں سرخ مادے ( ہیموگلوبین ) کی کمی کے بعد جنسی امراض مثلاً آتشک، غدود کا ورم، خارش شدید کمزوری، مزاج کا چڑچڑاپن، پیٹ پھولنا، بھوک میں کمی، اور موسم کی تبدیلی کی سبب تکلیف میں اضافہ، پیاس کی شدت خارش وغیرہ ان تمام امراض کیلئے مئوثر ہے۔

**اثرات عمل :** شکر کی بیماری کا علاج آسان نہیں ہے پھر بھی یہ دوا چینی ( ذیابیطس ) میں ہونے والی تکلیفوں کو بہت حد تک دور کر دیتی ہے۔ اس دوا کی خصوصیت ہے یہ زیادہ دنوں تک پابندی سے استعمال کی جائے تو احتیاطاً علاج ممکن ہے کیونکہ R40، کا مسلسل استعمال انسولین یونٹ پر بہت جلد اثر کر کے انسولین کو معتدل کر دیتی ہے یہی وجہ ہے کہ دوا اپنے کارکردگی میں کامیاب ہے۔

**ایسڈ فاس:** زیادہ پیاس کا لگنا، نامردی، جنسی و عام کمزوری۔

**آرسینک ایلب:** نہ بجھنے والی پیاس اور بڑھتی ہوئی کمزوری۔

**لائیکو پوڈیم:** جگر (Liver) کی دوا، پیٹ پھولنا، سوجن کا احساس۔

**نائٹریم سلفورک:** جگر (Liver) کی دوا موسم کی نمی سے بیماری کا بڑھنا محسوس ہو۔

**فیسی اولس نینس:** پیشاب میں شکر آنا، دل کا فعل خراب اور دل کی بیماریاں۔

**اسکیل کارنیٹ:** پیاس، کانوں جیسی چبھن اور سُن ہو جانے کا احساس ٹھنڈی چیزیں استعمال کرنے کی چاہت۔

**یورینیم نائٹرک:** شکر کی ہر قسم میں یعنی شکر آنا، یا صرف پیشاب زیادہ آنا، تمام امراضوں کی خاص دوا ہے۔

**مقدارِ خوراک:** لمبے عرصے تک مستقل علاج کیلئے روزانہ تین بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں دیں۔ سدھار ہونے پر خوراک میں کمی کرکے دو بار دیں۔

**ہدایات:** دوسری تکلیفوں میں حسب ذیل دواؤں میں سے استعمال کرسکتے ہیں

R1، جلن، ناسور، پھوڑا پھنسی میں۔

R7، جگر (Liver) متعلقہ سے امراض میں۔

R10، ماہواری کی خرابی یا سفید رطوبت کی شکایت میں۔

R19، اور 20، گٹھیاں گانٹھ کی سوزش میں۔

R21، جلدی بیماریوں کیلئے پھوڑا پھنسی میں۔

R41، مردوں میں جنسی امراض یا نامردی میں۔

R37، قبض آنتوں کی کمزوری اور ریح بنا ہوا خارج ہونا۔

R42، خون کی رگوں میں خرابی سوجن و سوزش۔

R31، بھوک نہ لگنا اور کمزوری اور پیلا رنگ ہونا۔

اس فارمولے کے ساتھ مناسب مددگار دوا کا استعمال کرنے پر حیرت انگیز فوائد ہوتے ہیں۔

# R41 ڈاکٹر ریکویگ

## Sexual Neurasthenia Drops

ضعف باہ، اعصابی اور جنسی کمزوری کے لئے

**اجزاء :** ایسڈ فاسفورک D12، ایگنس کاسٹس D8، چائنا D12، کونیئم D30، ڈامیانہ D6، فاسفورس D6، سیپیا D30، ٹمیٹیز D12

**علامات :** جنسی کمزوری، مردانگی کی کمزوری مردانہ طاقت میں بے رغبتی، خواہشات مباشرت ختم ہونا یا نہ کے برابر ہو یا سرعت انزال، جریان، مشت زنی یا جلق، احتلام، ضعف باہ، عضو خاص کی نرمی اور لاغری وغیرہ، ان تمام امراض کے لئے بے حد مفید اور کامیاب دوا ہے۔

**اثرات عمل :** جنسی کمزوری کردینے والے اثرات بھاگ دوڑ کی زیادتی زیادہ کام کاج کا بوجھ تھکان اور ان تمام بیماریوں میں موثر دواؤں کی تفصیلات۔

**ایسڈ فاسفورک:** نامردی کی کمزوری بے امنگ کی کمزوری کی مقوی دوا۔

**ایگنس کاسٹس:** نامردانگی طاقت کی کمزوری کو دور کر کے قابل مباشرت اور جسم میں توانائی پیدا کرنے میں بے مثال دوا ہے۔

**چائنا:** زیادہ مباشرت، مشت زنی جلق یا کسی بیماریوں کی وجہ عضو تناسل میں نرمی، لاغری کمزوری کو دور کرتی ہے۔

**کونیئم:** غصہ، چڑچڑاپن توجہ میں کمزوری کا شدید احساس خاص کر جنسی کمزوری، بڑھاپے کی ناطاقتی۔

**ڈامیانہ:** یہ دوا خاص کر جنسی نظام کو طاقت دیتی ہے۔

**سیپیا:** تھکی قوتوں کو نئی زندگی عطا کرتی ہے اور سارے جسم کو طاقت دیتی اور بیداری

پیدا کرتی ہے جنسی قوت کو بڑھاتی ہے۔

ٹیسٹیز: جسم کے ان قدرتی مادوں کو بڑھاتی ہے جو جنسی افعال کو ٹھیک رکھنے کیلئے ضروری ہے۔

**مقدارِ خوراک:** عام طور پر روزانہ دو سے تین بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں پندرہ بوندیں۔ پرانے مرض میں یا فوری قوت پہنچانے کیلئے دو سے تین دنوں تک ہر ایک سے دو گھنٹے پر دس سے پندرہ بوندیں لیں سکتے ہیں۔

**ہدایات:** اس دوا کے ساتھ امدادی دوا کے طور پر R19، ساتھ ہی تھکان لانے والی بیماریوں کے بعد اور خون کی کمی میں R31، لینے کا مشورہ دیا جاتا ہے۔ اعصابی اور جسمانی پٹھوں کی کمزوری میں وٹنامی R2،15 اس طرح کی پٹھوں کی کمزوری اور دل کی تکلیفوں میں R3، یا پھیپھڑوں اور سینے کی بیماریوں کیلئے R48۔ گھیگا وغیرہ کے آثار ہو تو R51 لیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R42

## Venous Stasis Varicosis, inflammation of the veins

## رگوں کا پھیلنا یا رگوں کی سوجن و جلن

**اجزاء :** ایسکولس D30، بیلا ڈونا D12، کیلشیم فلوریٹ D30، کارڈوس میری آنس D12، ہیما میلس D6، پلسیٹا D30، پلساٹیلا D30، اسکیل کارنیٹ D30، میزی ریوم D12، وائپرابیرس D12

**علامات :** خون کی رگوں کے ابھر جانے اور سوزش، رگوں میں خون اکٹھا ہو جانا خاص کر جسم کے نچلے حصہ جیسے ٹانگوں میں تھکن کا احساس یا اور کسی وجہ تھکن اور رگوں کا بھاری پن، اعصابی تھکاوٹ جو بڑھاپے میں اکثر پائے جاتے ہیں اور جسکی وجہ جلدی امراض جیسے خارش کھجلی، ایگزیما، اور خون کی کمی سے رگوں میں پیدا ہونے والے بواسیر جیسے امراض بھی شامل ہے۔

**اثرات عمل :** **ایسکولس ہپو کیسٹینم :** رگوں کے پھولنے اور اس میں خون اکٹھا ہو جانے کو ٹھیک کرتی ہے۔

**بیلا ڈونا:** جسم کے کسی بھی حصہ میں جلن و سوزش کیلئے۔

**کیلشیم فلوریٹ:** اس دوا کا خاص اثر یہ ہے کہ خون کی رگوں کی کمزوری کو دور کرتی ہے، اور رگوں کے پھولے ہوئے حصوں پر اپنا خاص اثر ڈالتی ہے۔

**کارڈوس میری آنس:** جانگھ (نچلے حصہ) پر ایگزیما۔

**ہیما میلس :** جسم کی تمام بیماریوں کیلئے اور خاص کر خون کی رگوں میں دوران خون کی رکاوٹ کی وجہ درد ہونے کی تکلیفوں کو دور کرتی ہے۔

**میزی ریوم :** آبلوں کی مانند پانی والے پھپھولے کی شکل میں ظاہر ہونا اور پھوڑا

چھنسی، اور ٹھنڈا محسوس ہو۔

**پلسیٹلا:** جسم میں خون کے دوران کو درست کرتی ہے اور جسم کے افعال کو کنٹرول کرنے والی غدود کو طاقت دیتی ہے۔

**اسکیل:** خون کی بڑی رگیں اور چھوٹی رگوں کی بیماریوں کو دور کر کے افعال نظام کو درست کرتی ہے۔

**وائپرا بیرس:** رگوں کی ایسی بیماری جس میں جراثیمی خرابی کی وجہ سے بھاری پن کا احساس اور خون کی رگوں میں جلن وسوزش ہو، اور اس دوا کا خاص اثر جسم کے نچلے حصے کے ٹانگوں پر ہوتا اور خاص کر جانگھوں پر پانی والی سوجن پر ہوتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** لمبے علاج کیلئے روزانہ تین بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں۔ جلن اور ایگزیما میں لگاتار خوراک خاص کر بار بار درد ہو تو مستقل ہر تیس منٹ سے ایک گھنٹے پر 10 بوندیں دیں۔

**ہدایات:** حسب ذیل مددگار دوائیں R1، شدید جلن کے لئے۔R2، خون جمنے سے کسی بھی طرح کی رکاوٹ ہو اور دوران خون کی کمی ہو ان تمام تکلیفوں کو دور کر کے دل کو بھی تقویت پہنچاتی ہے۔R6، جسم سے نقصان دہ اجزاء کو باہر نکالتی ہے R39۔R38 اور R50، پیٹ کی بیماریوں میں خون کی خرابیوں کی وجہ سے زچگی کے بعد۔

# ڈاکٹر ریکوینگ R43

## Against Asthma-Asthmatic Constitution

دمے کی دوا

**اجزاء :** آرسینکم البم D8، بیلاڈونا D30، برائیونیا D12، کاربو ویج D30، کالی یم فاس D30، ہائی پوفائی سس D30، نیٹرم کلور D30، نیٹرم سلف D200، ویراٹرم D30، یرباسینٹا D12

**علامات :** سانس کی تکلیف دمہ، پھیپھڑوں کی نالیوں میں تنگی کے سبب سانس لینے میں دشواریاں اور دمہ سے ہونے والی عام جسمانی نظام میں پیدا ہونے والی خرابیوں کو دور کرتی ہے۔

**اثرات عمل :** دمہ کے علاج میں ایک عام آدمی جو سادھارن دوا کا استعمال کرتا ہے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ بیماری دب جاتی ہے لیکن جڑ سے ختم نہیں ہوتی اور وقتی طور پر آرام بھی آجاتا ہے لیکن یہ سب کچھ عارضی ہوتا ہے۔ ایسے ناگفتہ حالات میں معالج کو موثر دوا کا انتخاب کرنا چاہیے یا پھر اعلیٰ درجے کا فارمولا R43، جو دمہ کے لئے مخصوص اور بے حد موثر دوا کا منتخب کریں جسکی خصوصیت درج ذیل ہے۔

**آرسینک ایلب :** بے حد بے چینی گھبراہٹ۔

**بیلاڈونا:** دمہ کی وہ کیفیت جو کھانسی کے ساتھ ہوتی ہے اور تیز کھانسی کے ساتھ پسینے کی زیادتی۔

**برائیونیا:** خشک والی کھانسی چڑچڑا پن اور بلغم نکلنے میں دشواری اور حلق اور سینے کی خراش، سانس لینے میں پریشانی۔

**ہائی پوفائی سس:** یہ دوا اپنے نام کے مطابق کام بھی زوردار اثر کرتی ہے اور خاص کر ان مریضوں کے لئے مفید ہے جن کا جسم قدرتی معیار کے مطابق نہ بڑھا ہو اور جسمانی نشونما کی ایسی کمی کے ساتھ عام طور پر دمے کی شکایت بھی ہوتی ہے۔

**کالی یم فاس:** کمزوری دور کرتی ہے، رگوں کے لئے مقوی دوا ہے۔

**نیٹرم کلوریٹ:** انفکشن اور خشک کھانسی نیز تھیلیوں کی سوزش، چڑچڑاپن اور سخت تکلیفیں۔

**نیٹرم سلف:** دمہ کے مریضوں کی خاص دوا جو موسم کی نمی سے مرض بڑھ جاتا ہو اور موسم دھوند کہرا کے زمانے میں مرض میں اضافہ۔

**ویراٹرم ایلب:** دمے کے ساتھ ٹھنڈا پسینہ دمے کے دورے۔

**یریباسینٹا:** سانس کی نالیوں میں سوزش اور دمے کی شکایت کھانسی زیادہ اور بلغم کی بھی زیادتی۔

**مقدارِ خوراک:** لمبے علاج کے لئے روزانہ 2-3 بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی 10-15 بوندیں۔ دمے کے دورے ختم ہو کے بعد ہی خوراک روزانہ ایک یا دو بار لینی چاہیے اور دمے کے دورے زیادہ آئے تو خوراک جلدی جلدی یعنی پہلے ہر آدھے گھنٹے پر پھر ہر پندرہ منٹ پر یا پھر ہر پانچ سے دس منٹ پر دس سے پندرہ بوندیں۔ بہتر ہے کہ تھوڑے گرم پانی میں لیں جس سے دوا کے اثرات بڑھ جاتے ہیں۔

**ہدایات:** ذیل کی دوائیں بھی مفید ہے۔

R14، دمے کا دورہ شدید، غصہ یا رنج کے بعد ہوا ہو۔

R3، جب دل پر دباؤ کا احساس ہو۔

R2، درد اور دھڑکن بڑھ گئی ہو۔

R48، نئی و پرانی بیماریوں میں یا دمے کی شکایت میں۔

R45، گلے کی خراش اور سردی و سوزش۔

R6، جب سانس کی نالیوں میں خرابی، نزلہ زکام میں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R44

## Disorders of the Blood Circulation (Weakness)
## Hypotony (Low Blood Pressure)

## دورانِ خون کی خرابی (کمزوری) اور بلڈ پریشر کی کمی لو بلڈ پریشر کی دوا

**اجزاء :** کریٹگس D1، لوروسیراسس D3، اسپارٹیم اسکوپ D2، اولینڈر D3

**علامات :** دورانِ خون میں کمی و کمزوری اور دل کی کمزوری اور اس کے بعد سستی۔

**اثرات عمل :** **کریٹگس :** دل کے پٹھوں کو طاقت دینے والی خاص دوا ہے۔

**لوروسیراسس :** خون میں (Prussic Acid) کے شامل ہونے کی وجہ سے چڑچڑا پن اور سانس کی نالیوں میں تکلیفیں۔

**اولینڈر :** دورانِ خون کو درست کرنے کیلئے مخصوص دوا ہے اور دل کو طاقت پہنچاتی ہے اور خون کے دباؤ کو بڑھاتی ہے۔ اس مرکبات دوا کا اثر چند دنوں تک پابندی سے استعمال کرنے پر ظاہر ہونے لگتا ہے اور اس دوا کے استعمال سے خون کا دباؤ (بلڈ پریشر) پر اثر کر کے اسے نارمل کر دیتی ہے خاص کر عورتوں میں زچگی کے بعد خون کی کمی (اینیما) میں اور چھوت دار جراثیمی بخار مثلاً فلو وغیرہ کے اثرات ان سبھوں میں مفید ہے۔

**مقدارِ خوراک :** لمبے عرصے تک علاج جاری رکھتے ہوئے روزانہ تین بار کھانے سے قبل پہلے تھوڑے پانی کے ساتھ 10-15-20 بوندیں لیں۔ شدید حالت میں ہر ایک سے دو گھنٹے میں دس سے پندرہ بوندیں۔

**ہدایات :** بار بار ہونے پر یا بار بار دورانِ خون میں کمی اور کمزوری ہونے پر ہر پانچ سے دس منٹ پر دس سے پندرہ بوندیں دینی چاہیئے بغیر پانی ملائے ہوئے یا تھوڑے گرم پانی میں دیں۔ لیکن اس علاج کے دوران مریض کو نیند باقاعدہ آنی چاہیئے خاص کر کم عمر والی خواتین میں زچگی کے بعد مفید ثابت ہوتی ہے امدادی دوائیں R31 اور R2۔

# ڈاکٹر ریکو یگ R45

## Illnesses of the Larynx and Upper Breathing Apparatus

## حلق اور آواز کی خرابی اوپری جسمانی بیماریاں

**اجزاء :** آرجینٹم نائٹریکم D12، آرنیکا D30، آرم میکولیٹم D12، کیلشیم کارب ہنم D30، فاسفورس D30

**علامات :** گلے کی خراش اور آواز بیٹھنا اور آواز میں بھاری پن، عام طور پر ان لوگوں کو زیادہ ہوا کرتی ہے جو گلے سے زیادہ کام لیتے ہیں جیسے کہ گانے والے ایکٹر، معلم استاد، مقررین، اور گلے میں خراش کے ساتھ کبھی ایسا بھی محسوس ہوتا ہے کہ گلے میں زخم ہوگیا ہو جو عموماً نزلہ زکام کی بھی وجہ سے ہو جاتا ہے۔ اور بات کرنے میں بھی تکلیف ہوتی ہے حلق کی نالی میں تپ دق کے اثرات، انفلوئنزا، اور سردی کے لگنے سے عموماً ایسے حالات سامنے آتے ہیں۔

**اثرات عمل :** **آرجینٹم نائٹریکم:** حلق کی خراش اور نزلہ زکام اور خارش کو کم کرتی ہے اور آواز پیدا کرنے والے حصہ کو بھی آرام دیتی ہے اور زیادہ چیخنے چلانے کے نتیجے میں پیدا ہونے والی خرابیوں کو دور کرتی ہے، حلق میں درد، گائیک، ٹیچر، مقررین ان تمام کیلئے مفید ہے۔

**آرنیکا:** گلے پر زیادہ زور پڑنے کی وجہ سے ہونے والی خرابیوں کو دور کرتی ہے اور حلق کے ان حصہ کو آرام دیکر حلق کی خراش کو دور کرتی ہے۔

**آرم میکولیٹم:** حلق میں زخم پڑ جانے کے احساس کو دور کرتی ہے اور حلق کے اندر ہونے والی خراش کو آرام دینے میں مدد کرتی ہے۔ اور سردی کے اثرات کو ختم کرتی ہے۔

**کیلشیم کارب ہنم:** گلے کی خراش آواز کا بیٹھنا اور بعض اوقات اعصابی امراض میں بہت کام آتی ہے اور اتنا ہی نہیں زیادہ دنوں تک اس دوا کے استعمال سے سانس کی نالی اور اعصابی بیماریوں سے لڑنے کی طاقت جسم کے اندر پیدا کرتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** لمبے عرصے تک علاج کیلئے روزانہ تین بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں دیں۔ گلے کی خراش، آواز بیٹھنا یا پھر بولنے میں زیادہ تکلیف ہو تو خوراک بڑھا دینی چاہیئے روزانہ 5-10-15 منٹ پر دس سے پندرہ بوندیں۔

**ہدایات:** امدادی طور پر یہ دوائیں۔

R43، دمے کی شکایت میں۔

R48، تپ دق میں۔ اور حلق کی نالی میں، پھیپھڑے کی تکلیفیں اور تپ دق کی شکایت میں اسکا استعمال بہتر ہوگا۔

R51، گلے کی بیماری جیسے گھیگا وغیرہ میں۔

R47، حلق میں کوئی گولا سا آ کر جیسے گلے کے راستے کو بند کر دیا محسوس ہونا ہسٹیریا جیسی کیفیت ہونا۔

# ڈاکٹر ریکویگ R46

## In Rheumatism of Fore-Arms & Hands

## بازو اور ہاتھوں کے جوڑوں میں درد گٹھیا کے لئے

**اجزاء :** فیرم فاسفوریکم D12، لیتھیم کارب D12، نیٹریم سلفوریک D30، تھس وامیکا D30، رھوڈوڈنڈران D6، اسپائریا المیریا D12

**علامات :** بانہوں اور ہاتھوں کا (Rheumatism) گٹھیا ہونے پر جوڑوں کی سوجن جیسے پہنچے کا جوڑ، انگلیوں کے چھوٹے جوڑوں کا درد، اور موسم کی تبدیلی کی وجہ تکلیف زیادہ محسوس کرتے ہیں یہ فارمولا جوڑوں کی ہر قسم کی تکلیف میں استعمال کرایا جا سکتا ہے جو مرطوب موسم میں بڑھ جاتی ہے مثلاً انگوٹھی کا درد، گھٹنے کا درد، کندھے کا درد، ریڑھ کی ہڈی میں درد، کولہے اور پسلی کے جوڑوں کا درد یا سر کی ہڈیوں کا ان تمام امراض میں یہ دوا مفید ہے۔

**اثرات عمل :** اس دوا کا استعمال موسم کی نمی سے ہونے والی بیماریوں میں بھی اپنی بہترین کارکردگی ثبوت دیتی ہے۔

**فیرم فاس:** خاص طور پر ورم اور سوزش کی دوا ہے خون کی کمی اور کمزوری جوڑوں کے درد اور گٹھیا کے لئے مفید ہے۔

**لیتھیم کارب:** گٹھیا کے درد چھوٹے بڑے جوڑوں کے درد کی خاص دوا ہے (Rheumatism) کی مخصوص ہے۔

**نیٹریم سلفوریک:** (Rheumatism) گٹھیا اور دمہ میں نمی موسم کی وجہ سے بڑھی ہوئی تکلیف میں مفید ہے۔

**تکس وامیکا:** سو کر اٹھنے پر تکلیف کا بڑھنا درد کی شدت کے ساتھ کمزوری۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

رھوڈوڈنڈران: پرانے گٹھیا کا درد، ہاتھوں اور پیروں کے جوڑوں کا درد اور خاص کر بانہوں اور ہاتھوں کی ہڈیوں کے درد میں۔

اسپائیریا المیریا: پھڑکن کے ساتھ کہنی کے جوڑوں میں درد۔

**مقدارِ خوراک:** خوراک کا انحصار بیماری اور درد کی شدت پر ہے۔ عام حالت میں روزانہ 2-3 بار کچھ لمبے وقتوں تک کھانے سے پہلے تھوڑے پانی میں 10 سے 15 بوندیں۔ انہیں اور بھی امدادی دوائیں کے ساتھ استعمال کر سکتے ہیں۔ زیادہ شدید حالتوں میں ہر ایک گھنٹے پر دس بوندیں لیں۔ سدھار ہونے پر ہر دو سے تین گھنٹے پر دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ ساتھ ہی اور امدادی دوائیں۔ صبح دوپہر اور رات میں۔

**ہدایات:** امدادی دوائیں۔

R1، ڈانسلز میں تیز درد اور دل میں درد کے بعد ہونے والا جوڑوں کی سوزش۔

R6، بخار اور بھیگ جانے کے بعد انفلوئنزا میں۔

R11، گٹھیا کے درد (Rheumatism) تکلیفوں میں۔

R16، آدھے سر کے درد اور اعصابی کمزوری میں۔

R24، پسلی کے درد، بخار اور سینے کے درد میں۔

R50، زنانہ امراض عورتوں میں کمر درد۔ ریڑھ کی ہڈی کا درد۔ میں استعمال کریں۔

شروعات میں صرف R46، کا ہی استعمال کریں خاص کر جب ہاتھوں میں درد ہو اور جوڑوں میں۔ علاج کے درمیان ایک یا دو امدادی دواؤں کا بھی استعمال رکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R47

## All Hysteric Complaints

### ہر قسم کے ہسٹیریا (اختناق الرحم) کی بیماریوں کے لئے

**اجزاء :** ایسافوٹیڈا D12، گلونائم D12، اگنیشیا D30، لیکیسس D30، موسکس D12، کافیا D30، پلساٹیلا D30

**علامات :** ہسٹیریا کے دورے کے ساتھ (Hysteric ball) پیٹ میں سے گولے کا اٹھنا جو معدے سے لے کر حلق تک ایسا محسوس ہو کہ حلق کی نالی میں کوئی گولا آ کر اٹک گیا ہو یا نالی کا راستہ سکڑ جانے جیسا محسوس ہونا، آواز بند ہونا، دانت بند ہونا، کانپنا، ہاتھ پاؤں میں اینٹھن کان بجنا، گلے میں گھٹن، چیخنا چلانا یا رونے کی کیفیت، راتوں میں گلے کے اندر پھڑکن محسوس ہونا، ایسا معلوم ہو کے جیسے حلق بند ہو رہا ہے اور ان تمام تکلیفوں میں ماہواری آنے سے کچھ دن قبل اضافہ ہو جاتا ہے یعنی بڑھ جاتی ہے۔

**اثرات عمل :** ہومیو پیتھک علاج میں R47، ہسٹیریا یا اس قسم کے امراض کیلئے بے مثال ہے، دماغی و اعصابی سے ہونے والی تکلیفوں میں بھی خاص طرح سے کام کرتی ہے۔

**ایسافوٹیڈا:** گلے میں گولا پھنسنے کا احساس۔

**گلونائم:** گلے میں پھڑکن اور گھٹن کا احساس، نبض میں بھی پھڑکن محسوس۔

**اگنیشیا:** گلے میں دباؤ محسوس ہونا اور کھاتے پیتے وقت بھی حلق میں گولے پھنسنے کا احساس ہوتا ہو۔ اور سینے پر دباؤ کا احساس۔

**لیکیسس:** گھٹن سی محسوس، گلے کے چاروں طرف درد کا احساس اور گلے میں تنگی محسوس، بے چینی، رات کے وقت اچانک آنکھیں کھل جانا۔

**موسکس:** ہسٹیریا میں مبتلا خواتین جن میں آواز یا بو کی حس بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہو۔ تمام باتوں کا خیال رکھتے ہوئے R47، عورتوں کیلئے ایک مفید دوا ہے جو اسطرح کی

تمام تکلیفوں کیلئے بہتر ہے۔ ماہواری شروع ہونے سے چند دن پہلے زیادہ تکلیفیں بڑھ جاتی ہے جو یہ فارمولا عورتوں کی تمام ذہنی اور نفسیاتی بیماریوں کا علاج ہے اور ہر عمر والی خواتین میں خواہ جوان ہو یا ادھیڑ دونوں کیلئے یکساں فائدہ مند ہے یہ امر طے شدہ ہے کہ ان تکلیفوں کا تعلق کسی نہ کسی طرح زنانہ جنسی اعضاء کے افعال سے ضرور ہوتا ہے ان کی اعضاء میں بیضہ دانی کا حصہ سب سے زیادہ ہوتا ہے ایسی حالت میں لیکیسس اور پلسا ٹیلا خاص اثر کرتی ہے اور اس دوا کے مرکب بے حد اثرات ہے۔

**مقدارِ خوراک:** شروع میں روزانہ دن میں چار سے چھے بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ اگر دورے آئے تو ہر پندرہ منٹ پر ہی خوراک دینی چاہیئے۔

**ہدایات:** امدادی ادویہ کی شکل میں لے سکتے ہیں۔

R14، اعصابی خرابی کی زیادتی میں۔

R34، کیلشیم کی کمی تناؤ میں۔

R16، خون کی کمی اور بیماریوں کے بعد کی کمزوریوں کیلئے R31 ۔منہ کے اندر گلے میں پچھلے حصہ میں جلن R1 ۔حلق کی جلن یا آواز بیٹھنا، نزلہ R45 ۔اس امدادی دوا کے استعمال کے بعد کچھ دنوں تک صرف R47، کا استعمال ضرور رکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R47

## All Hysteric Complaints

### ہر قسم کے ہسٹیریا (اختناق الرحم) کی بیماریوں کے لئے

**اجزاء :** ایسافوئیڈا D12، گلونائم D12، اگنیشیا D30، لیکیسس D30، موسکس D12، کافیا D30، پلساٹیلا D30

**علامات :** ہسٹیریا کے دورے کے ساتھ (Hysteric ball) پیٹ میں سے گولے کا اٹھنا جو معدے سے لے کر حلق تک ایسا محسوس ہو کہ حلق کی نالی میں کوئی گولا آکر اٹک گیا ہو یا نالی کا راستہ سکڑ جانے جیسا محسوس ہونا، آواز بند ہونا، دانت بند ہونا، کانپنا، ہاتھ پاؤں میں اینٹھن کان بجنا، گلے میں گھٹن، چیخنا چلانا یا رونے کی کیفیت، راتوں میں گلے کے اندر پھڑکن محسوس ہونا، ایسا معلوم ہو کے جیسے حلق بند ہو رہا ہے اور ان تمام تکلیفوں میں ماہواری آنے سے کچھ دن قبل اضافہ ہو جاتا ہے یعنی بڑھ جاتی ہے۔

**اثرات عمل :** ہومیوپیتھک علاج میں R47، ہسٹیریا یا اس قسم کے امراض کیلئے بے مثال ہے، دماغی و اعصابی سے ہونے والی تکلیفوں میں بھی خاص طرح سے کام کرتی ہے۔

**ایسافوئیڈا:** گلے میں گولا پھنسنے کا احساس۔

**گلونائم:** گلے میں پھڑکن اور گھٹن کا احساس، نبض میں بھی پھڑکن محسوس۔

**اگنیشیا:** گلے میں دباؤ محسوس ہونا اور کھاتے پیتے وقت بھی حلق میں گولے پھنسنے کا احساس ہوتا ہو۔ اور سینے پر دباؤ کا احساس۔

**لیکیسس:** گھٹن سی محسوس، گلے کے چاروں طرف درد کا احساس اور گلے میں تنگی محسوس، بے چینی، رات کے وقت اچانک آنکھیں کھل جانا۔

**موسکس:** ہسٹیریا میں مبتلا خواتین جن میں آواز یا بو کی حس بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہو۔ تمام باتوں کا خیال رکھتے ہوئے R47، عورتوں کیلئے ایک مفید دوا ہے جو اسطرح کی

تمام تکلیفوں کیلئے بہتر ہے۔ ماہواری شروع ہونے سے چند دن پہلے زیادہ تکلیفیں بڑھ جاتی ہے جو یہ فارمولا عورتوں کی تمام ذہنی اور نفسیاتی بیماریوں کا علاج ہے اور ہر عمر والی خواتین میں خواہ جوان ہو یا ادھیڑ دونوں کیلئے یکساں فائدہ مند ہے یہ امر طے شدہ ہے کہ ان تکلیفوں کا تعلق کسی نہ کسی طرح زنانہ جنسی اعضاء کے افعال سے ضرور ہوتا ہے ان کی اعضاء میں بیضہ دانی کا حصہ سب سے زیادہ ہوتا ہے ایسی حالت میں لیکیسس اور پلسا ٹیلا خاص اثر کرتی ہے اور اس دوا کے مرکب بے حد اثرات ہے۔

**مقدارِ خوراک:** شروع میں روزانہ دن میں چار سے چھے بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ اگر دورے آئے تو ہر پندرہ منٹ پر ہی خوراک دینی چاہیئے۔

**ہدایات:** امدادی ادویہ کی شکل میں لے سکتے ہیں۔

R14، اعصابی خرابی کی زیادتی میں۔

R34، کیلشیم کی کمی تناؤ میں۔

R16، خون کی کمی اور بیماریوں کے بعد کی کمزوریوں کیلئے R31۔ منھ کے اندر گلے میں پچھلے حصہ میں جلن R1۔ حلق کی جلن یا آواز بیٹھنا، نزلہ R45۔ اس امدادی دوا کے استعمال کے بعد کچھ دنوں تک صرف R47، کا استعمال ضرور رکھیں۔

# ڈاکٹر ریکوینگ R48
## Pulmonary Diseases
## پھیپھڑوں کی بیماریوں کے لئے

**اجزاء :** ایسڈ پکرین D8، برائیونیا D12، ڈلکامارا D30، فیرم فاس D12، کالی کارب D6، لائیکو پوڈیم D30، سیپیا D6، سائلیشیا D30، چائنا D6، فاسفورس D30

**علامات :** پھیپھڑوں کی کمزوری اور تپ دق (ٹی بی) کی ابتداء پھیپھڑوں کی ہوائی نالیوں کے سکڑ جانے کی وجہ سے پڑنے والا دمہ کا دورہ، پھیپھڑوں کی پرانی سوزش، زیادہ سگریٹ پینے سے کھانسی کی شکایت پھیپھڑوں کی ہوائی نالیوں کی تمام بیماریوں اور دمہ میں بھی مددگار دوا کے طور پر مفید ثابت ہوتی ہے دونوں کندھوں کے درمیان ہڈی میں درد اور کمزوری کا احساس، رات کو پسینے کی زیادتی اور بے چینی میں بھی یہ دوا دوسری ضروری دواؤں کے ساتھ مددگار کے طور پر استعمال کرائی جا سکتی ہے۔

**اثرات عمل :** **ایسڈ پکرین:** کندھوں کے درمیان ہڈیوں میں جلن تھکن اور درد۔

**برائیونیا:** پسلیوں کے قریب پھیپھڑوں کے جھلی کی سردی اور سوزش کو کم کرتی ہے اور ایسے مریضوں میں ضرور استعمال کرنی چاہیئے کیونکہ تپ دق کے مرض کا علاج جلد نہ کرنے سے (ٹی بی) میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

**ڈلکامارا:** مرطوب مزاج کے مریضوں میں نمی اور پانی میں بھیگ جانے کے اثرات کو ختم کرتی ہے۔اس دوا کی خصوصیت یہ ہے کے کندھوں کے درمیان کی کمزوری اور تپ دق سے (ٹی بی) ابتداء کو ختم کرتی ہے۔

**فیرم فاس:** خاص کر ٹھنڈی لگنے کے بعد حلق اور سانس کی نالیوں کی سوزش اور ہر وقت کھانسی کی زیادتی، پھیپھڑوں میں ورم، اور سانس کی نالیوں اور ان کی جھلیوں کی سوزش کے ساتھ بخار، تپ دق، اور تپ دق کی وجہ (ٹی بی) کی شکایت ہو ان امراض

میں بنیادی طور پر جسمانی کمزوری کو دور کر کے جسم کو طاقت دیتی ہے اور یہ دوا صحت کیلئے بھرپور ٹانک ہے۔

**کالی کارب:** رات میں آنے والے پسینے اور کندھوں کی ہڈیوں کے درمیان کی کمزوری جیسے تپ دق میں اکثر ہوتی ہے۔

**لائیکو پوڈیم:** جگر (لیور) کے لیئے مئوثر۔ جسم کی بیماریوں کے مادوں کو نکالنے میں مدد کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے۔

**سیپیا:** عام جسمانی صحت کو برقرار رکھتی ہے اور یہ ایک ٹانک کی صورت میں کام کرتی ہے۔ جسم کی کمزوری کو دور کر کے قوت پیدا کرتی ہے اور تھکن کی حالت میں فائدہ مند ہے۔

**سائلیشیا:** پھیپھڑوں اور انکی ہوائی نالیوں کی سوزش کو دور کرتی ہے خاص کر اس حال میں مفید ہے جب سوزش کی وجہ سے غدود بڑھ جائیں اور پھیپھڑوں پر دباؤ ڈالیں اور عام کمزوری کے صورت میں تپ دق میں اس کا استعمال ایک ٹانک کا کام کرتی ہے۔ اور تپ دق میں بہت جلد سدھار کرتی ہے، دمہ، سردی سے ہونے والی بیماریوں میں بھی بہت مفید ہے۔

**مقدارِ خوراک:** عام حالت میں روزانہ تین بار کھانے سے پہلے تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ پیٹ کے درد میں یہی خوراک روزانہ پانچ سے دس منٹ پر لیں۔

**ہدایات:** امدادی دوائیں۔

R43، دمے کی شکایت میں۔

R6، انفلوئنزا میں (فلو) میں اور بخار میں۔

R24، پسلیوں کے قریب پھیپھڑوں کی جھلیوں اور پھیپھڑوں میں سوزش۔

R32، تھکان والے پسینے میں خاص کر رات میں آنے والے پسینے میں۔

R34، پھیپھڑوں کی بیماری میں اور تھکان اور کیلشیم کی کمی میں (ٹی بی) کے اثرات میں استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R49

## Acute & Chronic Catarrh, Sinusitis

## تیز اور پرانے نزلہ زکام، ناک کی سوزش

**اجزاء:** آرسینکا ایلب D12، کیلشیم کارب D30، سینا بیرس D12، کیلشیم بائی کروم D12، مرک سول D30، پلساٹیلا D12، سیپیا D12، سلفر D30

**علامات:** ناک کے تیز اور پرانے نزلہ میں اوپری جبڑے سے متعلق اور چہرے کی ہڈیوں میں نزلہ کے اثرات اور اس کی وجہ سے ہونے والی ناک کی تکلیفیں (Sinusitis) بچوں میں ناک کے اندر مسے کی طرح گوشت بڑھ جانا، اور زبان بے مزہ چکھنے پر صحیح ذائقہ محسوس نہ ہونا اور سنگھنے کی حس ختم ہو جانا۔

**اثرات عمل:**

**آرسینک ایلب:** تمام پرانی بیماریاں جن کے ساتھ عام جسمانی قوت میں کمزوری، نزلہ زکام بے چینی۔

**کیلشیم کارب ہینم:** منہ ناک یا کسی جگہ کی جھلی کی سوزش کی خاص دوا ہے اور جھلیوں میں پیپ پڑنے یا اس طرح کی سوزش و جلن۔

**سینا بیرس:** چہرے اور پیشانی کی ہڈیوں میں پرانے نزلہ کی وجہ خراش اور درد۔

**کیلشیم بائی کروم:** چمکدار و چپ چپے غلیظ رطوبت کو خارج کرنے میں مدد دیتی ہے، اور نزلہ زکام اور پرانے نزلہ کی وجہ بلغم کی شکایت میں استعمال مفید ہے۔

**پلساٹیلا:** اوپر کی دوا کی طرح اثر کرتی ہے اور جن کو بند نزلہ ہو اس میں آرام دیتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** تیزی شدید حالت میں روزانہ ایک سے دو گھنٹے پر تھوڑے پانی میں دس بوندیں لیں۔ مرض پرانا ہو تو روزانہ تین سے چار بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔

**ہدایات:** انفلوئنزا کے دوران یا اس کے بعد R6، کا استعمال کرنا چاہیے R45، گلے کی خراش اور سردی سے ہونے والے مرض میں۔ کھانسی میں R8/R9۔ اور پھیپھڑوں کی جھلیوں کی سوزش میں۔ اور پسلیوں کے درمیان تکلیف میں R24۔ لیں۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

# ڈاکٹر ریکویگ R50

## Gynecological Sacroiliac Complaints
## Pains in Sacral Region (Women)

زنانہ امراض اور کمر، ریڑھ کی ہڈیوں کے متعلقہ بیماریوں میں

**اجزاء :** اسکولس D6، سی می سی فیوگا D4، کولوسینتھس D6، نیٹرم کلوریٹ D30، نکس وامیکا D30، فائیٹولیکا D8، اسٹرونشیم کارب D12

**علامات :** عورتوں میں خاص طور پر پیٹ کی بیماریاں، پیٹ اور ریڑھ کی ہڈی میں درد مختلف امراضوں کی وجہ ہو کرتی ہے جو ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصہ کے آس پاس اور کمر درد خواہ کسی وجہ سے ہو اور ریڑھ کی ہڈی میں کبھی ایسا بھی درد ہوتا ہے جو سر اور ناک کی نوک تک درد جا پہنچتا ہے اور یہی درد پیٹ حصہ تک پھیل جاتا ہے اور چلنے پھرنے میں درد زیادہ بڑھ جاتا ہے اور کبھی رات میں آرام کرتے وقت بھی درد شدید ہو جاتا ہے۔ پیٹھ کے نچلے حصہ اور کمر درد علامات میں سے یہ بھی ہے کہ سیلان الرحم (سفید پانی۔لیکوریا) کے نامکمل علاج کے سبب ہوتا ہے یا زہریلے اثرات کے اسباب ہوتے ہیں۔

**اثرات عمل :**

**اسکولس :** ایسا شدید درد جو متاثرہ حصہ پھٹ رہا ہو مثلاً بواسیر کے مسّوں کا درد، درد جو ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصہ سے پھیلتا ہوا درد۔

**کولوسینتھس :** ریڑھ کی ہڈی کے نچلے حصہ سے پھیلنے والا چبھتا ہوا درد جو ٹانگوں تک پھیلتا جائے۔

**سی می سی فیوگا :** یہ دوا زنانہ جنسی اعضاء کے امراض کے ساتھ خاص تعلق رکھتی ہے درد جو پستان میں ماہواری ہونے کے زمانے میں ہوتا ہے ریڑھ کی ہڈی اور کولہے کی ہڈی سے متعلق وہ بیماریاں جن کا تعلق پیٹ کے اعضاء سے بھی ہوتا ہے۔ پیٹھ سے اٹھ کر سر اور ناک تک آنے والا درد اور سر ہڈی کی ٹوٹی ہو یا دماغ پر چوٹ، یا شدید صدمہ پہنچنے کی وجہ درد ہو، جوڑوں یا گٹھیا کے درد اور پٹھوں کے درد یہ کل امراض میں مفید ہے۔

**نیٹرم کلوریٹ:** ریڑھ اور کولہے کی ہڈی کا درد خاص طور پر جب قبض ہو اور مریض کو سردی لگنے کی شکایت کے بعد صبح میں زیادہ چھینکیں آتی ہو اور اعصابی حس بڑھتی ہو۔

**فائیٹو لیکا:** ریڑھ کی ہڈی سے پھیلتا درد، لنگڑی کے درد (عرق النساء) کا شبہ ہو کیونکہ درد ٹانگوں کی طرف پھیلتا ہے۔

**اسٹرونشیم کارب:** مختلف قسم کے جوڑوں کا درد، گٹھیا، کولہے کے جوڑوں کا درد۔

**مقدارِ خوراک:** لمبے علاج کیلئے روزانہ 3-4 بار کھانے سے پہلے تھوڑے پانی میں 10-15 بوندیں لیں۔ بار بار شدت کے درد میں اور بڑھ جانے پر تھوڑے وقتوں کیلئے آدھے گھنٹے سے ایک گھنٹے میں ہر 5 سے 10 منٹ پر 10-15 بوندیں لیں۔ اور دوا کے استعمال کے شروعات میں تکلیفیں بڑھ جاتی ہے تو ایک دو دن دوا روک دینی چاہیے اسکے بعد دوا کی شروعات 5-10 بوندیں لینی چاہیے علاج کے بعد پوری طرح درد ختم ہو جانے کے بعد بھی دوا کا استعمال جاری رکھیں جو دوبارہ ہونے کے خطرہ سے محفوظ رہنے کیلئے تقریباً تین ماہ روزانہ ایک سے دو بار دس سے پندرہ بوندیں مسلسل لیتے رہیں۔

**ہدایات:** امدادی دوائیں۔

- R38، پیٹ میں (داہنی) طرف کی تکلیفوں میں۔
- R39، پیٹ کی تکلیفیں (بائیں) طرف اور رسولیوں کیلئے۔
- R37، قبض اور آنتوں کی ہر قسم کے مرض پیٹ پھولنا، اور درد کیلئے۔
- R31، کمزوری اور خون کی کمی کیلئے۔
- R16، آدھے سر کے درد اور اعصابی خرابی کیلئے۔
- R20، بیضہ دانی کے متعلقہ مرض غدود وغیرہ کیلئے۔
- R13، بواسیر کیلئے۔
- R10، ماہواری کے وقت ہونے والی تکلیفوں کیلئے۔
- R28، ماہواری کی خرابیوں کی دوا۔
- R11، گٹھیا اور جوڑوں کے درد میں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R51
## Thyroid intoxication
## گھینگھا کے مرض کے لئے

**اجزاء :** بیلاڈونا D30، آیوڈیم D30، لائیکوپس ویرجن D12، نیٹرم کلوریٹ D30، ہیکلا لاوا D12، لیپس ایلبس D12

**علامات :** گلے میں آگے کی طرف نرخرے کے نیچے ایک غدود ہوتا ہے جو گلے میں داہنی اور بائیں طرف واقع ہوتا ہے صحت کی حالت میں بالکل دکھائی نہیں دیتا لیکن بعض اوقات میں بڑھنے لگتا ہے اور اتنا بڑھ جاتا ہے کہ سارے گلے کو گھیر لیتا ہے اور تھیلی کی طرح لٹکنے لگتا ہے گلے سے چمٹی ہوئی غدہ درقیہ یا تھائرائیڈ کہتے ہیں اور جب یہ بیماری بڑھ جائے تو گھینگھا کہلاتا ہے اور اس بیماری کی وجہ سے بعض زہریلی علامتیں مثلاً آنکھیں ابھر جانا، آنکھوں کے گوکے کا پھیلنا، ہاتھوں میں کپکپاہٹ، پسینے آنا اور جسمانی کمزوری۔

**اثرات عمل :** R51، کے اجزاء خاص کر تھائرائیڈ، گلٹیوں میں بے حد موثر ہے۔

**بیلاڈونا:** یہ دوا خاص طور پر آنکھیں ابھر جانے کی صورت میں اور پسینہ کی زیادتی اور تیز چلنے والی نبض میں ہے۔

**ہیکلا لاوا اور لیپس ایلبس:** تھائرائیڈ غدود کے بڑھے ہوئے جراثیم کو کم اور ختم کرتی ہے۔

**آیوڈیم:** آیوڈین کی زیادتی سے تھائرائیڈ، گلٹیوں میں تیر بہدف ہے۔

**لائیکوپس ویرجن:** نبض اور دل کی رفتار بڑھی ہوئی ہو جو تھائرائیڈ کے زہریلے اثرات سے ہوا کرتی ہے۔

**نیٹرم کلوریٹ:** دل کی بڑھی ہوئی دھڑکن، کمزوری، چڑچڑاپن، بنیادی طور پر

یہ دوا تھائرائیڈ کے غدود کے بڑھے ہوئے اثر کو معمول پر لاتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** شروع کے آٹھ دنوں تک روزانہ چار بار کھانے سے پہلے تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ بعد میں آٹھ دنوں تک روزانہ تین بار پھر دن میں دو بار وہی خوراک لیں۔

**ہدایات:** کچھ مریضوں میں شروع دوا کے استعمال سے مرض بڑھنے لگے تو دو تین دنوں کیلئے دوا روک دینی چاہیے۔ دوبارہ شروع کرنے پر بغیر تکلیف کے مرض میں سدھار ہونے لگتا ہے۔ دو تین دنوں کے درمیان حسب ذیل میں کوئی مناسب دوا استعمال کر رہیں۔

R31، دبلا پن کمزور ہو تو استعمال کریں۔

R4، دست آتے ہوں تو لیں۔

R2، اعصابی اور پٹھوں کی کمزوری میں۔ اور R36، بھی مناسب ہے۔

R33 کا استعمال مناسب رہیگا۔ یہ بات طے کر لینا چاہیے کہ آیوڈائیزڈ نمک کے ساتھ کیا گیا کوئی علاج یا آیوڈین کا کوئی استعمال ساتھ ہی ہارمون (تھائرائیڈ) کا استعمال روک دینا چاہیے۔ کیونکہ ان کی وجہ سے بیماری تیزی سے بڑھ سکتی ہے۔

# ڈاکٹر ریکویگ R52

## Vomiting, Nausea, Travel Sickness

## قے، متلی، سفر میں آنے والے مرض

**اجزاء :** ایتھوزا D6، ایپو مارفین ہائی ڈرو D12، کوکلس D12، کوچی کم D12، اپی کاک D8، نکس وامیکا D30، پیٹرولیم D12، ویراٹرم D30

**علامات :** متلی (Nausea) جی مچلنے کا احساس ہو، خواہ کسی وجہ سے ہو گاڑی میں یا ہوائی جہاز کے سفر کرنے میں یا پھر بس میں سفر کے دوران سر چکرانا، متلی یا قے ابکائی، جو حمل کے دوران بھی ہوا کرتی ہے بھی معدے کی سوزش اور بچوں کے مختلف امراض میں قے اور متلی، دودھ پیتے یا بڑی عمر کے بچوں میں تیزابیت کی زیادتی اور شراب کے عادی لوگوں میں معدے کی خراش اور قے، ٹھنڈے پسینے کے ساتھ متلی، اعصابی خرابی میں پتہ کی خرابی کی حالت گردے کی وجہ سے ہونے والی متلی کو روکنے کیلئے دوسری دواؤں کے ساتھ بھی اس دوا کا استعمال کر سکتے ہیں امدادی دوا کی صورت میں عورتوں میں رحم اور بیضہ دانی کے امراض میں قے، متلی اور آنتوں کی خرابی تیز درد اور مروڑ کے ساتھ متلی اور قے میں۔

**اثرات عمل :**

**ایتھوزا:** خاص طور پر معدہ کی خراش پر اثر کرتی ہے جب متلی اور قے کرنے کو دل چاہے اور چھوٹے بچوں میں دودھ پینے والوں کیلئے بھی مفید ہے۔

**ایپو مارفین ہائی ڈرو:** مختلف قسم کی الٹیاں اور متلی کی خاص دوا ہے اور حمل کے درمیان ہونے والی متلی کو بھی روکتی ہے۔

**کوچی کم:** کھانے پینے کی چیزوں کی بو سے متلی اور قے کی طرف رجحان۔

**اپی کاک:** قے اور متلی جسمیں شراب پی جانے اور تمباکو یا سگریٹ کے زیادہ استعمال سے ہونے والے ان تمام امراض کیلئے مفید ہے۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

پیٹرولیم: خاص کر جب گاڑی چلنے سے ہونے والی بو اور دھوئے سے ہونے والی متلی۔

ویراٹرم: کمزور، چکر آنا اور پسینے آنا۔ اور اعصابی، پٹھوں کی کمزوری۔

**مقدارِ خوراک:** حمل، سمندری سفر کی بے چینی، اپنڈی سائٹس کی جلن، پتے کی جلن، آنتوں کی مروڑ، اعصابی کمزوری، بچوں میں پیٹ کی سردی کی وجہ سے متلی کے ساتھ الٹی ان تمام صورت حال میں جلدی جلدی خوراک لینی چاہیے ہر پانچ سے دس منٹ پر دس سے پندرہ بوندیں دیں۔ اگر سہولت ہونے پر تھوڑے گرم پانی میں دیں یا بغیر پانی ملائے دیں۔ جیسے گاڑی چلاتے وقت ہاتھ میں لے کر الٹی کی تمام پریشانی جیسے ختم ہو گی ہو تے ہونے کا خطرہ بھی رہتا۔ اسلئے اس دوا کے استعمال سے جگر کو بھی تقویت ملتی ہے۔

زیادہ زہریلا کھانا کھانے سے الٹیاں بڑھ سکتی ہے۔

**ہدایات:** امدادی دوائیں۔

R2، اعصابی اور پٹھوں کی کمزوری۔

R4، دستوں میں وبائی مرض کیلئے۔

R7، جگر اور پتے متاثر ہونے پر۔

R16، آدھے سر کا درد سے ہونے والی الٹی۔

R37، آنتوں میں درد اور متلی میں۔

R9، کالی کھانسی میں۔

دوران خون اور دل کے متعلق R67

دل کی حرکت میں بے قاعدگی R66

گردے کے متعلق مرض میں R64

# ڈاکٹر ریکویگ R53

## Acne Vulgaris, Rash at Puberty

## جوانی شروعات کے مہاسے اور دانے

**اجزاء :** امونیم برومیٹم D12، بروم D12، ہیپر سلف D30، جوگلینس D30، کالی یم برومیٹ D12، لیڈم D30، نیٹریم برومیٹ D12، نیٹریم کلوریٹ D200، وائی اولا ٹرائی D12، پلسیٹلا D12

**علامات :** جوانی کی شروعاتی دور (بلوغت) ابتدا میں چہرے پر ہونے والے مختلف قسم کے مہاسے، دانے، ایگزیما، پھنسی کیلیں اور جلد کی سوزش۔

**اثرات عمل :** جسمانی نشونما کے ذمہ دار غدود کے فعل کی بے قاعدگی کی وجہ سے جوانی کی عمر میں مہاسے اور پھنسیاں اور دانے کی شکایت ہوتی ہے۔

**بروم اور بروما ئین ـ نام سے :** جیسے اجزاء کا منتخب مناسب ہے یہ جلدی امراض کے مطابق کام کرتا ہے۔

**جوگلینس :** مہاسے پر خاص اثر ڈالتی ہے جوان لڑکیوں کے چہرے پر۔ پھنسیاں اور کیلیں۔

**لیڈم :** پیپ بڑ جانے پر اس دوا کے خاص اثر ہوتے ہیں۔

**ہیپر سلف :** کیلیں اور پیپ دار مہاسے، کے کیلئے۔

**نیٹریم کلوریٹ :** یہ خاص طور پر جب اثر کرتی ہے دانے سر کی کھوپڑی تک ہو۔

**وائی اولا ٹرائی :** چھوٹے چھوٹے دانے پیپ دار پھنسیاں ہونے کے ساتھ پیپڑیاں بننا، سارے جسم پر چھوٹے چھوٹے دانے نکلنا خاص چہرا اور کانوں پر۔ تیز کھجلی

خون صاف کرنے کی خاص دوا ہے۔

**مقدارِ خوراک:** روزانہ تین بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں۔ پیپ بہنے کی زیادتی اور جلن میں یہی خوراک ہر ایک گھنٹے سے دو گھنٹے پر لیں۔ دوا کے استعمال سے بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے بڑے گوشت، روغن دار چیز اور تلی ہوئی دیر ہضم ہونے والی غذا سے پرہیز کریں۔

**ہدایات:** امدادی ادویہ۔

R1، پیپ بننے کی صورت میں یا پیپ دار دانے میں۔

R19 یا R20، غدود کی خرابیوں کیلئے استعمال کریں۔

R31، خون کی کمی اور بھوک نہ لگتا ہو، تھکاوٹ و کمزوری میں۔

اگر آنتوں میں تکلیف ہو پیٹ اور آنتوں کے درد وغیرہ میں R37، کا استعمال بہتر ہوگا خون صاف کرنے کیلئے اضافیت دوا کی صورت میں R60 کا استعمال دن میں دو بار دس سے پندرہ بوندیں لیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R54

## Functional Disturbances of the Brain

## دماغی کمزوری کے لئے

**اجزاء:** اینا کارڈیم D6، آرسینکم البم D30، بیلاڈونا D12، جیلسیمیم D12، کالی یم فاسفورک D6، لائیکوپوڈیم D30، سیپیا D8، فاسفورس D6۔

**علامات:** دماغی کمزوری اور ذہنی کمزوری، یادداشت (حافظہ) کی کمی اور پڑھنے والے بچوں میں ذہنی قوت کی کمی، ذہنی خرابی اور تھکن کا احساس۔

**اثرات عمل:** اس دوا میں جو اجزاء شامل ہیں وہ دماغی اور ذہنی قوت کی حفاظت کرتے ہوئے دماغ کے ہر گوشہ میں تقویت پہنچاتی ہے اور اجزاء کی خاصیت درج ذیل ہے۔

اینا کاڈیم: یہ دوا خاص کر ذہنی قوت اور حافظہ کے لئے بے حد موثر ہے۔

آرسینک ایلب: دماغ میں خون کی کمی کو دور کرتی ہے اور دماغ کے اعصابی نظام کو درست کر کے طاقت پہنچاتی ہے۔

بیلاڈونا: دماغ میں زیادہ مقدار میں جمع ہوئے خون کی دوران کو درست کرتی ہے۔

جیلسیمیم: سر چکرانے میں مدد کرتی ہے۔

کالی یم فاس: دماغ واعصابی افعال کو درست کرے، ایک ٹانک کا کام کرتی ہے۔

لائیکوپوڈیم: خاص کر بچوں کے لئے بہت مفید ہے۔ جن کے ذہن کی نشونما میں کمی اور

اسکی وجہ سے ذہنی صلاحتیں متاثر ہو اور یہ دوا جگر سے زہریلے مادوں کو بھی دور کردیتی ہے۔

سیپیا: طبیعت کی گراوٹ اور تھکن کو دور کرتی ہے اور پژمردگی کو ختم کرتی ہے۔

**مقدارِ خوراک:** عام حالت میں روزانہ تین سے چار بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ سدھار ہونے کے بعد ہی خوراک روزانہ دو سے تین بار لیں۔

**ہدایات:** امدادی ادویہ

R33 مرگی کی شکایت میں

R36 ہلکے کپکپی اور اعصابی امراض اور رعشے کی خرابی میں R31 خون کی کمی ہو تو۔

# ڈاکٹر ریکویگ R55

## All Kinds of Injuries, Healing Effect on Wounds

## ہر طرح کی چوٹ اور زخم کے لئے

**اجزاء :** آرنیکا D3، بیلاڈونا D4، کیلینڈولا D3، ایکی نیشا انگسٹ D3، ہیما میلس D4، رسٹاکس D6، رُوٹا D6، سمفائی ٹم D6

**علامات :** ہر طرح کی چوٹ، ہڈی ٹوٹ جانا، یا ہڈی اپنی جگہ سے ہٹ گئی ہو، موچ، زخم، دماغ پر چوٹ لگ جانا، کسی چیز سے ٹکرا جانا، یا بندوق کی گولی لگ جانے پر زخم یا زیادہ خون بہنا ان سب تکلیفوں کو علاوہ یہ دوا بخار یا بخار جیسی کیفیت جسم میں کسی جگہ جراثیم کے اثر سے پیپ پڑ جانے میں بھی مفید ہے۔ کھیل کود کے دوران جسم پر دباؤ پڑنا یا چوٹ، زخمی ہو جانا۔ یا محنت والا اور بھاری سامان اٹھانے لے جانے کے کام کرنے والے مزدور کو زیادہ دباؤ کی وجہ جسم میں تھکن کے ساتھ دل پر بھی دباؤ پڑنا، اور جسم پر پرانی چوٹ کے درد یا پرانے زخم ہو۔

**اثرات عمل :** **آرنیکا:** خاص طور پر خون کی رگوں پر اثر کرتی ہے دوران خون کو ٹھیک کرتی ہے اور ورم وغیرہ کے دوران خون میں پڑنے والی رکاوٹ کو دور کرتی ہے۔

**بیلاڈونا:** سوزش و جلن میں۔

**کیلینڈولا:** کھلے ہوئے زخموں میں۔

**ایکی نیشا:** جلن اور پیپ پڑنے سے روکتی ہے۔

**ہیما میلس:** بہتے ہوئے خون اور جمع ہوئے خون افعال کو درست کر کے سکون دیتی ہے تسلی بخش۔

**رسٹاکس:** بہت زیادہ تھکن اور جوڑوں کا ہٹ جانا۔

رُوٹا: زیادہ سخت مشقت کی وجہ سے پڑنے والا دباؤ کو کم کرتی ہے۔

سیمفائی ٹم: خاص کر فیکچر یا ہڈی ٹوٹ جانے پر یہ دوا موثر ہے۔

**مقدارِ خوراک:** گہری چوٹ میں دس سے پندرہ بوندیں تھوڑے پانی کے ساتھ یا بغیر پانی کے ہر 10-10 منٹ پر دیں۔ فیکچر (ہڈی ٹوٹ نے پر) پہلے دن ہر پندرہ منٹ کے بعد، دوسرے دن ہر 30 منٹ بعد، تیسرے دن ایک ایک گھنٹے بعد 15 بوندیں لیں۔ اس کے بعد دس پندرہ بوندیں روزانہ 3-6 بار کھانے سے قبل لیں۔ انفلوئنزا اور دل کی بیماریوں میں نیچے دیے گئے دواؤں کا استعمال 15-30 منٹ کے وقفہ میں ایک کے بعد دیگر کا استعمال کر سکتے ہیں۔

**ہدایات:** امدادی صورت میں۔

R3، دل کے پٹھے کمزور ہو تو استعمال کریں۔

R6، جوڑوں کے درد، نزلہ زکام بخار میں۔

R11، چوٹ، موچ درد میں۔

R46، آدھے سر کے درد میں اور اعصابی کمزوری میں۔

R16، آدھے سر کے درد میں اور اعصابی کمزوری میں۔

بے ہوشی یا غشی کا امکان ہو تو R67، بھی دیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R56

## Vermifuge

## پیٹ کے کیڑوں کو نکالنے کی دوا

**اجزاء :** آرٹیمسیا ولگ D1، سی نا D4، فلکس D3، گرے فائٹس D30، مرکر. سب. کور. D6، ٹینیسٹم ولگ D1

**علامات :** ہر طرح کے کیڑوں کو نکالتی ہے جیسے چھوٹی آنتوں میں ہونے والے اور بڑی آنتوں کے بڑے کیڑے دونوں کو نکالتی ہے، کدو دانے، کیچوے کو بھی ہلاک کر کے نکال دیتی ہے اور اندر کے اعضاء کو بھی سڑنے گلنے سے محفوظ رکھتی ہے بغیر کسی نقصان کے۔

**اثرات عمل :** R56، یہ دوا براہ راست کیڑوں پر تیزی سے اثر کر کے بہت جلد مار کر نکال دیتی ہے اور ساتھ ہی جسمانی نظام کو بھی درست کرتی ہے اور صرف موجود کیڑوں پر ہی اثر نہیں بلکہ آئندہ ہونے والے کیڑے سے بھی محفوظ کر دیتی ہے۔ فارمولے میں شامل دویہ کے اثرات حسب ذیل ہے۔

**آرٹیمسیا ولگ:** جن کے پیٹ میں کیڑے ہوں ان بچوں کے پیٹ میں مروڑ ہونے پر۔

**سی نا:** بچے کا رنگ پیلا مرجھایا ہوا آنکھوں کے چاروں طرف سیاہ حلقے بنے ہوں، سوتے وقت دانتوں کا کٹکٹانا، جلدی چونک جانا، جسم میں حرکت کرنا، ناک میں کھجلی کرنا، لمبے کیڑوں کو خاص طور پر ختم کرتی ہے۔

**فلکس:** بڑے کیڑے، کیچوے کو مار ڈالتی ہے۔

**گرے فائٹس:** بھوک کی زیادتی، اپھارہ، پیٹ پھولنا اور قبض۔

**مرکر. سب. کور:** اینٹھن کے ساتھ آنت میں درد اور جھلیوں میں جلن اور رات میں

چپچپا پسینہ۔

**ٹینیسٹم ولگ:** رات میں سوتے وقت ڈر کر اٹھ جانا، خوف زدہ ہونا۔

**مقدارِ خوراک:** روزانہ 2-3 بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں 10-15 پندرہ بوندیں دیں۔ مکمل علاج کیلئے چار سے چھے ہفتہ R56 کا استعمال جاری رکھنا چاہیے۔

**ہدایات:** آنتوں کے درد کیلئے R37، بھی لیں۔
جگر کے متعلق شکایت میں R7، لیں۔
ہاضمہ کی خرابی ہو تو R5، دیکھیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R57

## Pulmonary Tonic

### پھیپھڑوں کو طاقت دینے والی دوا

**اجزاء :** آرسینکم آیوڈیٹم D6، کیلشیم کاربونیکم ہنی منی D30، لائیکو پوڈیم D30، سائیلیشیا D30، ٹیوکریم D6، فاسفورس D30

**علامات :** اعضاء جسم اور خاص طور پر پھیپھڑوں کی کمزوری جس کے ساتھ عام طور پر پیٹھ میں کمزوری اور ناطاقتی کا احساس ہوتا ہے سوتے ہوئے میں پسینہ کی زیادتی، جلد سردی لگنے کا خطرہ دوران خون کی خرابی جس کی علامات پیر ٹھنڈے رہتے ہیں، بھوک کم، چہرہ کا رنگ پیلا اور بے رونق، عام طور پر خون ضائع ہونے کے بعد۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے میں دو طرح کی دوائیں شامل کی گئی ہے۔ان میں سے کچھ براہ راست پھیپھڑوں کی ہوائی نالیوں پر اور اسکی جھلیوں پر اپنا اثر ڈالتی ہے۔اور کچھ دوائیں جسمانی نظام کی اصلاح کرتی ہے اور جسم کی طاقت بڑھاتی ہے اور آنے والی بیماریوں کو روکتی ہے اور موجودہ بیماریوں کو جڑ سے ختم کر دیتی ہے۔ اس طرح بلغمی مزاج والے مریضوں اور کمزور جسم والے دونوں کو فائدہ کرتی ہے۔اس دوا کے استعمال سے جسم میں اتنی طاقت پیدا ہو جاتی ہے کہ تپ دق (ٹی بی) کے خطرے سے بھی محفوظ ہو جاتے ہیں اور یہ دوا بنیادی طور پر جسم کی قوت کو بڑھاتی رہتی ہے جو بیماری کے حملہ سے مقابلہ کرتی ہے۔

**آرسینکم آیوڈیٹم:** طاقت بڑھاتی ہے اور بھوک کی کمی کو دور کر کے بھوک بڑھاتی ہے۔

**کیلشیم کارب ہینم:** دوبارہ کیلشیم بنانے کا کام کرتی ہے اور نقصان کردہ مادوں کو باہر نکالتی ہے۔

**لائیکو پوڈیم:** جگر کی خرابی اور بڑھتی ہوئی تکلیفوں کو دور کرتی ہے اور بھوک بڑھاتی ہے۔

سائلیشیا: پھیپھڑوں میں ٹی بی سے ہونے والے زخموں کو بھرتی ہے اور دوبارہ کیلشیم بنا کر جسم کو تقویت دینے میں مدد کرتی ہے۔

ٹیوکریم: پھیپھڑوں کے نمونیا اور پھیپھڑوں کے متعلقہ مرض۔

**مقدارِ خوراک:** عام حالات میں روزانہ دو سے تین بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی کے ساتھ میں دس سے پندرہ بوندیں۔ چاہے تو اور بھی دوا امدادی صورت میں لے سکتے ہیں۔

**ہدایات:** امدادی ادویہ حسب ذیل استعمال کرائی جا سکتی ہے۔

R31، بھوک، اور خون کی کمی ہو تو۔

R32، رات میں پسینے کی زیادتی کیلئے۔

R26، بیماریوں کے بعد کمزوریوں کیلئے۔

R43، دمہ کی شکایت میں۔

R8، اور R9، کھانسی اور سردی میں۔

شکر چینی کی بیماری میں اور کمزوری ہو تو R40، کا بھی استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R58

## Against Hydrops
## Stimulates the renal Function

گردے کے افعال کو تیز کرنے والی دوا دل اور گردے کی پرانی بیماریوں کے لئے

اجزاء : ایڈونس ویرنالس D2، کون ویلیر یا میج D2، کریٹگس D1، ڈیجی ٹیلس D3، ہیلی بورس D4، سیلا D2

علامات : دل کے پٹھوں کی کمزوری اور ٹانگوں کی پانی والی سوجن سے ہونے والی بیماری، دل کی کمزوری کی وجہ سے پیٹ میں لگاتار پانی بھر جانے کی شکایت اور گردے کی بیماریوں پر خاص اثر ڈالتی ہے۔ گردے کے جلندھر (استسقاء) میں بھی مفید ہے۔

اثرات عمل : اس فارمو کے استعمال سے پانی کی زیادہ مقدار جو جسم کے مختلف حصوں میں اور دل کی کمزوری اور جلندھر (استسقاء) جسم سے پانی باہر نکلتا ہے اور دل بیماریوں کے ساتھ جسم سے جراثیمی اثرات کو بھی دور کردیتی ہے اور دل کے پٹھوں کی کمزوری کو بھی دور کرتی ہے۔

ایڈونس ویرنالس: ڈیجی ٹیلس کے مطابق بغیر کسی نقصان کے دل حرکت کی بے قاعدگی کو دور کرتی ہے اور بڑھی ہوئی دل کی دھڑکن کو معمول پر لاتی ہے۔ اور اس کی وجہ پیشاب بھی کھل کر آتا ہے۔

کون ویلیر یا میج: دل طاقت دینے والی دوا۔

کریٹگس: دل کے خون کے دوران کو معمول پر لاکر دل کے افعال کو صحیح کرکے طاقت پہنچاتی۔

ڈیجی ٹیلس: دل کے پٹھوں کی طاقت بڑھاتی ہے۔

ہیلی بورس: پیشاب کی زیادتی کو دور کرتی ہے اور پیشاب والے اعضاء کو طاقت دیتی ہے

سیلا: پیشاب کی بے قاعدگی کو دور کرتی ہے اور جلندھر استسقاء میں مفید ہے اور پھیپھڑوں کی جھلیوں کی سوزش اور دل کی دھڑکن و حرکات کی بے قاعدگی دور کر کے دل کے پٹھوں کی طاقت کو بڑھاتا ہے، دورانِ خون کو معمول پر لاتی ہے اور خون کی رگوں کو کشادہ کرتی ہے کیونکہ اس فارمولے میں سیلا بھی شامل ہے جو جسم کی سوجن پانی والی یا بغیر پانی کی، گردے کی سوزش، گردے رکاوٹ ان تمام امراضوں کیلئے از بے حد مفید ہے۔

**مقدارِ خوراک:** روزانہ تین بار کھانے سے قبل یا بعد پندرہ سے بیس بوندیں۔ شدید حالت میں روزانہ چھے بار تھوڑے پانی کے ساتھ بیس سے تیس بوندیں لیں۔ سدھار ہونے پر خوراک کم کر کے روزانہ دو سے تین بار دس سے پندرہ بوندیں لیں۔

**ہدایات:** موافق دوائیں۔

R2، ہر طرح کی نوعیت میں لے سکتے ہیں۔

R3، دل کی بیماریوں کیلئے ہر قسم کی تکلیفوں کیلئے۔

R12، خون کی رگوں میں سختی اور ہائی بلڈ پریشر میں۔

R19، اور R20، غدود اور گلٹیوں ورم میں مفید ہے۔

R59، موٹاپا کی وجہ دل کے پٹھوں پر پڑنے والے دباؤ میں۔

R37، پیٹ میں اپھارہ، آنتوں کی ہر قسم کی بیماریوں میں۔

R40، شکر (ذیابیطس) کی بیماریوں میں اور گردے میں پانی بھر جانے کی صورت میں

R64، دیکھیں

# ڈاکٹر ریکویگ R59

## Against Obesity, Slimming Effect

### موٹاپا روکنے، موٹاپا کم کرنے کی دوا

**اجزاء :** کیلشیم کارب ہینم D12، فیوکس ویس کیولاس D2، گرے فائٹس D12 نیٹرم سلفوریک D2، کروٹن ٹیگلیم D4، اسپونجیا D3

**علامات :** موٹاپا ضرورت سے زیادہ بڑھ جانا، جسم میں چربی کی زیادتی اور غدود کے نظام میں خرابی کی وجہ سے وزن بڑھ جانے کی وجہ سے

(Obesity due to hormonal imbalance) اور غدود بڑھنے کی وجہ سے ہونے والی بیماری (گھیگھا) میں بھی دوا مفید ہے۔

**اثرات عمل :** مؤثر اجزاء جیسے فوکس ویسی کیولاس اور اسپونجیا کے آیوڈین کے مختلف نمکیات کو خاص قدرتی ترکیب کے ذریعہ پیدا کیا گیا ہے یہ غدود (تھائرائڈ) کیلئے بے حد مفید ہے اور ہونے والے گھیگھا کو بھی زائل کرتی ہے۔

گرے فائٹس اور کیلشیم کارب جیسے ہومیو پیتھک کے مطابق تیار کردہ پاؤڈر کی صورت میں شامل کی گئی ہے ساتھ ہی نیٹرم سلف جسمانی نظام کو درست کرتا ہے اور کروٹن ٹیگلیم آنتوں کی خرابی کے لیئے مفید ہے اور اس فارمولے میں ایسے اجزاء شامل کیئے گئے ہیں جو قدرتی طور پر اثر کر کے غدود، گھیگھا (تھائرائڈ)، جگر کی خرابی، آنتوں کیلئے، جسم کے نقصان دہ مادے کو نکالنے میں، آنتوں کے افعال کو درست کرتی ہے۔

**مقدارِ خوراک :** روزانہ دو سے تین بار شدید حالت میں چار سے پانچ تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں۔ شروع کے پانچ چھ دنوں تک جلدی جلدی اور زیادہ خوراک لینی چاہیئے جب فائدہ ہونے لگے تو دو سے تین بار آٹھ سے دس بوندیں لیں۔ بچوں میں عمر کے مطابق

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

خوراک کم کر کے لیں 5-8-10 بوندیں۔

**ہدایات:** امدادی دوا۔

R10، زنانہ امراض، ماہواری کی خرابی میں یا R19، یا پھر R20 لیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R60
## Blood Purifier
## خون صافی (خون صاف کرنے کی دوا)

اجزاء : ارینیاڈی D12، کونیم D30، فیومیریا آف D6، ہیپر سلف D12، گیلیم D12، جگلینس D6، مایوسوٹس D6، سرساپیریلا D6، اسکروفولیریا D6

علامات : خون کی دوا مصفا خون کی خرابی کی وجہ سے ہونے والے امراض پھوڑے، پھنسیاں، غدود سوجے ہوئے، دانتوں میں پیپ، زخم، زیادہ پسینہ، کمزوری، کنٹھ مالا، (ورم) ان تمام بیماریوں میں مفید ہے۔

اثرات عمل : یہ دوا جسمانی نظام کی اصلاح کرتی ہے اور ساتھ جسم سے تمام زہریلے مادے کو باہر نکال کر خون کو پاک وصاف کرتی ہے اور اس قابل بناتی ہے کہ آگے ہونے والی بیماریوں سے مقابلے کر سکے اور لمبی لمبی بیماریوں میں بھی بے حد مؤثر دوا ہے دوا کے اجزاء کی تفصیلات حسب ذیل ہے۔

**کونیم:** غدود کا بڑھنا اور سخت ہو جانا، ہاتھوں اور پیروں میں فالج کی طرح کمزوری رعشہ کپکپاہٹ اور پسینہ کی زیادتی۔

**گیلیم اپارین:** مزاج کی عام خرابی، بیماریوں کی طرف رجحان، پھوڑے پھنسیاں اور زخموں کا بار بار ہونا، پیشاب کی زیادتی۔

**ہیپر سلف:** پیپ پڑ جانے کی وجہ سے جسم کی رگوں کی خرابیوں کو دور کرتی ہے اور پھوڑے پھنسیاں کے زہریلے اثرات کو ختم کرتی ہے۔

**جگلینس ریگیا:** خون کو صاف کرنے والی مخصوص دوا ہے۔

**سرساپیریلا:** اگزیما اور بچوں کی نشوونما عمر کے لحاظ سے کرتی ہے۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

اسکروفولیریا: جسم کے بڑھے ہوئے غدود و خنازیری کیفیت موسم کی تمی کی وجہ تمام علامات اضافہ ہوتا۔

**مقدارِ خوراک:** روزانہ 2 یا 3 بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں 5 سے 15 بوندیں لیں۔ عمر کے مطابق بوندیں۔ پرانی بیماری میں روزانہ ایک سے دوبار۔

**ہدایات:** بیماریوں میں زوراثر کے لئے R26، جسم میں مرض سے مقابلہ کی قوت بڑھانے کیلئے۔

اگزیما میں R23، اور R21۔

رسولیوں کیلئے R17، کا استعمال کریں۔

R31، بھوک بڑھانے اور خون پیدا ہونے کیلئے۔

پسینہ کی زیادتی کیلئے R32۔

پھیپھڑوں کی تپ دق میں R48، یا R57۔

مہاسو کیلئے R53 کا استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R62

## Inflammation of mucous membranes
## (Measles Drops)

## بلغمی جھلیوں کی سوجن (خسرہ کی دوا)

**اجزاء :** آرم ٹرائی فائیلم D3، بیلا ڈونا D4، فیرم فاسفوریک D8، مرک سول ہینیم D8، پلسا ٹیلا D4

**علامات :** بلغمی جھلیوں کی سوجن و سوزش اور خسرہ کی مخصوص دوا کے ساتھ آنکھوں کی سوجن و سوزش کی علامات میں بھی موثر ہے۔

**اثرات عمل :** اس مرکب دوا کی خصوصیت ہے کہ بلغمی جھلیوں کی تپش میں اور سوجن میں اور جھلیوں کی خراش اور ان کے ورم کو کم کرتی ہے۔

**آرم ٹرائی فائیلم:** جھلیوں کے ورم جن کے ساتھ خارش اور درد بھی ہو اور آنکھوں میں کھجلی اور جلد پر داغ اور چھلے ہوئے دانے اور سوئی چبھنے جیسا درد، آنکھوں میں جلن اور خسرہ۔

**بیلا ڈونا:** تیز جلن، ورم، سوزش، بخار جیسی کیفیت یا بخار، سر بھاری کے ساتھ دوران خون میں کمی، سردی کا اثر، جھلیاں خشک، بیماری کا خاص اثر پھیپھڑوں و ناک پر، اور پھیپھڑوں کی نالیوں میں اور حلق میں۔

**فیرم فاس اور مرک سول :** سردی، نزلہ زکام، اور جھلیوں کی سوزش، روشنی میں تکلیف، زیادہ چپکتا ہوا پسینہ۔

**مقدارِ خوراک :** شدید حالت میں لگاتار خوراک دہرانا ہوتا ہے شروع میں روزانہ آدھے گھنٹے سے ایک گھنٹے کے وقفہ میں 8 سے 10 بوندیں پانی میں دیں۔ چھوٹے بچوں کو پانی میں 3 سے 5 بوندیں دیں سدھار ہونے پر ایک سے دو گھنٹے کا وقفہ کردیں۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**ہدایات:** بیماری کم ہونے کے بعد صحت مندی کیلئے R31۔ اگر انفلوئنزا ہو تو R6، کے ساتھ میں ادل بدل کرلیں۔ ناسلوں کی سوزش ہو تو، کان کے معمولی جلن میں R1، کے ساتھ باری باری لیں۔ ناک کی بیماری نزلہ زکام، کی سوزش R49۔ جب دانتوں میں کمی ہو یا شروعاتی دور ہو جب R23، بچے میں دو یا تین بار آٹھ سے دس بوندیں لیں۔

**سانس کی نالیوں کی سوزش:** امدادی ادویہ۔ جونوسن R9 اور R8 بھی لے سکتے ہیں پھیپھڑوں کی خرابی ہو تو R62، روزانہ تین سے چار بار R48، دیا جا سکتا ہے۔ پھیپھڑوں کی تپ دق میں R57، روزانہ تین سے چار بار 8 سے 10 بوندیں دینی چاہیے۔

# ڈاکٹر ریکویگ R63
## Drops for impaired Circulation
### دوران خون کو درست کرنے کی دوا

**اجزاء :** ایڈرنیلین D6 ، اسکولس D2، کیوپرم اسیٹک D6، پوٹین ٹلا انسیرینا D2، اسکیل کارنیٹ D4، ٹیبکم D4، ویراٹرم D6

**علامات :** جسم کی رگوں میں دوران خون کی خرابی کی وجہ سے جسم کا کوئی حصہ سُن ہونا، لنگڑاپن، ٹانگوں میں رک رک کر ہونے والے درد، تناؤ، کمزوری، انگلیوں کا سُن ہونا، خون کی رگوں میں درد جو اینٹھن کے ساتھ ہوتی ہے، پنڈلیوں کا درد، خون کی رگوں میں ورم کی وجہ سے رکاوٹ، رگوں کا رنگ نیلا پڑ جانا اور اسطرح کی تمام بیماریوں کے لئے۔

**اثرات عمل :**

**ایڈرنیلین :** اینٹھن کم کرنے والی دوا اور رگوں کی تنگی کو دور کر کے دوران خون کو درست کرتی ہے۔

**اسکولس :** دوران خون کو معمول پر لاتی ہے اور ٹانگوں میں یا جسم کے کسی حصہ کی رگوں میں خون کی رکاوٹ کو دور کرتی ہے۔

**کیوپرم اسیٹک :** جسم کے پٹھوں کی کمزوری، تناؤ، اکڑن، پنڈلیوں کی اینٹھن کو دور کرتی ہے۔

**پوٹین ٹلا:** یہ دوا خاص کر اینٹھن ، اکڑن اور پنڈلیوں میں اینٹھن۔

**اسکیل کارنیٹ:** شکر (چینی) کی بیماریوں کی وجہ سے ہاتھ پیر کا سوجن، چینٹیاں چلنے کا احساس اور ہاتھ پیر کا ٹھنڈا ہونا یا سُن ہو جانا۔

**ٹیبکم :** کمزور اور چینٹیاں رینگنے کا احساس، اکڑن، چبھن۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

وغیرہ۔ ہمارے جسم میں حسیت کا احساس، پنڈلیوں میں اکڑن اور سن ہونا، بے حسی

**مقدارِ خوراک:** روزانہ تین بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ شدید حالت شروع میں ایک سے دو گھنٹے پر دس بوندیں لیں۔

**ہدایات:** چینی (ذیابیطس) کی وجہ سے خون کی بیماریوں کے لئے R40 بھی لیں۔ خون کی کمی رگوں اور پٹھوں وتناؤ کی صورت میں R12 بھی لیں۔ جب رگوں (وریدوں) میں خون جمنے یا رگوں کے پھولنے کی صورت میں R42 لیں۔ دل کے درد میں R2 دیکھیں۔ عرق النساء (لنگڑی) کے درد میں R71 لیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R64

## Albuminuria Drops

### پیشاب میں البومین (دھات) سفید مادہ خارج ہونے پر

**اجزاء :** ہیلونیس ڈائیکا D3، کالی یم آرسینک D4، فاسفورس D6، پلمبم میٹالک D12، سولی ڈیگو وریج D2

**علامات :** پیشاب میں البومین (دھات) یعنی سفید مادہ انڈے کی سفیدی جیسی رطوبت خارج ہونا، پیشاب کے ساتھ پروٹین بھی خارج ہونا اور گردے کی کمزوری، ورم یا گردے کے اندر کی باریک رگوں کا سخت اور تنگ ہو جانے کی صورت میں مفید ہے۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے میں شامل ادویہ ان تمام خرابیوں کو دور کرنے میں انتہائی فائدہ مند ہے اور خاص کر پیشاب کرنے کے بعد سفید مادہ آتا ہو اور سوزش بھی ہلکی محسوس ہوتی ہو جو گردے کے افعال کی خرابی سے اکثر ہوتی ہے یا عام وجوہات کی وجہ سے ہو۔

**ہیلونیس ڈوکا:** کمزوری کے ساتھ پیٹھ درد، گردے کے طرف دباؤ اور پھیلنے والے درد۔

**کالی یم آرسینک:** گردے کے پرانے سوزش، جلندر (Oedema) اور دل کے متعلقہ امراض۔

**فاسفورس:** کمزوری اور گردے میں زیادہ خرابی، پیشاب کی جانچ میں پروٹین اور خون ملا ہوا آئے اور پیشاب کی نالیوں کے چھلکے بھی موجود ہوں ان سبھوں کے لئے مفید ہے۔

**پلمبم میٹ :** پیشاب کی مقدار کم اور پیشاب البومین اور گردے میں سوجن (Hypotrophy)

**مقدارِ خوراک:** کھانا کھانے سے قبل روزانہ تین بار دس سے پندرہ بوندیں شروعاتی دور میں علاج کے عمل کو بار بار دہرائیں۔

**ہدایات:** گردے کے پرانے سوزش میں R1 موافق ہے اور ساتھ ہی R6 بھی۔ بار بار گردے کی تکلیف ہو تو زیادہ بہتر ہے کہ R1 کے ساتھ R64 کا بھی استعمال کریں۔ مثانہ میں اور گردے میں پیپ بن جانے کی وجہ سے ہونے والے درد میں R18 کے ساتھ R1 بھی امدادی طور پر لیں۔ گردے کی پتھری میں R27 دیکھیں، پیشاب میں سوزش کے ساتھ (پراسٹیٹ) مثانہ میں سوزش، رسولی پائی جانے والی میں R25 لیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R65

## Psoriasis

### سوریاسس، چنبل کی دوا (جلد پر سرخ چکتوں کے لئے)

**اجزاء :** بربیرس ایکیفولیم Ø، کیلشیم کاربونیکم ہینیمنی D30، گریفائیٹس D12، ہائیڈرو کوٹائل ایسٹیکا D2، نیٹریم کلوریٹم D30، آرسینکم البم D12

**علامات :** سوریاسس اور چنبل ایک ہی مرض ہوتا ہے اس کی علامت یہ ہے کہ جلد سخت اور خشک ہو جاتی ہے اور پپڑیا اترتی ہے، جلد بدنما ہو جاتی ہے۔ اور اگزیما جیسی کیفیت، اور جسم کے کسی بھی حصہ میں ہو سکتا ہے۔

**اثرات عمل :** سوریاسس اگزیما جیسا ہوتا ہے اسمیں لال رنگ کے چکتے پڑ کر مچھلی کے چھلکوں کی طرح پپڑیاں جسم کے چمڑے پر سے اترتی ہے۔

**بربیرا ایکیفولیم:** اس مرض کی خاص دوا ہے سوریاسس کے تمام علامت کیلئے مفید ہے۔

**کیلشیم کارب ہینم:** کنٹھ مالا، غدود بڑھے ہوئے ہوں، مریض کا رنگ پیلا، جسم کا پھولا ہوا ہونا اور جسمانی کمزوری وخرابیوں کیلئے۔

**گریفائٹس:** موٹا تگڑا خوبصورت رنگ صاف لیکن اس بیماری کا مریض جلد سخت اور کھردری خشک رہتی ہے اور دانوں میں سے لیسدار رطوبت نکلتی رہتی ہے۔

**ہائیڈروکوٹائل ایسٹیکا:** مریضوں کی پپڑیاں اترنے کے ساتھ جلد کی باہری تہہ زیادہ موٹی ہونا اور اس پر چھلکے جمے ہوئے گول گول داغ۔

**نیٹریم کلوریٹم:** جسم موٹا جلد ڈھیلی ڈھیلی، تھائرائڈ کا شکایت۔ پانی دار اگزیما۔ اور جسم میں چربی کی زیادتی اور پپڑیاں جھڑتے رہنا۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**مقدارِ خوراک:** روزانہ دو سے تین بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں۔ مرض کے نوعیت کے مطابق خوراک میں تبدیلیاں کی جا سکتی ہے۔

**ہدایات:** اگر R21، ساتھ میں دیا جائے تو R65، کی قوت بڑھ جاتی ہے۔ اور ان باتوں کا خاص خیال رکھیں کہ یہ مرض بہت زیادہ تکلیف دہ ہے اس لئے علاج میں بے احتیاطی کرنا عقلمندی نہیں ہے R21، جیسی بیماریوں کے علاج میں تھوڑا وقت لگتا ہے۔ اگر ایسے مرض پیش آتے ہیں تو R23، کی دس سے پندرہ بوندیں R65، کے ساتھ ملا کر تھوڑے پانی میں ملا کر دے سکتے ہیں۔ مرض کو کم کرنے اور دوا کے اثرات میں اضافہ کیلئے R19 یا R20، کا بھی استعمال کر سکتے ہیں روزانہ ایک ہفتہ تک دن میں ایک بار 10-15 بوندیں استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R66
## Cardiac Arrhythmia Drops
### دل کی حرکت کی بے قاعدگی کی لئے

**اجزاء :** ایگی وس D2، آئی بیرِس امارا D3، لیونورس کارڈیکا D2، اولینڈر D3، اسپارٹیم اسکوپریم D2، سمبولس موسکیٹس D2

**علامات :** دل کے متعلقہ بیماریاں دل کی حرکت میں بے قاعدگی، قلب کے پٹھوں میں اعصابی خرابی (Mycarditis) اور (Endocarditis) اس کے بعد دل کی دھڑکن ضرورت سے زیادہ دل کی کمزوری، اور اس بیماری کا علاج جلد نہ کرایا جائے تو دل کے اندر سوزش، اندر کی جھلی کا ورم بھی ہو سکتا ہے اور دل کی مختلف بیماریوں میں مبتلا ہونے کا امکان ہوتا ہے۔

**اثرات عمل :** یہ فارمولا اس طرح تیار کیا گیا ہے کہ اس میں شامل دوائیں دل کے حرکت کی بے قاعدگی اور اس اسباب کو دور کرنے میں ایک دوسرے کی مدد کرتی ہے۔

**آئی بیرِس امارا:** معمولی سا کام کرنے پر بھی دل دھڑکنے لگنا محنت کا کام کرنے پر دل کے درد کا دورہ پڑنا اور دل کی حرکت اور نبض کی بے قاعدگی۔

**لیونورس کارڈیکا:** اعصابی نظام کو سکون پہنچاتی ہے اور دل کے پٹھوں کی کمزوری کو دور کرتی ہے اور قوت دیتی۔

**اولینڈر:** دل کی دھڑکن (اختلاج) دل کے مقام پر تیز چبھتا ہو درد نبض کی رفتار زیادہ یا پھر بالکل کم ہو جانا یعنی بے قاعدگی۔ اور آکسیجن کی کمی کو دور کرتی ہے۔

**سمبولس موسکیٹس:** تھوڑا سا کام کرنے پر شدید دھڑکن اور نبض کی بے قاعدگی۔

**اسپارٹیم اسکوپریم:** دل کی حرکت بڑھی ہوئی اور بے قاعدگی، کبھی کبھی نبض

درمیان سے غائب ہو جائے۔

**مقدارِ خوراک:** شدید حالت میں لگاتار ہر پندرہ منٹ سے ایک گھنٹے پر تھوڑے پانی میں دس بوندیں لیں
صحت یابی کیلئے لمبے عرصہ تک روزانہ تین بار کھانے سے قبل دس سے پندرہ بوندیں۔

**ہدایات:** دل کے پٹھوں اور دل کے اندر کی سوزش اور دل کی بیماریوں میں R22، کا استعمال
کریں اور دل کی تکلیفوں میں اور دل کے متعلقہ امراض میں R3، دیکھیں۔ دل کے
درد میں R2، بھی موافق ہے۔ دل کی بیماریوں کی وجہ سے چکر یا غشی آنے پر
R67 اور R55، اور دل کے ساتھ گردے کی خرابی بھی ہو تو R58 بھی دے سکتے
ہیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R67

## Drop for Circulatory Debility

### دورانِ خون کی خرابی و کمزوری کے لئے

**اجزاء :** اموینیم کاربونک D2، ایسڈ ہائیڈروسیانک D6، کاربوویج ٹیبلس D30، کروٹیلس کیسکاویلا D12، ٹیباکم D6، ویراٹرم D4، کیمفر D2

**علامات :** دورانِ خون کی شدید خرابیاں اور بے قاعدگی، دماغ میں خون کم پہنچنے سے بے ہوشی طاری ہونا، دل کی کمزوری سے غشی کا دورہ، شدید قسم کی جراثیمی امراض یا زخم اور چوٹ کے نتیجہ میں دورانِ خون کے نظام میں خلل کی پرانی شکایت ہو جس کی وجہ سے غشی کا خطرہ ہو چکر آنا اور جسم کا توازن کھو دینا۔ اور چکرا کر گرنے کا خوف۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے میں شامل تمام دوائیں خون کے بگاڑ اور بے قاعدگی کو دور کرتی ہے اور دل کو طاقت دیتی ہے۔

**اموینیم کارب:** کمزوری، تیز دھڑکن، ساتھ میں پسینہ کی زیادتی اور موت کا خوف ستاتا ہے۔

**ایسڈ ہائیڈروسیانک:** دل کا فعل ٹھیک نہ رہنے سے غشی، برف کی طرح ٹھنڈا پسینہ ایسا محسوس ہو کہ گویا سانس رک جائیگا بے ہوش اور اچانک پڑنے والا غشی کا دورہ۔

**کاربوویج:** سینے میں اس قدر سوزش کے جیسے اندر آگ لگ رہی ہو سخت کمزوری کا احساس اور ٹھنڈا پسینہ کے ساتھ ایسا محسوس ہوتا کے سانس رک جائیگی اور چہرہ کا رنگ پیلا اور جسم نیلا ہونا اور اچانک پڑنے والا غشی کا دورہ۔

**کروٹیلس کیسکاویلا:** دل کا فعل ناقص ہونے کی وجہ سے غشی، اور جراثیمی امراض کے زہریلے اثرات کی وجہ سے دورانِ خون میں شدید بے قاعدگی۔

**ٹیبا کم:** نبض ڈوبی ہوئی، چہرہ پیلا ہونا، ٹھنڈا پسینہ کے ساتھ متلی۔

**ویراٹرم:** دوران خون کی خرابی سے مریض بے ہوش، سرد ٹھنڈا پسینہ، نبض کا بالکل محسوس نہ ہونا ہاتھ سرد اور نیلے، اٹھتے وقت سخت کمزوری۔

**مقدارِ خوراک:** مریض کی شدید حالات میں ہر پندرہ منٹ سے آدھے گھنٹے پر دہرائیں۔ اگر ضرورت ہو تو ہر پانچ منٹ پر پانی کے ساتھ یا بغیر پانی کے دس سے پندرہ بوندیں دیں۔ اور جب سدھار ہونے لگے تو دوا کی خوراک کم دہرائیں۔ پرانے علاج سے متعلق حسب ضرورت روزانہ تین بار کھانے سے قبل دس سے پندرہ بوندیں دیں۔

**ہدایات:** دل کے پٹھوں کی شدید خرابی ہو تو ایسی صورت میں یہ تین دوا کا استعمال کریں R67 اور R55، R2، شروع میں مریض کی نوعیت کے مطابق ہر 5-15 منٹ پر تینوں دواؤں کو باری باری سے دیں۔ اور آہستہ آہستہ دواؤں کے وقفہ کا وقت بڑھا کر آدھے سے ایک گھنٹے سے دو گھنٹے تک کردیں مریض میں سدھار ہونے پر اور پرانے امراض ہونے پر R3 اور R2، باری باری سے دیں۔ دل کی بیماری کی وجہ سے نقصان کے خطرے سے محفوظ کیلئے۔ ماہواری بند ہونے کی وجہ غشی کے دورہ پڑے تو R10، کا استعمال کریں۔ اگر خون کے دباؤ (بلڈ پریشر) ہو تو R67، کے ساتھ R44، بھی استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R68

## Shingles Drop

ہرپیز ڈراپس (داد، خسرہ پھپھولے جیسا مرض)

**اجزاء :** کروٹون ٹگ D6، میزریوم D3، نیٹرم کلوریٹم D6، رہسٹاکس D4

**علامات :** اس بیماری کی علامات ہے داد اور پھپھولے جیسے ہوتے ہیں جس طرح خسرہ یا چیچک کے آبلے پرتے جو پرانے داد کی طرح قوبا جیسے مرض اصل اس مرض کا نام ہرپیز (Herpes Zoster) زاسٹر کہلاتا ہے اس مرض کے دانے زرد رنگ کے بظاہر ہو تے ہیں۔

**اثراتِ عمل :** اس فارمولے کی سبھی دوائیں ہرپیز زاسٹر (Herpes Zoster) میں ہومیوپیتھک اصول پر کام کرتی ہے۔

**میزریوم:** جلد پر پھیلے ہوئے پھپھولے کے ساتھ چاروطرف گول دائرہ لال رنگ، کھجلی اور رگوں میں جلن اور درد۔

**نیٹرم کلوریٹم:** ہونٹوں پر ہونے والے داد، (قوبا)۔

**رہسٹاکس:** جلد پر حد سے زیادہ کھجلی کرنے والی پھنسیاں اور پھپھولے۔ جلد لال رنگ ہونا اور درد۔ اور سوئی چبھنے والے پھپھولے۔

**مقدارِ خوراک:** شدید حالت میں شروعاتی دور میں ہر آدھے گھنٹے سے ایک گھنٹے پر دس بوندیں تھوڑے پانی میں دیں۔ حالات میں سدھار ہونے پر خوراک کم کر کے 3-2 گھنٹے پر دس سے پندرہ بوندیں کر دیں۔

**ہدایات:** سینے پر یا جسم کے چاروں طرف ہونے والی داد میں R68، کے ساتھ R69، بھی باری باری سے لیں تھوڑے پانی میں دس بوندیں ہر آدھے گھنٹے سے ایک دو گھنٹے پر لیں ۔سدھار ہونے پر خوراک کم کر دیں۔ اگر ساتھ ہی غدود گانٹھ وغیرہ ہو تو R68، کے

ساتھ R1، بھی روزانہ ایک سے دو بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔
ہر پیز زاسٹر کے ساتھ رگوں میں بھی درد ہو تو ساتھ R69، اور R70، دیں۔
کمزوری کی صورت میں تینوں فارمولے کو باری باری سے ہر ایک سے دو گھنٹے پر تھوڑے
پانی میں دس سے پندرہ بوندیں دینا لازمی ہے۔ سدھار ہونے پر خوراک کم کر دیں۔
اینٹی بائیوٹک/اینو بیکران R30 کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ شدید اور پرانے ایگزیما میں R23،
مناسب ہے۔ چیچک کے جیسے دانوں میں R6، کی بھی استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R69

## Drops for pain between the ribs

## پسلیوں کے بیچ ہونے والے درد کے لئے

**اجزاء :** آرسینک ایلب D12، کولوسینتھس D12، رینن کیولس بلب D2، رہسٹاکس D30

**علامات :** پسلیوں کے اندرونی رگوں میں درد، یہ دوا اعصابی درد کیلئے بے حد موثر ہے۔
پسلیوں کی خرابی اور اس کے درمیان ہونے والے درد میں اس دوا کے انتہائی موثر اجزاء شامل اثر کرتی ہے۔ مرکبات کی متفرق تفصیل ذیل ہے۔

**اثرات عمل :** **آرسینک ایلب :** درد جس کے ساتھ سوزش ہو اور گرم سئی لگانے پر آرام محسوس ہو اور تکالیف عموماً آدھی رات کو بڑھ جایا کرتی ہے۔

**کولوسینتھس :** درد میں بجلی کی سی چمک اٹھتی ہو اور پسلیوں کے بیچ میں درد۔

**رینن کیولس بلب :** جسم کے ساتھ تیز درد جو سینے میں بھی درد کا احساس ہو، شدت کی تکالیف۔

**مقدارِ خوراک :** شدید درد کی صورت میں آدھے سے ایک گھنٹے کے وقفہ میں تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں لیں۔ جب آرام محسوس ہونے لگے تو وقت وقفہ بڑھا کر ۱۔۲۔۳ گھنٹے پر دیں۔ مکمل علاج اور دوبارہ نہ ہو اسلئے تھوڑے عرصہ دراز تک دوا کا استعمال جاری رکھیں۔

**ہدایات :** ہرپیز زاسٹر (Herpes Zoster) کے مرض ہو یا پھر پہلے اس مرض میں کبھی مبتلا ہوئے تھے تو ساتھ میں R68 کا بھی استعمال ہر آدھے گھنٹے سے ۱۔۲ گھنٹے پر باری باری سے دیں۔ سوزش کی صورت میں امدادی دوا کے طور پر 70 بھی دیں۔ عرق انساء یعنی لنگڑی کے درد میں R71 مطالعہ کریں۔ پھیپھڑوں کی جھلی کی سوزش میں امدادی دوا کے

طور پر R24 بھی دیں۔ پسلیوں کے بیچ کے رگوں میں درد ہونے کی وجہ سے سینے کی ریڑھ کی ہڈیوں میں درد اور جوڑوں میں سوزش ہو تو R11 بھی دیں۔ ریڑھ کی ہڈی کے منکوں کی خرابی ہو تو بھی R11 کا استعمال کرائیں۔ درد پر لگانے کے لئے ایڈو میریکران R30 استعمال کریں

# ڈاکٹر ریکویگ R70
## Neuralgia Drops

اعصابی درد کے لئے (چہرے اور جسم کے مختلف حصوں میں درد)

**اجزاء :** ایکونائٹم D4، سیڈرون D4، کولوسینتھس D6، کالمیا D3، وربیسکم D2

**علامات :** اعصابی یعنی نسوں میں درد جو خاص کر چہرہ میں زیادہ ہوا کرتا ہے اور ساتھ ہی جسم کے مختلف حصوں میں ہونے والا درد اور اعصابی سوزش۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے میں شامل تمام دوائیں علاج بالمثل کے اصول پر اثر کرتی ہیں اور اس کے استعمال سے ہر طرح کی نسوں میں ہونے والی درد میں مفید ہے۔

**سیڈرون:** درد کے بار بار حملے کی صورت میں دورہ ہو، اس دوا کا خاص تعلق بائیں طرف آنکھوں کے اوپر درد ہونے کے متعلقہ اثرات میں مفید ہے۔

**کولوسینتھس:** اینٹھن کے ساتھ ایسا درد جو متاثرہ حصہ پھٹا جا رہا ہو، لگاتار آنکھوں کے نچلے حصوں میں محسوس ہونے والا درد جو خاص طور پر بائیں آنکھ کی طرف پھیلتا درد۔

**کالمیا:** اچانک تیز درد اور جلن اکثر داہنی طرف آنکھوں کے اوپری حصوں میں درد۔

**وربیسکم:** وقت بے وقت آنکھوں کے نچلے اور اوپری متعلقہ حصوں کے نسوں میں درد اور جلن کے ساتھ، خشک اور ٹھنڈے موسم میں فکر تردد سا محسوس ہونا۔

**مقدارِ خوراک :** شدید درد کی حالت میں ہر پندرہ منٹ سے آدھے گھنٹے پر تھوڑے پانی میں دس بوندیں دیں۔ اور دوبارہ اس مرض میں مبتلا نہ ہو اس کیلئے لمبے عرصہ تک دوا R70، کا استعمال روزانہ تین بار تھوڑے پانی میں کھانے سے قبل لیا کریں۔

**ہدایات:** حسب ذیل دوائیں بتائے ہوئے حالات میں بطور امدادی دوا استعمال کرائی جا سکتی ہے۔ ناک کی سوزش میں ہر ایک سے دو گھنٹے پر R70، کے ساتھ R49، باری باری

سے دیں۔ سر اور بھوں میں درد ہو تو R16، کے ساتھ باری باری سے استعمال کریں۔ پسلیوں کی اندرونی رگوں کی اعصابی درد میں R60، کا مطالعہ کریں۔ عرق النسا میں R71، دیکھیں۔ رگوں کے درد کی وجہ سے ہونے والے جوڑوں کے درد میں R11، استعمال کریں کندھوں اور جسم کے اوپری حصوں میں جیسے بازو، ہاتھ، اور جوڑوں کے درد کیلئے R46، کا مطالعہ کریں اور مالش کیلئے ایڈومیر یکران R30، کا استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R71
## Sciatica Drops
## عرق النساء (نس کا درد) ڈراپس

**اجزاء :** ایکونائٹم D4، آرسینک ایلب D30، کولوسینتھس D4، نیفالیم پالسی فیلم D3، میگنیشیا فاس D8

**علامات :** عرق النساء (لنگڑی کا درد) اور ریڑھ کی ہڈی میں خرابی کی وجہ سے ٹانگوں میں درد، یا ہڈیوں کا جوڑ اپنی جگہ سے ہٹ جانے پر درد ہونا، ٹانگوں میں درد کے دوران چیونٹی چلنے کا احساس اور چبھن والا درد۔

**اثرات عمل :**

**ایکونائٹم :** خشک ٹھنڈی ہوا کی وجہ سے نزلہ زکام، اور ٹانگوں میں چبھن اور درد خاص کر رات کے وقت متاثر حصہ سن ہو جانا۔

**آرسینک ایلب :** سوجن اور جلن کے ساتھ درد، خاص کر آدھی رات میں درد اور گرم پٹی لگانے پر آرام۔

**کولوسینتھس :** تیز درد، ذرا سی بھی حرکت پر شدید درد، بعض وقت ہاتھ لگانے سے پھیلتا ہوا ٹانگوں میں اینٹھن اور کھچاوٹ کے ساتھ درد۔

**نیفالیم پالسی فیلم :** رینگنے کے ساتھ نس کی جڑ میں درد، بیٹھنے سے آرام۔

**میگنیشیا فاس :** رات کے وقت درد گرم پٹی یا سنکائی کرنے اور دبانے سے آرام۔

**مقدارِ خوراک :** شدید حالت شروعات میں ہر پندرہ منٹ سے آدھے گھنٹے پر تھوڑے پانی میں 8 سے 10 بوندیں۔ طبیعت میں سدھار ہونے پر ایک سے دو گھنٹے پر دس سے پندرہ بوندیں دیں۔

**ہدایات :** ریڑھ کی ہڈی کے منکوں کے ہٹ جانے کی وجہ سے یا ہڈی کے اندر خرابی کی وجہ سے

ہونے والے درد و سوزش میں R11 کی دس سے پندرہ بوندیں روزانہ 3-4 بار ساتھ میں دیں۔ بھیگ جانے کے بعد بھی درد ہو تب بھی R11، روزانہ تین بار دس سے پندرہ بوندیں ساتھ میں دیں۔ شکر چینی کا مرض ہو تو R40، کا مطالعہ کریں۔ پسلیوں کے بیچ کا درد ہو تو R69، دیکھیں۔ پراسٹیٹ یعنی مثانے کے غدود بڑھ گئے ہوں جسکی وجہ سے تکلیف ہو تو R25، دیکھیں۔ اگر خون کی خرابیوں کی وجہ سے انگلیاں سن رہتی ہو تو R63، دیکھیں۔ چہرہ کے نسوں میں درد ہو تو R70، کا مطالعہ کریں۔ اور متاثر جگہ پر مرہم کی شکل میں درد کیلئے ایڈمیر بیکران R30، کا استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R72

## Pancreas Drops

## غدود ہاضمہ، لبلبے کے لئے

**اجزاء :** کولوسینتھس D6، لائیکوپوڈیم D6، موموروڈیکا بالسامینا D3، اسپس میلی فیکا D5، فاسفورس D6

**علامات :** ہاضمہ کی تھیلی میں خرابی، لبلبہ یا پنکریاس جسم کا ایک اہم غدود ہے جو معدے کے قریب ہوتا ہے جو غذا استعمال کرتے ہیں اس کے تین اہم اجزاء ہوتے ہیں (۱) نشاستہ (کاربوہائیڈریٹ) یہ زیادہ تر گیہوں چاول اور دوسری قسم کے اناج، سبزیوں اور پھلوں وغیرہ سے حاصل ہوتا ہے (۲) لحمیات (پروٹین) جو زیادہ تر گوشت، انڈہ اور مچھلی سے حاصل ہوتے ہیں (۳) چکنائی (فیٹ) لبلبہ یا پنکریاس ان تینوں ہاضمہ میں حصہ لیتا ہے یہ غدود اور ایسے قدرتی اجزاء تیار کرتا ہے جو آنتوں میں جا کر غذا کو ہضم کر نے میں مدد دیتا ہے اور ایسے بھی اجزاء تیار کرتا ہے جو براہ راست خون میں مل جاتے ہیں یہ ہارمون کہلاتے ہیں اور ان سب میں سے اہم وہ ہارمون ہے جو انسولین کہلاتے ہیں۔ جس کی کمی سے خون میں شکر بڑھ جاتی ہے جس کو ذیابطس کہتے ہیں یہ دوا سوائے ذیابطس کے لبلبہ کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔

**اثرات عمل :** ہاضمہ کی تھیلی کے پرانے سوزش میں پیٹ کے اوپر درد ہوتا ہے۔ درد بار بار ہونے کے ساتھ یہ درد پیٹھ کی طرف جاتا ہے آگے کی طرف جھکنے پر یا اوندھے لیٹنے پر آرام محسوس ہوتا ہے۔ درد کی شدت کھانا کھانے کے 3-2 گھنٹے بعد ہوتا ہے۔ میٹھی غذا بھی ہضم نہیں ہوتی اگر لبلبہ بہت زیادہ متاثر ہو جائے تو چربی یا روغن بغیر ہضم ہوئے اجابت کے ساتھ نکل جاتی ہے اور اجابت میں بغیر ہضم ہوئے غذا کے اجزاء شامل موجود ہو تو پہلے اس بات کا اطمینان کر لینا ضروری ہوتا ہے کہ یہ تکلیفیں معدہ، آنتوں، جگر، یا پتہ کی وجہ سے تو نہیں ہیں۔ لبلبہ کے پرانے ورم میں معدہ کے نیچے بائیں طرف درد ایک اہم علامت ہے جبکہ شدید اور نئے ورم کی صورت میں درد بہت زیادہ اور پیٹ کے اوپر کے حصہ میں محسوس ہوتا ہے ایسی صورت میں مریض کو فوری اسپتال میں داخل کر دینا

ضروری ہوتا ہے اس فارمولے میں جو دوائیں شامل کی گئی ہیں وہ سب لبلبہ کے پرانے ورم اور تمام بیماریوں میں مفید ہے R72 کے اجزاء ہاضمہ کی تھیلی کے سوزش و سوجن سے متعلقہ بھی بیماریوں میں فائدہ مند ہے۔

**ایپس:** چبھن والے درد۔ اور پانی والی سوجن۔

**کولوسینتھس:** پیٹ میں مروڑ والے درد، آگے جھکنے سے آرام محسوس ہو۔

**لائیکوپوڈیم:** نچلے پیٹ میں بائیں طرف پیٹ پھول جانے سے درد۔

**مومورڈیکا بالسا:** پسلیوں کے نیچے بہت زیادہ پھول جانا اور درد۔

**فاسفورس:** پیٹ میں درد، اپھارہ اور تیل جیسا پخانہ ہونا، اور مریض کے جسم میں جگہ جگہ چربی بڑھنا۔

**مقدارِ خوراک:** لبلبہ کے سوزش اور ہاضمہ کی تھیلی کے مرض میں روزانہ تین سے چار بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں دیں۔

**ہدایات:** پیٹ کے اوپری حصہ میں درد کی شکایت ہو تو امدادی دوا کے طور پر روزانہ ایک سے دو بار R5، بھی دیں۔ جگر (لیور) کی خرابی اور پتہ کے مرض میں روزانہ ایک سے دو بار R7، بھی دیں۔ جب درد کی شدت بڑھ جائے تو ظاہر ہے کہ لبلبہ پر ورم ہے تو اس صورت میں (A) روزانہ 4-6 بار 10-15 بوندیں R1، دیں (B) تین بار کھانے سے قبل 10-15 بوندیں R72، دیں۔ اور آرام محسوس ہونے پر خوراک کم کر دیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R73

## Drops for the Joints

### جوڑوں کے درد کے لئے

اجزاء : ایسڈ سلفوریکم D6، آرجینٹم D12، آرنیکا D4، برائیونیا D4، کاسٹی کم ہینی منی D12، لیڈم D3

علامات : ہڈیوں کے جوڑوں کے آس پاس سوزش و سوجن، خاص کر بڑے جوڑوں کا گھٹنے اور کولہے کے سوزش و درد، ریڑھ کی ہڈی میں درد اور سوزش۔

اثرات عمل : اس فارمولے کی دوائیں ہڈی کے جوڑوں کی خرابیوں کو دور کرتی ہے لیکن یہ فائدہ اسی صورت میں ہوتا ہے جب دوا کا استعمال کافی عرصہ تک پابندی سے جاری رہے اس دوا میں جلد فائدہ کی توقع رکھنا صحیح نہیں ہے کیونکہ یہ بیماری آہستہ آہستہ شروع ہوتی ہے اور اسی لحاظ سے ہڈی میں خرابی پیدا ہوتی ہے اور یہی وجہ ہے کہ علاج بھی دیر سے ہوتا ہے۔

**ایسڈ سلفوریکم:** مختلف جوڑوں میں درد ہڈی میں خرابی کی وجہ تکلیف میں انتہائی مؤثر ہے۔

**آرجینٹم:** جوڑوں میں شدید درد ہڈیوں میں خرابی کی وجہ سے۔

**آرنیکا:** جوڑوں میں درد کیلئے۔

**برائیونیا:** سوجے ہوئے، اکڑے ہوئے، زیادہ حرکت کرنے سے تکلیف زیادہ ہونا۔

**کاسٹی کم ہینی منی:** جوڑوں میں بدشکلی اور لکواہ ہوجانے جیسی کمزوری اور اکڑن۔

**لیڈم:** جوڑوں کا گٹھیا جیسا درد اور ہڈی و کولہے میں اینٹھن والا درد۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**مقدارِ خوراک:** شروع میں روزانہ 4-6 بار تھوڑے پانی میں دس سے پندرہ بوندیں دیں۔ 2-3 ہفتے کے بعد خوراک کم کر کے 2-3 بار دے سکتے ہیں۔

**ہدایات:** گٹھیا کا درد، ریڑھ کی ہڈی میں خرابی کی وجہ سے درد، جوڑوں کا درد ہونے پر امدادی دوا کے طور پر R73، کیساتھ دو سے تین بار R11، بھی دیں۔ لنگڑی (عرق النساء) میں R71، بھی دیں۔ پراسٹیٹ مثانہ کی خرابی میں R25۔ عورتوں میں کمر درد اور پیڑو درد میں R50، کا مطالعہ کریں۔ ہڈیوں کی کمزوری اور زم ہو جانے پر گل جانے جیسی صورت میں R34، دیں جوڑوں کی شدید درد و تکلیف میں R1، کے ساتھ R24، لیں۔ کندھے کے جوڑ، بازو اور ہاتھ کے درد میں R46، دیکھیں۔ اور درد کے مقام پر مالش کیلئے ایڈومیر بیگران R30، لگائیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R74

## Drops for nocturnal Enuresis

## نیند میں پیشاب نکل جانے پر

اجزاء : کیلشیم فاس D30، فیرم فاس D8، کیلیم فاس D12، پلساٹیلا D12، سیپیا D6، کاسٹیکم ہینم D30۔

علامات : نیند میں پیشاب نکل جانا یعنی سوتے میں پیشاب ہو جانا مثانہ کی کمزوری رات کو پیشاب کی زیادتی۔

اثرات عمل : اس فارمولے کی ادویہ خاص کمزوری مثانہ کی اور اعصابی کمزوری، کمزور جسم والے مریض، اس دوا کے استعمال سے ان اعصاب کو طاقت حاصل ہوتی ہے اور مثانہ اور پیشاب نکل جانے پر کنٹرول رکھتا ہے۔

کیلشیم فاس: خاص کر کمزور مریضوں پر، جو دبلے پتلے کو موٹا تازہ کرنیوالی دوا ہے۔

پلساٹیلا : بلاارادہ پیشاب نکل جانا خاص کر لڑکیوں میں۔

کیلیم فاس: اعصابی کمزوری، مزاج عام کمزوری اور دبلا پن۔

سیپیا: سوتے ہی پہلی نیند میں بستر پر پیشاب ہو جانا، یہ حالت عام جنسی کمزوری سے متعلق ہوتی ہے۔

مقدارِ خوراک: چھوٹے بچوں کا بستر پر پیشاب کرنا: روزانہ تین بار تھوڑے پانی میں 8-10 بوندیں۔ 2-3 ہفتہ بعد خوراک کم کر کے 2 بار کر دیں۔ یہی خوراک بڑے بچوں کو دینا چاہیے مقدار بڑھا کر 10-15 بوندیں کر دینا چاہیے لمبے عرصہ تک دن میں بار بار 10-15 بوندیں دینی چاہیے۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

## ہدایات:

رات میں پیشاب بستر پر کرنے کی کئی وجوہات ہو سکتے ہیں جیسے کہ مثانہ کمزور، گردے کی خرابی، ریڑھ کی ہڈی میں خرابی اسلئے بہتر ہے کہ اسکی جانچ کرالینی چاہیے۔

گردے مثانے کی خرابی اور پیشاب میں جلن ہو تو R74، کے ساتھ R18، باری باری سے استعمال کریں۔ پراسٹیٹ غدود کے متعلقہ امراض میں R25، دیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R75

## Dysmenorrhoea Drops

### ماہواری کی تکلیف اور درد کے لئے

**اجزاء :** کالوفائم تھیلیک ٹرائیڈD2، کیمومیلاD30، سمی سی فیوگاD3، کیوپرم اسیٹکم D4، میگنیشیم فاسفوریکمD6، وائی برنم اوپیولس D2

**علامات :** ماہواری میں درد اور مروڑ جیسی کیفیت اور سخت اینٹھن کے ساتھ درد۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے میں وہ دوائیں شامل ہے جو خاص طور پر زنانہ اعضاء پر اثر کرتی ہے جیسے جانگھوں میں درد، ماہواری کے دوران اینٹھن، مروڑ والا درد ان تمام تکلیفوں میں مفید ہے۔

**کالوفائم تھیلیک ٹرائیڈ:** پیٹ کے نچلے حصہ (پیڑو) میں اینٹھن کے ساتھ درد کے حملے۔

**کیمومیلا:** اعصاب کی حس بہت زیادہ بڑھی ہوئی ہو۔

**سمی سی فیوگا:** پیٹ کے نچلے حصہ (پیڑو) میں بندوق کی گولی اور بجلی جیسی تیز شدید درد۔

**کیوپرم اسیٹکم:** ماہواری میں بہت زیادہ درد۔

**میگنیشیم فاسفوریکم:** ماہواری سے پہلے شدید دردناک حالات جو خون آنے پر آرام محسوس ہوتا ہے۔

**وائی برنم اوپیولس:** پیڑو میں مروڑ جیسا درد جو ران تک پھیلتا ہوا درد، ماہواری میں بے قاعدگی۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**مقدارِ خوراک:** شدید درد کی حالت میں ہر 15 منٹ سے 30 پر تھوڑے پانی میں 10 بوندیں لگاتار دیں۔ آرام محسوس ہونے لگے تو خوراک کم کر کے 1-2 گھنٹے پر 10 سے پندرہ بوندیں لیں۔ لمبے علاج کیلئے روزانہ 2-3 بار تھوڑے پانی میں 10-15 بوندیں دیں۔

**ہدایات:** اگر ماہواری میں خون زیادہ آئے یا وقت سے پہلے یا کسی طرح کی بے قاعدگی ہو تو R28، کا مطالعہ کریں۔ اگر اینٹھن پورے پیٹ میں پھیلی ہوئی ہو تو R37 کا استعمال کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R76
## Asthma Forte Drops
## دمہ کی بیماریوں کے لئے فورٹ ڈراپس

**اجزاء :** ایکونائٹم D3، ایگی وسناگا D2، کان ویلیر یا مجلس D1، ڈروسیرا D1، کالی یم آیوڈیئم D3، لوبیلیا انفلیٹا D3، مینتھولم D2، اسٹرے مونیم D3، ای تھیول ایکواپیور۔

**علامات :** دمہ کی بیماری کیلئے یہ دوا خاص اور مجرب نسخہ ہے۔ سانس کی نالیوں، پھیپھڑوں اور دل پر دمہ کے دباؤ کو کم کر کے مریض کو فوری سکون پہنچاتا ہے۔

**اثرات عمل :**

**ایکونائٹم:** سانس لینے میں دقت اور تیز، گھٹن سینے میں بائیں جانب درد اور جلن کا احساس، حرکت کرنے پر تکلیف اور رات کو شدید، تمباکو کے دھوئیں ٹھنڈے اور خشک موسم میں زیادتی، ڈر خوف اور پریشانی کا احساس۔ اور سینے میں چھری چبھونے جیسا درد، گھبراہٹ۔

**ایگی وسناگا:** دوران خون کی خرابی۔ اور دل کی بیماری۔

**کان ویلیر یا مجلس :** دل کے فعل کو تقویت دیتا ہے دل کی رفتار کو معتدل رکھتا ہے نبض تیز، سینے میں چھرا چبھونے والا درد۔

**ڈروسیرا:** جسم کا رنگ پیلا پڑ جانا اور الٹی ہونے کے ساتھ جسم کو اینٹھا دینے والا دمے کا دورہ۔

**کالی یم آیوڈیئم:** علاج کو زود موثر بنانے کیلئے خاص ہے، اور کمزوری دور کرنے کیلئے۔ صبح اٹھتے وقت بلغم نکلنا، نزلہ زکام کی کیفیت سانس کی تنگی۔

**لوبیلیا انفلیٹا:** سانس کی نالی میں تکلیف دمہ کی وجہ سے عام کمزوری قلب بند ہونے

کا احساس، اینٹھن وچبھن کا احساس۔

**میتھولم:** سانس لینے میں آرام پہنچاتی ہے۔

**اسٹرے مونیم:** سینے کے اندر تنگی سکڑن کا احساس، آواز کے ساتھ سانس لینا۔

**مقدارِ خوراک:** روزانہ 3 بار تھوڑے پانی میں 20 بوندیں دیں۔ دورہ پڑنے پر ہر 5-10 منٹ پر 10 بوندیں دیں۔

**ہدایات:** سانس کی نالیوں کی خرابیاں اور سینے و پھیپھڑے میں بھی کوئی تکلیف ہو تو R48 کا استعمال کریں امدادی دوا کی شکل میں۔ حلق کی بیماری اور آواز میں خرابی ہو تو R45، بھی استعمال کریں۔ دل کی تکلیفوں میں سکون بخشنے کیلئے R3، اور دل کی بیماریوں میں R2، بھی دے سکتے ہیں۔ آرام و سکون کیلئے R14 اور وٹامن 15 کا بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R77
## Anti-Smoking Drops
### تمباکونوشی (سگریٹ) چھڑانے کے لئے

**اجزاء :** اگیری کس D5، ایکی نیشیا اینگسٹی فولیا D10، نیٹرم کلوریٹم D2، روبی نیا D6، نیا کم D4

**علامات :** تمباکونوشی کے مضر اثرات سے ہر شخص واقف ہے۔ مثلاً کثرت تمباکونوشی سے سر میں درد ،دوران خون میں کمی، متلی، پیٹ میں درد، قبض، دھڑکنوں میں بے قاعدگی، جگر (لیور) کے متعلقہ امراض، کان کے نیچے پردے میں سوزش، غدود کے امراض گلے کی بیماری، کھانسی، کینسر، ٹی بی، معدے کی خرابی (Smaker's leg) پیروں میں کمزوری۔

**اثرات عمل :** اس فارمولے میں وہ تمام اجزاء شامل کئے ہیں جو تمباکو کے نقصان دہ مضر اثرات کو ختم کرنے کے ساتھ جسم میں بیماریوں سے لڑنے کی طاقت پیدا ہوتی ہے اور پھر سے دوبارہ خون کے اندر تازگی آجاتی ہے اگر تمباکونوشی چھوڑ دیا جائے تو ممکن ہے کہ آپ پھر پہلے والی تقویت و توانائی حاصل کرسکتے ہیں۔

**اگیری کس:** شدید کھانسی، دل کی دھڑکن کی بے قاعدگی، لیور میں سوجن، پیٹ میں درد اور متلی۔

**ایکی نیشیا اینگسٹی فولیا:** بیماریوں سے لڑنے کی طاقت کو بڑھاتی ہے اور گلے کی خراش اور سوزش (Lymphatic) کو طاقت دیتی ہے۔

**نیٹرم کلوریٹم:** کنپٹی سمیت سر درد، گھبراہٹ، دھڑکن میں بے قاعدگی خشک پیخانہ ہونے کیساتھ قبض کی شکایت۔

**وبی نیا:** کثرت تمباکونوشی کے استعمال سے پیٹ میں درد، اور پیٹ میں سوزش۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لئے

**ٹیباکم:** رنگ پیلاپن، پسینہ زیادہ آنا، ڈروخوف کا احساس، ہاتھ پیر کا ٹھنڈا ہونا، سرچکرانا، متلی اورالٹی ہونا، اوراعصابی خرابیاں ان تمام مرض کیلئے مفید ہے۔

**مقدارِخوراک:** روزانہ تین بارتھوڑے پانی میں 15-20 بوندیں دیں۔ مضر اثرات کومکمل طور پرختم کر نے کیلئے لمبے عرصہ تک دوا کا استعمال کریں۔

**ہدایات:** تمباکونوشی کے عادت چھوڑنے میں دقت محسوس ہوتو امدادی دوا کے طور پر ویٹاسی 15 فورٹ ماتک لینی چاہیے۔

# ڈاکٹر ریکویگ R78

## Eye Care Drops for Oral Administration

### آنکھوں کی حفاظت کے لئے مخصوص ڈراپس

**اجزاء :** ایکونائٹم D4، ایپس میلی فی کا D4، بیلا ڈونا D4، یوفوربیا سپری سیس D3، یوفاریم D4، یوفریشیا D2، ہیما میلس D2، کالی یم کاربونیکم D4، مرک یورس بائی آیوڈٹس D5، رہسٹاکس D4، روٹا D2، اسکروفیولیریا نوڈوسا D2، اسپائی جیلیا D4، اسٹفی سیگریا D4، سلفر D4۔

**علامات :** آنکھوں کی جھلی کا پرانا سوزش، آنکھوں کی جھلی نزلہ زکام کی وجہ سے سوجن وسوزش، آنکھوں میں تھکان، دھندلا پن، ایک کی جگہ دو دکھائی دینا، آنکھوں کی کمزوری، موتیابند۔

**اثرات عمل :**

**ایکونائٹم:** یہ دوا درد سے راحت دلاتی ہے۔

**ایپس میلی فی کا:** سوئی چبھنے جیسا درد اور سوجی ہوئی لالی کی سوزش۔

**بیلاڈونا:** آنکھوں کی سرخی اور درد، جلدی جلدی جھپکنا اور پلکوں کی سوزش۔

**یوفوربیا سپر سیس:** آنکھوں کی جھلیوں کی چوبھن میں۔

**یوفاریم:** آنکھوں سے پانی نکلنا، آنکھوں کی پرت جھلی سے پانی بہنے کے ساتھ سوزش۔

**یوفریشیا:** آنکھوں کی تھکان اور چودھیانا، آنکھوں کے اندر کی جھلیوں کی سوزش، پلکوں اور بھوں کی سوزش، آنکھوں پر زخم یا پھنسی (Ulcus)۔

**ہیما میلس:** آنکھوں میں درد اور سرخی جیسے خون اتر آیا ہو، آنکھوں کی تھکان۔

**مرک یورس بائی یوآیوڈٹس:** پلکیں اور بھوں کی سوزش اور آنکھوں کی بینائی کی

سوزش، پلکوں اور بھوں کی جلن زیادہ بائیں طرف۔

رہسٹاکس: آنکھوں کے اندر کی تھکان سے ہونے والی تکلیفیں۔

اسکروفیولیریا نوڈوسا: آنکھوں میں گانٹھ بننے والی بیماریوں کے لیے۔

اسپائی جیلیا: نزلہ زکام سے ہونے والی آنکھوں میں جلن۔

اسٹافی سیگیریا: پلکوں کی گلٹی میں مفید ہے۔

سلفر: پلکوں پر سرخ دانے کی شکل میں پیپ ،دوا، سوجن (Purulent)۔

**مقدارِ خوراک:** روزانہ تین بار تھوڑے پانی میں بیس بوندیں دیں۔

**ہدایات:** سوزش کی جگہ نئی و پرانی نزلے اور پیپ بنے (Purulent) کی صورت میں امدادی دوا R1 کا استعمال کریں۔ ساتھ میں آنکھوں میں ڈالنے والی دوا ریکوییگ کی الکحل والی سینریریا آئی ڈراپس جو آنکھوں کے لئے مفید ہے۔

# ڈاکٹر ریکویگ R81

## Maldol-Analgesic

### درد کو دور کرنے والی دوا

**اجزاء :** اینا میرٹا کا کیولس D4، ارینیا ڈیاڈیما D4، سیمی سی فیوگا ریسموسا D4، سیٹرولس کولو سینتھس D4، سائکلامین یوروپیئم D4، جل سمیئم سمپر ویرنس D3، جنگو بائلوبا D3، اسپائی جیلیا انتھیلمیا D4۔

**علامات :** سر درد، اعصابی درد، پٹھوں کے درد جوڑوں کا درد۔

**اثرات عمل :**

**اینا میرٹا کا کیولس :** مختلف وجوہات کی بنا پر سر چکرانے کی شکایت سر کے پچھلے حصے گدی کے مقام پر شدید درد، تشنجی درد اور ماہواری کا درد۔

**ارینا ڈیاڈیما :** اعصابی درد، خون کے دباؤ کی غیر طبعی کیفیت، جوڑوں کا درد۔

**سیمی سی فیوگا ریسموسا:** عضلات اور پٹھوں جو ریڑھ کی ہڈی کی مہروں کی خرابی سے لاحق ہو، دل کے پٹھے متشنج ہونے سے پیدا شدہ درد۔ اور عورتوں کے جانگھوں میں دردناک اینٹھن۔

**سیٹرولس کولوسینتھس:** معدہ، آنتوں، صفرا کے گزرنے کے راستے اور آلات بول مثانہ سے متعلقہ تشنجی اینٹھن والا درد، اور اعصابی درد، چہرے کا درد، لنگڑی کا درد عرق النساء۔

**جل سمیئم سمپر ویرنس:** سر درد، (Convulions) اعضاء جسمانی کی اینٹھن۔

**اسپائی جیلیا انتھیلمیا:** دل کا درد اور ورم قلب کی شکایتیں اعصابی درد، سر درد۔

**سائکلامین یوروپیئم:** سر درد (آدھا سی سی) اور ماہواری میں درد۔

جنگو بالموبا: درد سر اہل قلم حضرات کے ہاتھوں میں کپکپاہٹ۔

**مقدارِ خوراک:** عام حالت میں روزانہ 3-4 بار کھانے سے قبل تھوڑے پانی میں پندرہ بوندیں دیں۔ شدید میں ہر آدھے گھنٹے سے ایک گھنٹے پر 15-20 بوندیں۔

**ہدایات:** آدھے سر کے درد میں R16، سر کی اعصابی سوزش میں روزانہ 3-6 بار تھوڑے پانی میں 10-15 بوندیں R1، بھی استعمال کریں۔ اعصابی سوزش اور درد کیلئے R70، کا مطالعہ کریں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R82

## Mycox- Anti Fungal Drops

## مائی کاکس۔ پھپھوندی کی بیماری کے لئے

**اجزاء :** اسپرجیلس نائگر D12، کینڈیڈا ایلبی کنس D30، کلے مائی ڈیا ٹریکومیٹس D30، ایکی نیشیا انگسٹی فولیا D12، مائی کوسیس فنگا ئڈس D12، پینسیلینیم D12، ٹیکوما D5، زنکم میٹالیکم D10

**علامات :** پھپھوندی کی جیسے داد کھجلی (Jockitch) پیروں کی داد، ہاتھ۔پیروں کی جلد (چمڑی) سے سفید پپڑیاں جھڑنا، گلے میں چھالے، کان میں کھجلی کے ساتھ درد، انگلیوں کی ناخون کے نیچے سفید رنگ ہونا، اندام نہانی میں تخمیر کی کیفیت نیز اس کے علاوہ جلد پر فنگس کے دیگر اثرات۔اندرونی تکالیف میں مندرجہ ذیل کیفیات شامل ہے فنگس (پھپھوندی) کے ایسے موبی اثرات جس میں سفید رنگ والی تخمیری کیفیت تو پیدا ہوتی ہے لیکن اس میں کھجلی کے سے سمام نہیں ہوتے مریض تھکا ماندہ اور چڑچڑا ہوا۔واضح طور پر سوچنے سمجھنے کے قابل نہ ہو ذہنی ایکسوئی کا فقدان ہو۔مریض عدم اطمینان کا شکار ہو۔میٹھی اشیا کی زبردست خواہش ہو۔ریح کی زیادتی اور الرجی کی نوعیت کی حساسیت زیادہ بڑھ جائے۔

**اثرات عمل :** اسپرجیلس نائگر: کینڈیڈا ایلبی کنس: مائی کوسیس فنگا ئڈس: پینسیلینیم: یہ تمام اجزاء جسم کی قوت مدافعت کو تحریک بہم پہنچا کر افاقہ کا باعث بنتی ہے اور آرام دیتی ہے۔ریسرچ کی خاطر دس تندرست افراد کا خون حاصل کر کے اس کا خرد بینی معائنہ کیا گیا اور اس امر کا مشاہدہ کیا گیا کہ عام حالت میں پھپھوندی کے خلاف خون کے سفید ذرات کی کارکردگی کیسی ہے۔اس کے بعد پھپھوندی سے تیار کردہ نوسوڈیز (Nosodes) انہی افراد کو استعمال کروانے کے تیس منٹ بعد دوبارہ انکا خون حاصل کر کے خردبینی (Microscope) معائنہ کیا گیا تو معلوم ہوکے خون کے سفید ذروں کی پھپھوندی کے خلیوں کا خاتمہ کرنے والی کارکردگی میں ۲۵ تا ۳۰ فیصد تیزی آتی ہے۔

**کلے مائی ڈیا ٹریکومیٹس:** ریکٹے ٹسیا (Rickkttsia) بیماری کے علاج کیلئے اور پھپھوندی (Fungal) اور جڑے کی بیماریوں کو روکنے کی خاص ہومیو پیتھک دوا۔

**ایکی نیشیا انگسٹی فولیا:** لیس دار کو دور کرتی ہے اور بیماریوں سے لڑنے کی طاقت پیدا کرتی ہے۔

**زنکم میٹالیکم:** دماغ صاف طور پر سوچنے سمجھنے کے قابل نہ ہو، ذہنی یکسوئی کا فقدان ہو علاوہ بریں اس کا استعمال جست کی مطلوبہ مقدار کو مناسب نشو ونما کے لئے جسمانی نظام میں جذب کرنے کا وسیلہ بنتا ہے۔

**ٹیکوما:** پھپھوندی کے اثرات کو زائل کرنے والی یہ سب زیادہ قوی الاثر دوا ہے۔

**مقدارِ خوراک:**

بیرونی اثرات (خارجی) کے لئے R82، کی کچھ بوندیں متاثر مقام پر دن میں دو بار لگائیں۔ باہری استعمال کیلئے R82 بے حد مفید ہے۔ ہلکے روئی کے پھاہا سے بچوں کے کان میں بھی لگا سکتے ہیں لیکن خیال رہے کہ کان کا پردہ پھٹا ہوا نہ ہو۔

**اندرونی استعمال:** روزانہ تین بار دس بوندیں دیں۔ اس مقدار خوراک سے زیادہ شدید جلاب یا بار بار بیت الخلا جانا آئے اور پتلا پاخانہ آئے تو خوراک کم کر دینی چاہیے۔ روزانہ تین بار ایک بوند لینی چاہیے اور پھر دھیرے دھیرے بڑھا کر معمول کے مطابق کر دینی چاہیے۔

**حفظ ما تقدم کے طور پر:** مرض کے دوبارہ عود کر آنے کے سدباب کیلئے۔ ہر ایک دن چھوڑ کر پانچ بوندیں لیں۔ اگر الکوحل نا قابل برداشت ہو تو ایک گلاس گرم پانی میں دس بوندیں لیں۔ الکحل کو ایک منٹ کیلئے پانی میں آمیز باہم ہونے کیلئے چھوڑ دیں۔ دو سال سے کم عمر کے بچوں کے لئے باہر سے پیٹ پر بوندیں لگائیں اور اس بچے سے ملنے کیلئے کہیں۔

**ہدایات:**

سوزش کیلئے R1، کا استعمال کرائیں۔ پیشاب کے راستے میں پھپھوندی ہو تو R18،

کا استعمال کریں۔ ہاضمہ کی خرابی اور آنتوں میں مروڑ و اینٹھن ہو تو R25، کا استعمال کریں۔ پراسٹیٹ سے متعلقہ امراض ہونے پر R25، دیں۔ ماہواری کی خرابی کی شکایت میں R28، کا استعمال کریں۔ زنانہ امراض اور کمر و ریڑھ کی ہڈی کا درد ہو تو R50، اور R75، کا استعمال کریں۔ اور جلدی امراض میں مچھلی کے چھلکوں کی طرح سے پپڑیاں اکھڑنے میں R65، کا استعمال کریں۔ بیماریوں کے اثرات دور کرنے اور طاقت پہنچانے کیلئے R26، اور R60، کا استعمال کریں۔ ساتھ سر میں درد ہونے پر R16، کا بھی استعمال کریں۔

**مرض کو پیدا کرنے والے اسباب:** وہ جملہ عوامل یعنی مرض سے محفوظ رکھنے والی طبعی صلاحیت کو دبانے کا باعث بن سکتے ہیں۔ پھپھوندی کی افزائش کا سبب بن سکتے ہیں ایسے خاص خاص اسباب مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) اینٹی بایوٹک ادویہ کا غلط استعمال۔

(۲) مانع حمل (حمل نہ ٹھہرنے) والی گولیاں کا استعمال۔

(۳) مٹھائیاں (صاف شدہ، چینی، شہد)۔

(۴) پارے یا کسی دوسری خام دھات کا مرکب۔

(۵) ایسے اثرات جو آنتوں کے اندرونی طبعی اور مطلوبہ بیکٹیریا کو اتھل پتھل کر دیں۔

(۶) تناؤ نا واجب مشقت۔

علاج سے بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے ضروری کہ مندرجہ بالا امکانی اسباب سے حتی الوسع بچاؤ کی کوشش کی جائے۔ اور تناؤ سے دور رہیں۔

# ڈاکٹر ریکویگ R83

## Food-Allergy Drops

## غذائی الرجی ڈراپس

**اجزاء :** ایڈرینالینم D5، کافیا D6، D12، D30، فیکس میڈیسنلس D6، D12، D30، ہیپر D6، ہسٹامینم D30، لیک D6، D12، D30، سیکرم D6، D12، D30، سولینم لائیکوپرسیکم D6، D12، D30، سولینم ٹیوبروسم D6، D12، D30،

**علامات :** غذائی الرجی یعنی کھانے پینے کی چیزوں سے الرجی کیلئے یہ دوا اکسیر کا درجہ رکھتی ہے۔

**اثرات عمل :** **کافیا: فیکس میڈیسنلس: لیک: سیکرم: سولینم لائیکوپرسیم: سولینم ٹیوبروسیم:** مندرجہ بالا تمام اجزاء کا استعمال الرجی پیدا ہونے والی بیش حساسیت کا کم کرتا ہے۔

**ایڈرینالینم:** الرجی (Allergic) علامتوں کے خلاف الرجی کی کیفیت کا خاتمہ کرتی ہے۔

ہسٹامینم: جسم میں اس دوا کے دافع ہسٹامین اثرات الرجی کے خاتمہ کیلئے اکسیر ثابت ہوتے ہیں۔

**مقدار خوراک :** عام حالت میں روزانہ تین بار 5-10 بوندیں مستعمل ہیں۔ تاہم بعض کیس ایسے بھی ہو تے ہیں جن کی علامات اس مقدار خوراک سے شدید اختیار کر سکتی ہیں۔ ایسے نوعیت میں ایک گلاس پانی میں دوا کی بوندیں ملا کر رکھ لیں اور تھوڑے تھوڑے مقدار میں مریض کو پلاتے رہیں۔

**ہدایات:** غذائی الرجی والے مریضوں (Food allergy) کو اس دوا کے ساتھ R16، R37، R43، R49، کا بھی استعمال کرنی چاہیے۔

صرف رجسٹرڈ معالجوں کے لیے

مرض کو پیدا کرنے والے اسباب: جسم و دماغ پر بہت زیادہ زور پڑنا، حد سے زیادہ کام کاج کا دباؤ پڑنا۔ ایسے عوامل جو شرکی اعصاب کیلئے بہت زیادہ محرک ثابت ہوں وہ نتیجہ کے طور پر جسم میں موجود اس طبعی استعداد کو کمزور کر دیتے ہیں۔ بالآخر جسم کے اندرونی نظاموں میں عدم توازن پیدا ہو کر ایلرجی کی کیفیت میں تبدیل ہو جاتی ہے۔

# ڈاکٹر ریکویگ R84

## Inhalent - Allergy Drops

## سانس کے ذریعہ پیدا ہونے والی الرجی ڈراپس

**اجزاء :** ایڈرینالینم D5، ہلی اینتھیلیم D30، فنجائی D30، سیمین اٹپولین گریمنیس D30، پل وس ہربے انوٹاکس D30، ہیسٹامینم D30، پولن D12، D30

**علامات :** سانس کے ذریعہ کسی قسم کے ذرات وغیرہ نظام تنفس میں داخل ہو جانے کی وجہ سے لاحق ہونے والی الرجی کے لئے یہ دوا نہایت مفید ہے۔

